URDU SOFT BOOKS
DOWNLOAD URDU PDF BOOKS AND ALL MONTHLY DIGESTS
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM
PDF

قیمت فی شمارہ 50 روپے

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ®

138


دسمبر 2017ء ربیع الاول 1439 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

اس میں چھپا ہے زندگی کا طوفان

## انوکھی سچی داستان: اہل فن بوائے کروڑپتی اور بزنس مین کیسے بنا؟

- نارمل ڈیلیوری کیلئے میرا اور میری بہن کا آزمودہ عمل
- رانگ نمبر تنگ کرتا تھا! یہ عمل آزمایا اور کرم ہوگیا
- موٹاپے سے نجات کیلئے 110 فیصد گارنٹی شدہ ٹوٹکہ
- 18 سال سے آزمودہ سینے کا راز' قارئین کے نام
- ٹانگوں اور کمر کا درد یوں ختم جیسے کبھی تھا ہی نہیں
- گندم الرجی! اسباب' علاج اور متبادل غذا
- انٹرو




گھریلو مشکلات' الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔




حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی احمد پور شرقیہ آمد
31 دسمبر 2017 بروز اتوار

مسمی کے چھلکوں' بیج سے قدرتی

DECEMBER 2017

URDU SOFT BOOKS
DOWNLOAD URDU PDF BOOKS AND ALL MONTHLY DIGESTS
WWW.URDUSOFTBOOKS.COM

# نہایت اہم التماس

قارئین انتظار کے لیے معذرت خواہ ہیں لیکن آپ بخوبی واقف ہیں کے دُنیا میں ہر کوئی اپنے کاروبار کے لیے محنت کرتا ہے تا کہ منافع حاصل کر سکے لیکن اگر ہماری وجہ سے کسی کے کاروبار کو نقصان کا اندیشہ ہو تو ہمیں جان بوجھ کر ایسا نہیں کرنا چاہیے۔ دیکھیں ہر ڈائجسٹ کے پبلشر بہت محنت کے ساتھ ہر مہینے ڈائجسٹ شائع کرتے ہیں تا کہ وہ مارکیٹ میں فروخت ہو سکے اور اُن کو منافع حاصل ہو سکے لیکن آج کے اس انٹرنیٹ دور میں جب وہی ڈائجسٹ یا رسالہ مارکیٹ میں پوری طرح آنے سے قبل ہی آن لائن پی ڈی ایف میں مل جائے تو مارکیٹ سے خریداری بہت کم رہ جاتی ہے جس کی وجہ سے پبلشر کا بہت نقصان ہوتا۔ لہذا اس سارے معاملے کو خاطر میں رکھتے ہوئے urdusoftbooks.com کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کے آئندہ ماہ سے کوئی بھی ڈائجسٹ رواں مہینہ کی **30** تاریخ سے پہلے Upload نہیں کیا جائے گا تا کہ پبلشرز کا نقصان نہ ہو۔

# خوشخبری

انشااللہ آئندہ urdusoftbooks.com پر تمام ڈائجسٹ بغیر واٹر مارک کے Upload ہوا کریں گے تا کہ قارعین کو پڑھنے میں دکت کا سامنا نہ کرنا پڑے

قارئین سے مزید درخواست ہے کہ urdusoftbooks.com کے لیے اپنے ویب براوزر سے Adblocker ڈس ایبل کر دیں تا کہ ویب سائٹ پر سپانسر اشتہارات نظر آ سکیں اور ویب سائٹ کو تھوڑی سی آمدن ہو سکے انہی سپانسر اشتہارات کی آمدن سے ویب سائٹ کے ماہانہ اخراجات پورے کیے جاتے ہیں لہذا آپ کا تھوڑا سا تعاون urdusoftbooks.com کو مستقل آن لائن رکھنے میں بہت مدد گار ثابت ہوگا۔ شُکریہ

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (القرآن)

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 6 | جلد نمبر 12 | دسمبر 2017ء ربیع الاول 1439 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

# ماھنامہ عبقری لاہور

دسمبر 2017ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان، راشد شمسی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

## تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

**قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان:** اقبال نے آپ کے سامنے ایک واضح اور صحیح راستہ رکھ دیا ہے جس سے بہتر کوئی دوسرا راستہ نہیں ہو سکتا۔ وہ دورِ حاضر میں اسلام کے بہترین شارح تھے کیونکہ اس زمانے میں اقبال سے بہتر اسلام کو کسی نے نہیں سمجھا۔ مجھے اس کا فخر حاصل ہے کہ آپ کی قیادت میں ایک سپاہی کی حیثیت سے کام کرنے کا موقع مل چکا ہے۔ میں نے اس سے زیادہ وفادار رفیق اور اسلام کا شیدائی نہیں دیکھا۔ (ہفت روزہ حمایت اسلام لاہور' 6 مارچ 1941ء)

| | |
|---|---|
| حرم کے پاس کوئی اعجمی ہے زمزمہ سنج | کہ تار تار ہوئے جامہ ہائے احرامی! |
| حقیقتِ ابدی ہے مقامِ شبیریؓ | بدلتے رہتے ہیں اندازِ کوفی و شامی! |

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

## عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آ رہی ہیں۔

**ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔**

## فہرست مضامین




| صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|
| 3 | دولت اور زمین بے وفا |
| 4 | اب بھی وقت ہے عیاش من کو منا لو! |
| 5 | محل میں لگی پرانی تصویر نے خزانہ کی نشاندہی کی اور خزانہ مل گیا |
| 6 | بچوں کو سردیوں میں صحت مند رکھنے کے ٹوٹکے |
| 7 | دوران ڈکیتی آیۃ الکرسی کا کمال! |
| 8 | غصہ نہ کریں! پھیپھڑے کمزور ہو جائیں گے |
| 9 | گندم الرجی! اسباب' علاج اور متبادل غذا |
| 10 | ربیع الثانی! کمال ولایت کا پہلا راز |
| 11 | اولیاء اوچ شریف کے روحانی وظائف |
| 12 | مکی کے چھلکوں اور بیج سے نظر کی کمزوری اور جالا ہمیشہ کیلئے ختم |
| 13 | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج |
| 14 | طبی مشورے |
| 15 | میری زندگی کیسے بدلی؟ |
| 16 | جو چاہتی ہوں رب سے لے لیتی ہوں! عمل جان لیں! |
| 17 | بڑھتی طلاقیں' خدارا! بچوں کیلئے خود کو بدل لیں! |
| 18 | حسین ہونے کیلئے ان اصولوں کا جاننا انتہائی ضروری ہے! |
| 19 | شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ |
| 20 | نظر بد اور جادو جنات وغیرہ کا توڑ اور علاج |
| 21 | آپ کا سوال' حضرت علامہ لاہوتی کا جواب |
| 22 | کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے |
| 23 | میری فٹنس کا راز میرے آزمودہ ٹوٹکے |
| 24 | آئیے! باسی روٹی کی قدردانی کریں |
| 25 | نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ گھریلو علاج |
| 26 | کاغذ پر دو لائنیں لگا کر استخارہ کیجئے! انوکھا عمل |
| 27 | بچو! کیا کبھی آپ کسی غریب کی عیادت کرنے گئے ہیں؟ |
| 28 | جنات کیساتھ گھومتا ہوں انہیں جاگتی آنکھوں سے دیکھتا ہوں |
| 29 | بے گناہ کو طلاق دلوانے کا انجام' اپنی بیٹی کا گھر اجڑ گیا |
| 30 | قارئین کے سوال' قارئین کے جواب |
| 31 | آپ کا خواب اور روشن تعبیر |
| 32 | ماں کی دم توڑتی سانسیں اور بیٹے کی بے حسی |
| 33 | خواتین پوچھتی ہیں؟ |
| 34 | انڈے کو ہلکا نہ سمجھیں! اس میں چھپا ہے انرجی کا طوفان |
| 35 | قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں |
| 37 | روغن کلونجی میں چھپا ہر مرض کا انوکھا علاج |
| 38 | بارگاہ نبوتؐ میں مقام پاکستان اور پاک فوج |
| 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 41 | آئس لولائے کروڑ پتی اور بزنس مین کیسے بنا؟ انوکھی سچی داستان |
| 42 | صحت کو چکو تا اور بیماریوں سے بچنا ہے تو پھر بجا لیجیے!!! |
| 43 | آیئے! اپنے رب کی دہلیز پر ہمیشہ کیلئے سر رکھ دیں |
| 44 | مہنگائی کے جن کو قابو میں کرنے کا آزمودہ ترین ٹوٹکا |
| 45 | قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے |
| 47 | موتی مسجد جا کر نوافل کے ذریعے مراد میں پانے والے |
| 48 | بہنوں بیٹیوں کے رشتوں کی پریشانی درود شریف سے ختم |
| 49 | عبقری رسالہ' کتب' ادویات آپ کے شہر میں |


ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

ایجنسی ہولڈر اپنی مہر لگائیں

# فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

**خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن**

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

E mail:contact@ubqari.org | 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس

محمد طارق محمود ناشر نے از اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

مزنگ چونگی نزد قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

# شفائے حیرت سیرپ

## ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ

ہر قسم کی کھانسی، الرجی، دمہ، سانس کا پھولنا، مسلسل ریشہ، بلغم، موجودہ دور کی آلودہ زندگی، آلودہ فضا اور آلودہ غذائیں ان امراض کی وجہ ہیں۔ سانس کا دوسرا نام زندگی ہے اور پھیپھڑے (Lungs) سانس کے نہایت اہم اور مخصوص آلات ہیں۔ پھیپھڑوں کی ذراسی خرابی سانس کے سارے نظام کو درہم برہم کرڈالتی ہے۔ پھیپھڑے کھانسی سے متأثر ہونا شروع ہوجاتے ہیں کیونکہ کھانسی نئی ہو یا پرانی جان لیوا ہوتی ہے۔ کھانسی کا جب دورہ پڑتا ہے تو کھانستے کھانستے مریض کا سانس الٹ جاتا ہے مریض نے اگر کچھ کھایا ہوا ہو تو قے کے ذریعے نکل جاتا ہے۔ چہرہ سرخ ہوجاتا ہے آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ مرض بڑھتے بڑھتے دمہ یا ٹی بی کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔ "شفاء حیرت" کھانسی کی ہر قسم مثلاً خشک کھانسی، دورے والی کھانسی، کالی کھانسی، بلغمی کھانسی، موسم سرما و گرما کی کھانسی، زبان اور حلق میں خشکی، سوجن اور کانٹے چبھنا، گلے کی خراش، گلے کا بیٹھ جانا تمام امراض کیلئے اکسیر ہے۔ "شفاء حیرت" ماہنامہ عبقری کا بااعتماد سیرپ ہے۔ مجھے ایسے کئی مریض ملے حتیٰ کہ ایک مریض تقریباً تین سو بار چھینکتا تھا جسم اور دماغ خالی ہوگیا تھا وہ کسی کام کا بھی نہیں رہا تھا، اس پر مایوسی چھاگئی تھی۔ اسے کسی نے "شفاء حیرت" استعمال کرنے کا مشورہ دیا چونکہ وہ ادویات سے بددل لاچار اور مایوس ہوچکا تھا اس نے کسی کے اصرار پر "شفاء حیرت" کی چند خوراکیں استعمال کیں۔ اسے امید کی کرنیں نظر آئیں تو اس نے مزید "شفاء حیرت" منگوا کر استعمال کیا۔ روز بروز ایسا فائدہ ہوا کہ اس کی آس و امید کے دن نکل آئے۔ اندھیری رات ختم ہوگئی۔ وہ کیا بلکہ پورا علاقہ "شفاء حیرت" کا فریفتہ ہوگیا۔ کیونکہ یہ "شفاء حیرت" میں استعمال شدہ قیمتی جڑی بوٹیوں کا کمال ہے۔ "شفاء حیرت" پھیپھڑوں کی کمزوری، پھیپھڑوں کے زخم، نظام تنفس کی تمام خرابیوں، سانس کی خشکی، ہوائی نالیوں کی خشکی اور خشونت، نزلہ و زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے۔ "شفاء حیرت" پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے۔ نظام تنفس کے جملہ امراض کا شافی علاج ہے۔ "شفاء حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے دورے والا دمہ ختم ہوجاتا ہے۔ گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔ "شفاء حیرت" میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو جراثیمی کارکردگی کو بے اثر بناتے ہیں۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ قیمت: 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

## "بنفشی قہوہ" کے ساتھ "شفاء حیرت" کا استعمال سونے پر سہاگہ ہے۔

# بنفشی قہوہ

## دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج

یوں تو نزلہ زکام پوری دنیا کا عالمگیر مرض ہے لیکن پاکستان میں بھی یہ مرض عام ہے اس مرض کیلئے "بنفشی قہوہ" بہت آزمودہ اور اپنے افعال کے لحاظ سے بہت مؤثر ثابت ہوا ہے۔ نزلہ، الرجی، کھانسی، بلغم، ناک بہنا، ناک بند ہونا عموماً ناک ابھرنے کیساتھ یا تو ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہوجاتی ہے یا گوشت بڑھ جاتا ہے جسکی وجہ سے ناک کے اوپر پیشانی پر بوجھ اور دباؤ رہتا ہے۔ چھینکیں آتی ہیں۔ سارے جسم میں درد اور بوجھ کا احساس رہتا ہے۔ کبھی کبھی ناک سے بدبو آتی ہے اور بدبودار مادہ کا اخراج بھی ہوتا ہے۔ بعض اوقات موسم کی تبدیلی کے ساتھ مرض میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ پھر انسان دائمی نزلہ اور زکام کا مریض بن جاتا ہے۔ انہی امراض کی بنا پر دوسرے مرض جنم لیتے ہیں جیسے ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا، گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض، جسم کا کمزور اور لاغر ہونا، نظر کی کمزوری، سستی اور کاہلی کا پیدا ہونا، جسم ٹوٹنا، خون کا نہ بننا، خناق، ٹی بی، تنفس کی تنگی، بے خوابی، بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا، چہرے کی شادابی کا ختم ہونا یہ سب امراض نزلہ و زکام کی بدولت ہی جسم پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ "بنفشی قہوہ" ہی ان تمام امراض کا شافی علاج ہے۔ دردشقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں۔ موسمی الرجی کے شکار افراد کیلئے راحت کا پیغام، آج ہی لائیں آج ہی سکون پائیں۔ ہر موسم میں ہر عمر کے افراد "بنفشی قہوہ" بالکل بے دھڑک استعمال کرسکتے ہیں۔ گھر میں ہر وقت رکھنے کی چیز ہے۔ بدذائقہ نہیں بہترین ذائقہ ہے۔ "بنفشی قہوہ" کے ساتھ شفاء حیرت کا استعمال سونے پر سہاگہ ہے۔ (قیمت:-/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# نورتن شفاء

## بیماریوں کا شافی علاج

موٹاپا۔ بواسیر۔ گلٹی۔ خون صفاء۔ چہرے کے داغ۔ زخم۔ امراض پیٹ۔ اٹھرا۔ شوگر۔ یورک ایسڈ۔ اعصابی دردیں۔

آج ہی آزمائیں اور شفاء پائیں۔ قیمت 150 علاوہ ڈاک خرچ)

## صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش و نگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

اپنی نسلوں کے تحفظ، مشکلات سے بچنے گھریلو الجھنوں سے نمٹنے، روحانی اور طبی فوری امداد کیلئے عبقری کی پرانی فائلیں پڑھیں اور گفٹ کریں۔

ایڈیٹر کے قلم سے

# حالِ دل

## جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

# دولت اور زمین بے وفا

کسی سیانے اور سمجھدار نے ایک بات کہی ہے اور جب اس بات کو مسلسل آزمایا اور پرکھا تو وہ بات سو فیصد درست ہے اور حقائق پر مبنی ہے اور اس حقیقت کا انکار شاید ہی کوئی ناسمجھ بندہ کرے ورنہ حقائق حقائق ہوتے ہیں اور سچائی سو فیصد سچائی ہوتی ہے۔ عروج وزوال کی داستانیں بہت پرانی ہیں' زوال کو ہمیشہ عروج اور عروج کو ہمیشہ زوال رہا ہے' یہ قدرت کا سچا وعدہ اور پکا عہد ہے' حقائق حقائق ہوتے ہیں ایک سوال میں اپنے من سے بھی اور اب آپ تمام قارئین سے بھی کررہا ہوں یقیناً اگلے ہی لمحے آپ کو اس کا جواب ملے گا اور سو فیصد ملے گا اور اس جواب کی انتہا یہی ہوگی جس سے چاہے لے لے جس کو چاہے دے دے' گزشتہ دنوں میں پوری دنیا کے بڑے مالدار اور کھربوں ڈالروں کے مالکوں کی ریسرچ پڑھ رہا تھا' لکھا تھا کہ دنیا میں اسی فیصد دولت' مال' بنگلے' کوٹھیاں' ملیں' فیکٹریاں' کاروبار' رقبے' زمینیں تیسری نسل تک نہیں پہنچتے' بیس فیصد میں دس فیصد وہ لوگ ہیں جن کی تیسری نسل تک دولت اور مال پہنچتا ہے اور ان میں دس فیصد وہ ہیں جو نسل درنسل مال و دولت کو لیے اور سنبھال کر چل رہے ہیں اور مال و دولت بڑھتا چلا جارہا ہے' یعنی دس فیصد ہی ایسے لوگ ہیں جو یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم جدی پشتی آباؤ اجداد سے دولت مند ہیں۔ میرے سالہا سال کے مشاہدات اور میری زندگی کے دن رات اور صبح وشام کے تجربات جو مجھے حاصل ہوئے ہیں' میں اپنے تجربات کے نچوڑ میں سے ایک بات قارئین آپ کو ضرور لکھوں گا۔ عروج کس کو ملتا ہے؟ اور زوال کیوں آتا ہے! اور عروج اور زوال کے نظام میں کون سے اسباب اور عوامل ہیں مجھے امید ہے کہ آپ ان اسباب اور عوامل کی تفصیل مجھے ضرور لکھیں گے چند واقعات میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں:۔ صادق گڑھ پیلس کے ساتھ ایک پٹواری تھا جس کے بچوں کی جیب میں ہروقت بادام' کشمش' پستہ اور اعلیٰ قسم کے میوے ایسے بھرے ہوتے تھے جیسے دوسروں کی جیب میں چنے' اچھی پوشاک' اچھا لباس' کھانا پینا نہایت لاجواب باکمال اٹھنا بیٹھنا بہت بہترین' بس حالات نے ایسا پلٹا کھایا کہ کچھ بھی نہ رہا' اور وہی بچے دربدر ہوگئے۔ چتوکی میں بھی اسی طرح ایک پٹواری کا واقعہ' بہت بڑی کوٹھی' فیکٹری' زمین' ٹریکٹر' ٹیوب ویل' بہترین زندگی کا بہترین نظام لیکن تقدیر نے سب کچھ چھینا کچھ بھی نہ رہا' گوجرانوالہ میں ایک صاحب کی زندگی ایسی شاندار کہ لوگ دیکھ کر رشک کرتے تھے' اعلیٰ قسم کی گاڑیاں' لباس ایسا کہ لندن سے سل کر آتا تھا' پھر کسی نے کہا کہ کویت میں ایک صاحب بہت اعلیٰ قسم کے درزی ہیں پھر کویتی دینار مزدوری کی شکل میں انہیں دیتے اور اپنا لباس سلواتے' چھ کنال کا بنگلہ لیکن حالات کا عروج وزوال ایسا کہ دنوں میں کچھ بھی نہ بچا۔ لاہور سبزہ زار میں ایک صاحب کو میں ذاتی طور پر جانتا ہوں آج وہ ویلڈنگ کا کام کررہا' اس کا کوئی لباس ایسا نہیں جو ویلڈنگ کی چنگاریوں کی وجہ سے چیر چیر نہ ہو وہ سارا دن لوہا کوٹتا ہے مزدوریاں کرتا ہے' لوگوں کی جھڑکیاں سہتا ہے اور سنتا ہے' کبھی ہم نے سوچا کہ وہ عروج سے زوال میں کیوں آیا؟ آیئے! میں آپ کو ایک اور واقعہ بھی سناتا چلوں' لاہور کا ایک باراتی' جس نے کراچی کیلئے پورا جہاز بک کروایا اور پورے جہاز میں صرف اسی کی بارات تھی اور کوئی سواری نہیں تھی' بہت شان وشوکت سے بارات گئی' وہاں اعلیٰ اور قیمتی گاڑیاں تھیں' جنہوں نے بارات کو وصول کیا' اعلیٰ ترین کھانے' ہال' سونے اور ہیرے جواہرات کے سیٹ' زندگی کا نظام ایسا تھا کہ ہر شخص رشک بھری نظروں سے دیکھتا تھا اور پھر زندگی میں ایک غیرمحرم عورت آئی اور یوں آہستہ آہستہ جاتے جاتے آج وہ شخص لاہور بند روڈ پر بسوں کی باڈیاں اور پھٹی پرانی سیٹیں مرمت کررہا ہے۔ لاہور سگیاں پل سے اگے جائیں تو پھولوں والا چوک آتا ہے' وہاں ایک صاحب پانچ کنال کے بہت بڑے گھر میں رہتے تھے' زندگی کی ہر آسائش آرام' لطف' لذت دوستیاں' بڑے بڑے لوگوں سے تعلقات' آنا جانا' یہ سب کچھ تھا جب حالات نے پلٹا کھایا پانچ کنال کا گھر نہ رہا' گاڑیاں دوستیاں' تعلقات' بہترین زندگی کچھ نہ رہا' رہے نام اللہ کا' آج وہ شخص کسمپرسی کی زندگی تنگدستی اور غربت کی زندگی بلکہ غربت سے نچلے افلاس کی زندگی گزر رہا ہے' آخر ایسا کیوں ہوا؟ کیا رب نعوذ باللہ ظالم ہے' کیا رب کی ترتیب غلط ہے؟ ہرگز نہیں! بالکل نہیں! ہم غلط ہوسکتے ہیں رب درست اور بالکل درست اس کا نظام صحیح اور بالکل ٹھیک۔ آخر خرابی کہاں پیدا ہوئی۔ ایک شخص ایسے ہیں جن کا نام لکھنا مناسب نہیں' کیونکہ میری تحریر ہر فرد پڑھتا اور عبقری گھروں میں جاتا ہے' میری کوشش ہوتی ہے کہ گفتگو بھی ہوجائے اور رازداری بھی ملحوظ اور اس کا لحاظ رکھا جائے۔ بہت غریب ماں باپ کے بیٹے تھے ماں نے سلائیاں کرکے گھروں کے برتن دھو کر جھاڑو دے کر بیٹے کو پالا' شاید کہیں تربیت میں کمی رہ گئی جو کہ آج کے مزاج کا حصہ نہیں کیونکہ تعلیم کی ہوس' کتابوں کا بوجھ زیادہ اور تربیت بالکل نہیں' بس ان کا مزاج بھی شاید ایسا تھا غصہ بداخلاقی' بڑھتی چلی گئی اور ایک وقت آیسا آیا کہ سب کچھ ختم' پھر بینک کی طرف رجوع کیا' بینک سے سود لیا اور جو رہی سہی کسر تھی وہ بینک نے پوری کردی۔ دیوالیہ ہوا اور بالکل ختم ہوگیا۔ ایک صاحب ملے جو 1961ء میں ٹرانسپورٹ کا کام کرتے تھے' بہت اچھا دور تھا' ہر شخص ٹرانسپورٹر نہیں تھا' کچھ مخصوص گنے چنے لوگ تھے' جنہوں نے یہ کام کیا اور کمایا اور جی بھر کر کمایا' ان کو ہمیشہ گاڑی کیلئے ایسا وقت چاہیے ہوتا تھا جس میں سواری ہو' اگر کوئی احتجاج کرتا تو اس نے اپنے غنڈے رکھے ہوئے تھے جو اس کی پٹائی کرتے بعض اوقات ہڈیاں توڑ دیتے لہولہان کردیتے پھر اگر کوئی دوسری بس والا زیادہ احتجاج کرتا کہ سواری کا ٹائم سب کا حق ہے تو اپنی بس اس کی بس میں ٹکرا کر دونوں کو چلنے کے قابل نہ چھوڑتا چونکہ اس کی بسیں زیادہ تھیں اس بس کی کمی اور بسیں پوری کرلیتی تھیں دوسرے فریق کو اس روزی سے بھی فارغ کردیتا۔ لیکن کب تک؟ آج وہ شخص جس کسمپرسی کی زندگی گزار رہا' آپ گمان نہیں کرسکتے۔ قارئین! چند واقعات عروج وزوال کے میرے پاس لیکن آپ کے پاس تو یقیناً بہت ہوں گے بس مجھے تو ایک بات سمجھ آئی ہے کہ بندہ عروج میں توبہ' استغفار' جھکنا' ندامت' معافی' اور اگر کوئی بول میں اکڑ چال میں اکڑ حال میں اکڑ لہجے میں اکڑ اور انداز میں کوئی خامی ہو اللہ کی ذات سے مانگتا رہے' استغفار کرتا رہے توبہ کرتا رہے' وہ بہت کریم ہے۔ اور معافی کو پسند کرتا ہے لیکن! یہ چیز دولت عہدہ اقتدار چیزیں ملنے کے بعد بہت کم لوگوں کو حاصل ہوتی ہیں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو بھول جاتے ہیں اور فراموش کر بیٹھتے ہیں۔

**تنگدستی دور کرنے کا نسخہ:** حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: ''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آجاؤ اور رزق کا کوئی راستہ نہ نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرلیا کرو۔'' (حبیب الرحمٰن' مانسہرہ)

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت وامن

# اب بھی وقت ہے عیاش من کو منالو!

**اب بھی وقت ہے عیاش من کو منالو!** اللہ والو! آج کان میسر ہیں ان کانوں کو اللہ کی محبت کے جملے سنوادو، اللہ والو! یہ کان خدانخواستہ کہیں چھن نہ جائیں یہ سماعت ختم نہ ہوجائے، ان کانوں کے اندر اللہ کی محبت کے رس گھولنے والے جملے ڈلوادو، یہ طبیعت نہیں مانے گی، یہ من نہیں مانتا، اس من کو ہم نے عیاش بنالیا ہے، اس طبیعت کو بہت بگاڑ لیا ہے، یہ ایسی پابندیوں کو نہیں مانتا، ان مجالس کو نہیں مانتا، یہ رکاوٹیں ڈالتا ہے، یہ کہتا ہے نہ جا۔ اس من کو بہلا کر، پھسلا کر، منت کرکے، اس پر جبر کرکے اسے لانا پڑے گا، ورنہ یہ وقت گزر جائے گا۔ اب تک نہیں آتے تھے وقت گزر رہا تھا اور پورا ہفتہ گزر جاتا ہے اور دن کا تو ویسے ہی پتہ نہیں چلتا۔ زندگی ایسی مختصری اور سمٹتی چلی جارہی ہے۔

**عنقریب ہم اور تم بھلا دیئے جائیں گے:** ایک بات سوچ کر بتائیں' دل میں سوچیں۔ اپنے اس قریبی عزیز کے متعلق سوچیں جو دنیا سے رخصت ہوگیا۔ والد' والدہ' بیٹی' بیوی' بھائی' دوست' ماموں استاد کوئی قریبی عزیز جو دنیا سے رخصت ہوگیا ہو، ان کے بارے میں سوچیں! سوچ لیا؟ اب مجھے سچ بتائیں کہ دن میں کتنی دفعہ ان کو یاد کرتے ہیں؟ ہفتے میں کتنی دفعہ ان کو یاد کرتے ہیں؟ مہینے میں کتنی دفعہ ان کو یاد کرتے ہیں؟ سال میں کتنی دفعہ اس کو یاد کرتے ہیں؟

اور آنے والا دور اس سے بھی عجیب دور آرہا ہے شائد اب ہم یاد کرلیتے ہوں گے، مگر یہ بات نوٹ کرلو ہم ایسے ہی بھلا دیئے جائیں گے کہ بھولنا ہی یاد نہیں رہے گا کہ بھولنا ہی بھول گئے۔ لہٰذا اپنے ساتھ کوئی سامان لے لو اللہ والو! اعمال کا، ذکر کا، نماز کا، یہ اللہ والی مجالس ہیں ان کی قدردانی کا ان میں آنے کا سامان لے لو اللہ والو! یہ بہت مبارک مجالس ہیں آج کے دور میں نعمت ہیں۔

**دنیاوی ماحول ایمان سوز ہے:** مجھے ایک صاحب کہنے لگے کہ: ''مجھے ہفتہ بھر درس کا انتظار رہتا ہے کہ میرے اندر کی ٹیوننگ یعنی سروس ہوجاتی ہے۔'' کہنے لگے کہ: ''میں تو اپنی گاڑی کا فیول یعنی ایندھن لینے آتا ہوں ہفتہ بھر میری گاڑی ٹھیک چلتی رہتی ہے۔'' ہم سارے محتاج ہیں کیونکہ دنیا کا جو ماحول ہے وہ ایمان سوز ہے ایمان ساز نہیں۔

اور میرے دوستو اس ایمان سوز ماحول کے اندر آپ کا رہنا سہنا، آپ کا کھانا پینا، آپ کا دیکھنا، سننا اور بولنا یہ سب ایمان سوز ہوتا جارہا ہے۔ کچھ تو روح کی فکر کریں۔ اپنی روح کو ایمان ساز ماحول میں لے آئیں۔ اس جسم کو تو ساری زندگی، ہر پل، چوبیس گھنٹے، پورا ہفتہ، اس جسم کو دنیاوی مجالس اور محافل میں لگایا۔ روح کا بھی حق ہے روح کو بھی کچھ وقت دیا کرو، روح کی غذا روحانی مجالس، روحانی محافل ہوتی ہیں جہاں آپ بیٹھے ہیں یہاں روح کی غذائیں ہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ روح کو فاقوں میں ڈال دیا جائے۔

**فاقہ زدہ روح کیا اثر مرتب کرتی ہے؟:** اگر روح کو فاقوں میں ڈالیں گے تو اندر سے ایک ہوک اٹھے گی اس کو ٹینشن' ایگزائٹی کہتے ہیں' سٹریس کہتے ہیں اور پتہ نہیں کیا کیا نام دیتے ہیں۔ اندر نفسیاتی بیماریاں اور پریشانیاں اور مشکلات اور زندگی کے قدم قدم پر پریشانیوں کا سامنا ہو، تو پھر سمجھ لو کہ روح پریشان ہے۔

**اللہ والوں کی، اور ان کی مجلسوں کی قدر کرلو:** جیسے میں نے بابا کریم بخش رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں بتایا تھا کہ میں اپنے دوست کو بابا کریم بخش رحمۃ اللہ علیہ کے پاس لے کر جاتا تھا سارے روتے تھے وہ ہنستا تھا، لیکن اب مجھے کہتا ہے کہ: ''اب کہیں سے بابا کریم بخش رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات کرادے کہ میں اپنے دائیں بائیں دیکھتا ہوں میرے ساتھ کوئی دعائیں نہیں ہیں'' کہنے لگا کہ: ''مجھے پتہ نہیں تھا کہ دعائیں کیا ہوتی ہیں؟'' میں کہتا تھا کہ: ''بس انسان اپنی کوشش کرے محنت کرے بس سب کچھ اسی میں ہوتا ہے'' کہنے لگا کہ: ''نہیں اب یہ احساس ہوا ہے، نہ جانے کون اپنی دعاؤں میں یاد رکھتا ہے، اب یہ احساس ہوتا ہے کہ یہ بھی کوئی سرمایہ ہوتا ہے۔ اس لیے اللہ والو! یہ مجالس دعاؤں والی مجالس ہیں، برکت والی مجالس ہیں، سچی بات ہے جس مجلس اور محفل میں ذکر کیا جائے، سورۂ یٰسین پڑھی جائے نیک اعمال کیے جائیں، سورۂ فاتحہ پڑھی جائے، آیت کریمہ پڑھی جائے، درود شریف پڑھا جائے یقیناً اس پر باران رحمت کا نزول ہوتا ہے۔

**ذکر خاص کی خاص فضیلت:** ایک بزرگ ذکر خاص کے متعلق ایک عجیب بات فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ ذکر خاص کرے اور اس کی دعا قبول نہ ہو تو قیامت کے دن آکر میرا گریبان پکڑ لے۔ اس سے بھی حیرت انگیز یہ بات بتاتے ہیں کہ جو شخص یہ ذکر خاص کرے اور اس کو دعا کی قبولیت کا یقین نہ ہو تو قیامت کے دن میں اس کا گریبان پکڑوں گا۔ پتہ نہیں ان مجالس میں کتنے اعمال کیے جاتے ہیں اور ان اعمال کی کیا برکات ہوتی ہیں، کوئی درد کے ساتھ کرتا ہے' کوئی غم کے ساتھ کرتا ہے، کوئی سوز کے ساتھ کرتا ہے، کوئی حجاب کے ساتھ کرتا ہے، کوئی اللہ کی محبت میں ڈوب کے کرتا ہے، کوئی دکھوں کے ساتھ کرتا ہے۔ بعض اوقات جماعت کی نماز میں کسی ایک کی وجہ سے پوری جماعت کی نماز قبول ہوجاتی ہے اور بعض اوقات حج میں کسی ایک حاجی کی وجہ سے سب کا حج قبول ہوجاتا ہے، اور بعض اوقات کسی ایک کی آمین کی وجہ سے سب کی آمین قبول ہو جاتی ہے۔ یہ صرف کہتے نہیں یہ حقیقت بھی ہے۔ اللہ جل شانہٗ کے بعض بندے ایسے ہوتے ہیں جن کو ہماری آنکھیں شاید نہ پہچان سکیں لیکن وہ اللہ کے بندے ایسے ہوتے ہیں جب قسم اُٹھا لیتے ہیں یا اللہ سے کوئی وعدہ کرلیتے ہیں تو اللہ ان کے وعدے کو رد نہیں کرتا، اللہ پورا کردیتا ہے۔ (جاری ہے)


انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے

**خطبات عبقری کا مطالعہ کریں**


## درس' مرگی کے دورے اور گدھے کے ناخن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ اور آپ کا درس روحانیت وامن بہت شوق سے سنتے ہیں۔ درس کی وجہ سے ہماری بہت سے مشکلات ختم ہوگئی ہیں۔ گھر میں سکون آگیا ہے۔ درس نے جہاں اور بہت سی جسمانی و روحانی پریشانیاں ختم کیں وہیں ہمارے گھر کا سب سے بڑا مسئلہ ختم کیا۔ مسئلہ یہ تھا کہ میرے پوتے کو مرگی کے دورے پڑتے تھے۔ میں نے ایک دن درس میں سنا کہ آپ فرما رہے تھے اگر کسی کو مرگی کے دورے پڑ رہے ہوں تو گدھے کے ناخن گلے میں ڈالنے سے مرگی کے دورے پڑنا ختم ہوجاتے ہیں۔ پہلے تو میں بہت حیران ہوئی' مگر آپ کی بات بھی جھٹلا نہ سکتی تھی' فوراً لوگوں کو کہہ کہلوا کر کہیں سے گدھے کے ناخنوں کا بندوبست کیا اور چمڑے میں منڈھوا کر پوتے کے گلے میں ڈال دیئے۔ میں حیران رہ گئی کہ اس کے دورے پڑنا ختم ہوگئے اور اب وہ اللہ کے فضل سے بالکل ٹھیک ہے۔ (م' فیصل آباد)

**ظاہر و باطن اللہ کی امان میں:** جو شخص اسم الٰہی اَلْمُؤْمِنُ کو کثرت سے پڑھے گا یا لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کا ظاہر و باطن اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

# بچوں کو سردیوں میں صحت مند رکھنے کے ٹوٹکے

پروفیسر سرفراز، لاہور

**سردی کے موسم میں بچوں کو سردی سے بچانے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے، کبھی کبھی دیسی انڈے کی زردی دیں، شہد چٹائیں، اگر فیڈ والدہ کی ہو تو ہر ممکن کوشش کریں تو ٹھنڈی تاثیر والی چیز استعمال نہ کریں، کپڑے، برتن دھو کر فیڈ نہ کرائیں۔**

معصوم بچے بھلا کسے اچھے نہیں لگتے گھر کی رونق ان ہی معصوم بچوں کے دم سے ہوتی ہے۔ شیر خوار بچوں کی زندگی کا ابتدائی زمانہ کس قدر دلچسپ ہوا کرتا ہے۔ اس سے ہر والدین واقف ہی ہوں گے۔ بچے کی ہر ہر ادا دل کو بھایا کرتی ہے، اسی طرح اس کی چھوٹی چھوٹی تکلیف پر دن رات کا آرام سکون ختم ہوتا ہے۔ معصوم بچے جب خصوصاً سینہ کی تکلیف میں مبتلا ہوتے ہیں تو اس وقت کی تکلیف والدین سے دیکھی بھی نہیں جاتی۔ بس نہیں چلتا کہ کوئی ایسا تیر بہدف نسخہ ہاتھ آئے اور بچہ پھر سے ویسا ہی ہو جائے جیسا تکلیف سے قبل تھا۔ آج کل موسم تو خصوصاً بچوں کے لیے بڑا تکلیف دہ ہے جن بچوں کی پہلی پہلی سردی ہے ان کے لئے تو زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے ٹھنڈی ہوا لگنے، سردی سے یا نہلانے کے بعد ہوا لگنے سے بچے کا سینہ بلغم سے پُر ہوتا جاتا ہے، سینے سے سیٹیوں کی سی آوازیں آنا شروع ہو جاتی ہے، سینے سے واضح طور پر محسوس ہوتا ہے سینہ دھونکی کی طرح چل رہا ہے، بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ بچے کی ہر طرح احتیاط کی جاتی ہے، اس کے باوجود ان بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہے، حالانکہ ایک بات ذہن نشین رکھنی چاہئے کہ جو مائیں اپنے بچوں کو فیڈ کراتی ہیں اگر وہ احتیاط نہ کریں تو لامحالہ بچہ ان بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہے، عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ ماں اگر ٹھنڈی چیز کا استعمال کرے تو اپنے بچے کو فیڈ کرا لے تو بچے کو ٹھنڈ ضرور لگے گی یا پانی کا کام کر لے کپڑے وغیرہ دھو کر یا نہا کر ماں کا بچے کو فیڈ کرنا بھی اس قسم کی شکایت پیدا کرتا ہے، شروع میں ہو سکتا ہے بچے کو ہلکی کھانسی یا زکام کی شکایت ہو جائے، فوراً اس کا تدارک نہ کیا جائے تو پھر یہ زکام سینے کا رخ کر لیتا ہے، گلے میں سوزش ہو جاتی ہے اور بچہ کھانستا رہتا ہے، کھانستے کھانستے بے حال ہو جاتا ہے، اور ابکائی لینا شروع کر دیتا ہے، ہو سکتا ہے کہ اُلٹی بھی کر دے۔ دوسرا: ادویہ استعمال کرنے سے بچہ چڑچڑا ہو جاتا ہے، ہر وقت ریں ریں کرتا رہے گا، کچھ دیر چپ ہو گا پھر رونا شروع کر دے گا، سینے سے آوازیں آئیں گی ایسا لگے گا جیسے بلغم سے بھرا ہوا ہے، کبھی کبھی قبض یا ہرے رنگ کا پاخانہ بھی ہونے لگتا ہے اگر آپ دوسرا طریقہ علاج کی جانب جائیں، تو فوراً بچے کو آکسیجن یا نیبولائز کر دیں گے، انٹی بائیوٹک ادویہ استعمال کر کے بچے کا مزاج خراب ہو جاتا ہے، بچہ کمزور ہو جاتا ہے جس کو کنٹرول کرنے میں چند دن لگ جاتے ہیں، اکثر لوگ اس کیفیت میں ہومیو پیتھی ادویہ استعمال ہی نہیں کرتے، حالانکہ ہومیو پیتھی ادویہ بچوں کی حقیقتاً سچی غمگسار ہیں، ایسا نہیں ہے کہ بچے کو فوری فائدہ نہ ہو، ان ادویہ کا ذکر کرنے سے پہلے چند گزارشات عرض کروں گا۔ سردی کے موسم میں بچوں کو سردی سے بچانے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے، کبھی کبھی دیسی انڈے کی زردی دیں، شہد چٹائیں، اگر فیڈ والدہ کی ہو تو ہر ممکن کوشش کریں تو ٹھنڈی تاثیر والی چیز استعمال نہ کریں، کپڑے، برتن دھو کر فیڈ نہ کرائیں بلکہ اس کے بعد دیسی انڈے ابال کر کھائیں، چائے پی لیں بچے کو دھوپ روزانہ لگائیں، بچے کے سرہانے ایک جینگ کا ٹکڑا رکھ دیں، اس سے بھی بچے کو ٹھنڈ نہیں لگتی، اگر بچہ فیڈ استعمال کرتا ہے تو پانی اُبلا ہوا نیم گرم استعمال کریں۔

**شہد اور بچے:** کائنات میں شہد کو ہمیشہ آب حیات کا درجہ حاصل رہا ہے، ارشادِ ربانی اور فرمانِ رسول ﷺ ہے کہ "شہد ایک بہترین غذا اور دوا ہے، اس میں سوائے موت کے ہر مرض کا علاج پوشیدہ ہے" جدید طب نے بھی شہد کو بطور غذا اور دوا بنی نوع انسانوں کے لئے انتہائی مفید قرار دیا ہے، دنیا میں اب سوائے پاکستان کے باقی تمام ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں شہد کا استعمال بڑھ گیا ہے، جو اس کی افادیت سے بخوبی آگاہ ہیں، عالمی ادارہ صحت نے بھی اب شہد کو روز مرہ کا حصہ بنانے کی تلقین کی ہے۔ جرمنی دنیا کا واحد ملک ہے جہاں شہد ایک سو سے زائد امراض کیلئے استعمال ہوتا ہے، بالخصوص شہد کو بچوں کی نشوونما اور صحت کیلئے انتہائی ضروری اور مفید قرار دیا ہے۔ ایک یورپی رپورٹ کے مطابق جن ممالک میں بچوں کی صحت کی شرح بہتر ہے وہاں شہد کا استعمال زیادہ ہے، ان علاقوں میں بیمار اور لاغر بچوں کو ادویات کی بجائے شہد استعمال کروایا جاتا ہے، جس سے وہ چست اور توانا ہو جاتے ہیں، شہد جراثیم کش ہے اس میں لوہا، تانبا سمیت متعدد اجزاء شامل ہیں، جو خون میں سرخ ذرات میں اضافہ کرتے ہیں، جس سے بچوں میں غذائی قلت پیدا نہیں ہوتی، غیر متوازن اور ناکافی غذا کھانے والے بچے کیلئے شہد متوازن غذا کا تصور پیش کرتا ہے۔ پاکستان میں 100 فیصد بچے سارا سال کسی نہ کسی مرض میں مبتلا نظر آتے ہیں، بچوں میں نزلہ، زکام، کھانسی، پیٹ کے کیڑے، خون کی کمی، دست، ٹائیفائیڈ اور ایسی بہت سی بیماریاں جو مستقل لاحق ہونے کے باعث بچوں کی نشوونما پر اثر انداز ہوتی ہے، جس سے ان کے قد کاٹھ اور ذہن پر اثر پڑتا ہے، ایسے بچوں کے ماں باپ سارا سال ڈاکٹروں اور طبیبوں کے پیچھے بھاگتے رہتے ہیں، ایک ماہر بچگان کے بقول اگر بچوں کو بچپن سے ہی شہد کا عادی بنایا جائے اور اس تقویٰ کے ساتھ شہد کھایا جائے کہ اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ نے اس سے شفاء کی ضمانت دی ہے تو بچہ مستقل بیمار نہیں ہوگا، چھوٹے بچے کو شہد دودھ یا پانی میں ملا کر دینا چاہیے۔

ڈاکٹر صاحب کا کہنا ہے کہ بچے آپ کے قیمتی وقت سے زیادہ قیمتی ہیں، لہٰذا بچوں کیلئے خالص شہد حاصل کر کے انہیں کھلائیں، خصوصاً سردیوں میں جب موسم خشک ہو یا سردی جوبن پر ہو تو شہد کو بچوں کی خوراک کا حصہ بنا دینا چاہیے، جن بچوں کی یوم پیدائش سے 16 سال کی عمر شہد کھلایا جاتا ہے وہ دراز قد، ذہین اور خوبصورت ہوتے ہیں، ان کے اندر بیماریوں سے مدافعت کا نظام انتہائی بہتر ہو جاتا ہے، شہد کھانے والے بچے طویل العمر ہوتے ہیں، ماہر طب و نفسیات کا کہنا ہے کہ بچے ہر وقت حرکت کرتے رہتے ہیں، اس لئے ان کے جسم سے بہت زیادہ ایندھن استعمال ہوتا ہے اور اس کی مانگ بھی بڑھتی رہتی ہے، توانائی کی اس مانگ کو پورا کرنے کیلئے بچے مٹھائیاں، بسکٹ، ٹافیاں وغیرہ کھاتے ہیں، جس سے ان کا معدہ اور دانت خراب ہو جاتے ہیں، اور ان کے چہرے کی رنگت بھی متاثر ہوتی ہے، ایسے بچے چڑچڑے ہو جاتے ہیں، لہٰذا ان کو بازاری اور گندی اشیاء کے کھانے سے دور ہی رکھا جائے تو بہتر ہے، بہت سے بچے بولنا اور کھانا شروع ہو جائیں تو شہد سے گھبراتے ہیں، لہٰذا بچوں کو شیر خواری سے ہی شہد کا عادی بنا دیا جائے تو وہ اس سے مانوس ہو جاتے ہیں اور اس سے ان کی توانائی بھی پوری رہتی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق شہد کھانے والے 90 فیصد بچے ٹافیاں اور مٹھیائیاں کھانے سے گریز کرتے ہیں، ماہر طب و صحت کا اب متفقہ فیصلہ ہے کہ اگر ہم بچوں کو جسمانی اور ذہنی طور پر صحت مند دیکھنا چاہتے ہیں تو انہیں ناشتے اور رات کے سونے سے پہلے ایک ایک چمچ شہد دودھ میں ملا کر پلائیں، صحت مند بچے آپ کے سکون کا باعث بنیں گے تو پاکستان کا مستقبل روشن اور تابناک ہوگا۔

**(بقیہ: پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک)**

نبی کریم ﷺ کس قدر امن پسند تھے اور آپ ﷺ کو لڑائی جھگڑا چاہے وہ مسلم ہو یا غیر مسلم، منافق ہو یا رئیس المنافقین ہرگز پسند نہ تھا۔ آپ ﷺ ہر انسان کے ساتھ حسن سلوک فرماتے۔

آفت' غفلت اور ذلت: جو کام حکمت سے خالی ہے وہ آفت ہے' جو خاموشی سے خالی ہے وہ غفلت ہے اور جو نظر حکمت سے خالی ہے وہ ذلت ہے' اگر تم چاہو تو اپنے خیالات بدل کر اپنی زندگی بہتر بنا سکتے ہو۔ (آسکر وائلڈ)

ڈاکٹر محمد محبوب عالم' ٹوبہ ٹیک سنگھ

# دورانِ ڈکیتی آیۃ الکرسی کا کمال!

**ایک نوجوان پسٹل تان کر ان کے پاس کھڑا ہوگیا اور ان لڑکوں اور امام صاحب سے کہا کہ ہم آپ کو کچھ نہیں کہیں گے' نہ آپ سے کچھ لیں گے آپ ایک نیک کام پر نکلے ہوئے ہیں لیکن اپنے موبائل نکال کر سامنے میز پر رکھ دیں۔**

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو تادیر سلامت رکھے تاکہ مخلوق خدا آپ کے فیض سے مستفید ہوکر اپنی دنیا و آخرت سنوارتی رہے۔ آمین ثم آمین

عبقری رسالہ میں ہر ماہ قرآن پاک کی عظمت کے حوالے سے واقعات پڑھ کر ایمان تازہ ہوجاتا ہے۔ میرے پاس بھی ایک سچا واقعہ ہے جو کہ ہمارے محلے کا ہی ہے۔ واقعہ کچھ یوں ہے:۔ ہمارے محلے میں مسجد کے امام صاحب نے یہ ترتیب بنائی تھی کہ ہفتے میں ایک بار گھر گھر جا کر لوگوں کو دین کی باتیں بتانی ہیں اور ہر کسی کو نماز کی تلقین کرنی ہے اس کام کیلئے مختلف لڑکوں کو اکٹھا کرکے ایک گروپ ترتیب دیا گیا اور یہ لڑکے ہر ہفتے علاقہ کے ہر گھر میں جاتے اور انہیں جا کر دین کی باتیں بتاتے اور نماز کی تلقین کرتے۔ ایک مرتبہ یہ نوجوان مسجد کے امام صاحب کے ساتھ نماز کی تلقین کرنے مسجد سے نکلے' ایک گلی میں پہنچے تو ایک گھر کے سامنے ایک بالکل نئی پراڈو گاڑی کھڑی تھی' امام صاحب نے سوچا کہ اس گھر میں مہمان آئے ہوئے ہیں چلو گھر والوں کے ساتھ ان کو بھی دین کی باتیں بتاتے ہیں اور نماز کی تلقین کرتے ہیں' ایک لڑکے نے گھر کی بیل بجائی' اندر سے ایک خوش لباس نوجوان نکلا' (چونکہ تمام لڑکے اہل علاقہ تھے اس لیے تمام اس گھر کے افراد کو جانتے تھے) امام صاحب اور تمام لڑکوں نے اس نوجوان کو مہمان سمجھتے ہوئے اپنی بات بتانی شروع کی' نوجوان بولا: حضرت آپ اندر تشریف لے آئیں' آرام سے بیٹھ کر بات کرتے ہیں' امام صاحب اور تین لڑکے گھر کے اندر آگئے اور باقی دوسرے گھروں میں چلے گئے۔ یہ چار افراد پر مشتمل گروپ گھر کے سٹنگ روم میں داخل ہوگیا' وہ خوش لباس اور خوش شکل نوجوان ان کے پیچھے چل رہا تھا۔ سٹنگ روم میں داخل ہوتے ہیں اس نوجوان نے اندر سے دروازہ بند کردیا اور پستول نکال کر مخاطب ہوا کہ بولنا نہیں ہے' ان تین لڑکوں میں سے ایک بولا ''حضور ہماری مت ماری ہوئی ہے کہ ہم بولیں' جو آپ کے ہاتھ میں ہے اسے دیکھ کر بڑوں بڑوں کی بولتی بند ہوجاتی ہے' اسلحہ بردار نوجوان امام صاحب اور ان لڑکوں کو دوسرے کمرے میں لے گیا' جہاں اہل خانہ جو کہ صرف خواتین تھیں کے ساتھ بیٹھنے کو کہا' امام صاحب نے حوصلہ کرتے ہوئے اسلحہ بردار نوجوانوں سے کہا کہ جناب یہ عزت دار گھرانہ ہے' یہ ہماری مائیں بہنیں ہیں اور غیر محرم ہیں' ہمیں الگ بٹھا دیں' ان خوش پوش نوجوانوں کے خوش اخلاق سردار نے یہ بات مان لی اور ان کو دوبارہ سٹنگ روم میں بٹھا دیا۔ ایک نوجوان پسٹل تان کر ان کے پاس کھڑا ہوگیا اور ان لڑکوں اور امام صاحب سے کہا کہ ہم آپ کو کچھ نہیں کہیں گے' نہ آپ سے کچھ لیں گے آپ ایک نیک کام پر نکلے ہوئے ہیں لیکن اپنے موبائل نکال کر سامنے میز پر رکھ دیں' ساتھیوں نے موبائل میز پر رکھ دیئے' باقی تین اسلحہ بردار نوجوان خواتین سے زیور' رقم' موبائل لے کر باقی گھر کی تلاشی لینا شروع ہوگئے' امام صاحب نے تین ساتھیوں سے کہا کہ وہ آیۃ الکرسی کا زیادہ سے زیادہ ورد کریں۔ پندرہ بیس منٹ کے بعد اسلحہ برداروں کو نجانے کیا ہوا' چھینی ہوئی تمام اشیاء گھر میں موجود بڑی اماں کے سامنے میز پر رکھ دیں۔ خوش اخلاق سردار کہنے لگا: اماں جی! آپ کی ساری چیزیں آپ کے سامنے پڑی ہیں' انہیں پورا کرلیں' ہم جانے لگے ہیں اور جاتے جاتے ایک ہزار روپے کا بالکل نیا نوٹ نکال کر بڑی اماں کو دیا' کہنے لگا: ماں جی یہ ہماری طرف سے رکھ لیں اور ہمارے لیے دعا کریں۔ یہ کہہ کر وہ اپنی نئی پراڈو گاڑی میں بیٹھ کر یہ جا وہ جا! اب نئی پراڈو میں بیٹھے چار خوش شکل خوش لباس' خوش اخلاق پینٹ کوٹ میں ملبوس جوانوں کو دیکھ کر کون کہے گا کہ یہ چند لمحے پہلے کسی گھر میں ڈکیتی کی نیت سے داخل ہوکر ڈکیتی مکمل بھی کرچکے تھے کہ آخر میں آیۃ الکرسی نے ان سے ان کا حوصلہ ہی چھین لیا اور بجائے لینے کے ایک ہزار دے کر ہی جانے میں عافیت سمجھی۔ یہ ہے آیۃ الکرسی کی تاثیری طاقت۔ کاش! ہم قرآن کی طرف لوٹ آئیں' اور اس طرح لوٹیں جس طرح لوٹنے کا حق ہے تو پھر عافیت ہی عافیت ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

**شوہر کو محبت پر مجبور کردینے والے اعمال!۔ بے اولاد خواتین نے اولاد کی نعمت کیسے پائی؟ انوکھے گھریلو ٹوٹکے اور سسرال میں عزت' وقار اور مرتبہ پانے کے راز!**

جنوری 2018 خاص نمبر شمارہ میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

اسلام اور رواداری | قسط نمبر 124 | ابن زیب بھکاری

# پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

غزوہ بدر سے پہلے کا واقعہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بنو حارث بن خزرج کے محلے میں سوار ہوکر تشریف لے جارہے تھے۔ راستے میں ایک مقام پر کچھ مشرکین' منافقین' یہود کے ساتھ کچھ مسلمان بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کے چلنے سے کچھ گرد و غبار اڑا تو وہاں بیٹھے رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی نے اپنے منہ پر کپڑا ڈالتے ہوئے حقارت سے بولا: ''گرد و غبار نہ اڑاؤ'' جواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجمع کو سلام کیا اور قرآن مجید کی چند آیات سنائیں' اس پر عبداللہ بن اُبی گستاخانہ طور پر کہنے لگا: مجھے تمہاری باتیں پسند نہیں ہیں۔ اگر تمہاری باتیں سچی بھی ہیں تو ہماری مجلس میں آکر ہمیں نہ سنایا کرو۔ وہاں بیٹھے چند مسلمان عبداللہ بن اُبی کی گستاخی پر سخت برہم ہوئے اور قریب تھا کہ کشت و خون ہوجاتا لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انتہائی شفقت اور مہربانی فرماتے ہوئے صورتحال پر قابو پاتے ہوئے دونوں فریقین کو ٹھنڈا کیا۔ اس واقعہ سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ (باقی صفحہ نمبر 6 پر)

''پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک'' اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور ''غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں'' کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

## موسم سرما' جلد کے مسائل اور دیسی گھی کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ میرے پاؤں اور ہاتھ کی جلد خراب ہونا شروع ہوگئی' پاؤں کی ایڑیاں اور انگوٹھے کے چھلکے اترتے گئے اور پاؤں کے انگوٹھے کے نیچے کٹ آگئے' میری چھوٹی بہن نے مشورہ دیا کہ رات کو سونے سے پہلے دیسی گھی کٹے ہوئے زخموں پر لگاؤ' جہاں جلد خراب ہے مرہم کی طرح دیسی گھی لگاؤ۔ مجھے تکلیف بہت زیادہ تھی اسی وقت رات کو دیسی گھی لگایا' صبح تک پاؤں کا زخم مندمل ہوچکا تھا' دو رات یہ عمل کیا تو پاؤں صاف ستھرے بغیر کٹ اور زخموں کے تھے' پھر دو مرتبہ مزید یہ عمل کیا تو جلد بارونق نظر آنے لگی' سردیوں میں چہرے کی سکن خشک اور کھردری ہوجائے تو دیسی گھی کریم کی طرح ہلکا ہلکا چہرے پر لگائیں۔ جلد تازہ اور روشن ہوجائے گی۔ نوٹ: یاد رکھیں! کیل' مہاسے' دانوں والے چہرے پر یہ عمل ہرگز نہ آزمایئے گا۔ (رضوانہ اسرار' راولپنڈی)

# غصہ نہ کریں! پھیپھڑے کمزور ہو جائیں گے

**جو لوگ مزاجاً بہت زیادہ غصیلے، آگ بگولہ ہونے والے اور ذہنی دباؤ کے ستائے ہوئے ہوتے ہیں ان میں دل کی بیماریاں، دمہ اور دیگر خطرناک عارضے بھی ہوتے ہیں**

عمر میں اضافے کے ساتھ ساتھ پھیپھڑے کی طاقت عام طور پر کمزور ہو جاتی ہے، لیکن اگر کسی کے مزاج میں غصہ اور جارحیت زیادہ ہو تو پھر پھیپھڑے کی طاقت تیزی سے گھٹنی شروع ہو جاتی ہے، اس بات کا انکشاف امریکہ میں کی گئی ایک تصدیق میں کیا گیا ہے جس میں 45 سے 86 سال کی عمر کے 670 مردوں کو شامل کیا گیا تھا۔ یہ آٹھ سالہ تحقیقی منصوبہ تھا، جس میں یہ دیکھا گیا کہ ریسرچ کے آغاز میں جن مردوں میں غصہ کا عنصر زیادہ تھا، اس تحقیق کے اختتام تک ان کے پھیپھڑے نمایاں طور پر کم تر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے رہے۔ یہ پہلی تحقیق ہے جس سے بات پایہ ثبوت کو پہنچی کہ غصہ اور مشتعل مزاجی سے پھیپھڑے کی نالیوں کی کارکردگی کمزور ہو جاتی ہے، معمر افراد کا غصہ کرنا زیادہ نقصان ہوتا ہے، اور اس طرح ان کی سانس بھی اُکھڑ سکتی ہے، اس سلسلے میں دیگر عوامل کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا مثلاً سگریٹ نوشی سے بھی پھیپھڑے کی طاقت متاثر ہوتی ہے، تاہم دیکھا گیا کہ غصہ اور جارحیت سے سب سے زیادہ نقصان پہنچتا ہے۔ یہ بھی نوٹ کیا گیا جو لوگ مزاجاً بہت زیادہ غصیلے، آگ بگولہ ہونے والے اور ذہنی دباؤ کے ستائے ہوئے ہوتے ہیں ان میں دل کی بیماریاں، دمہ اور دیگر خطرناک عارضے بھی ہوتے ہیں، دیگر جائزوں میں یہ بھی دیکھا گیا کہ جن لوگوں کے پھیپھڑے کمزور ہوتے ہیں وہ سانس کی نالیوں میں رکاوٹ کی بیماریوں کا بھی شکار ہو سکتے ہیں۔ منفی جذبات سے جسم کا حیاتاتی عمل تبدیل ہو جاتا ہے، اور اس کی وجہ سے بیماریوں سے حفاظت کا قدرتی جسمانی نظام اتھل پتھل کا شکار ہو جاتا ہے، اعصابی اور ہارمونی عمل متاثر ہوتا ہے، جس سے اعضاء بالخصوص پھیپھڑوں میں خطرناک حد تک سوزش پیدا ہوتی جاتی ہے، اسٹریس کے متعلق عوامل جسم کے ہارمونی نظام کو سست کر دیتے ہیں جس سے بیماریوں اور جسمانی خرابیوں کا دروازہ کھل جاتا ہے، اگرچہ انہوں نے کہا کہ فی الحال یہ بات وثوق سے نہیں کہی جاسکتی کہ شدید غصے کی کیفیت سے جسم کے کن کن اعضاء پر منفی اثرات پڑتے ہیں لیکن بہت زیادہ گرم مزاجی اور عمر کے ساتھ پھیپھڑے کی کمزور کارکردگی کے درمیان تعلق کو حالیہ تحقیق سے ثابت کیا جاچکا ہے۔

## آپے سے باہر ہونا کڑھنا چھوڑیئے

بہت سے لوگ یونہی ذرا سی بات پر بھڑک جاتے ہیں، ان کی یہ عادت زندگی مشکل کر دیتی ہے، قرآن شریف میں ایک جگہ آیا ہے ’’اپنے آپ کو مشتعل ہونے سے باز رکھو‘‘ جدید دور کے لوگوں کے لئے یہ بڑی جامع نصیحت ہے۔ جب ہمارہ ذہن ایک مسئلے سے دوسرے مسئلے تک بڑی تیز رفتاری سے کام کرتا ہے، تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ذہن میں گڑبڑ پیدا ہونی شروع ہوتی ہے، اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے جذبات مشتعل نہ ہوں اور ہم آپے سے باہر ہونا چھوڑ دیں تو اس کے لئے ضروری ہے کہ جدید زندگی کی رفتار کو مدھم کر دیا جائے۔ روح کا سکون اس وقت تک ممکن ہے کہ جب تک زندگی کی تیز رفتاری کو مدھم نہ کر دیا جائے، خدائی ذات کو زندگی کی اتنی تیز گامی پسند نہیں یہاں وہ آپ کا ساتھ نہیں دے گا، وہ صاف کہتا ہے کہ اگر تمہیں اس قدر احمقانہ رفتار سے چلنا ہے تو خود ہی چلو، جب تم تھک جاؤ گے تو میں تمہارے زخموں پر مرہم رکھوں گا، لیکن اگر تم زندگی کی اس وحشیانہ رفتار کو آہستہ کر کے میری ساتھ چلو تو میں تمہاری زندگیوں کو مالا مال کر دوں گا، پُرامن زندگی بسر کرنے کی رفتار وہی ہے ہمیں بھی اس رفتار سے زندہ رہنا چاہیے، قرآن پاک میں ایک جگہ لکھا ہے ’’ہر روز کسی تنہا اور خاموش جگہ پر بیٹھ کر تھوڑی دیر آرام کیا کرو‘‘۔ اگر آپ کسی دباؤ یا جلد بازی کی بجائے آرام اور تحمل سے کام کریں، تو آپ منزلِ مقصود پر جلدی پہنچیں گے، اللہ کی ذات کی نگرانی کے تحت اور اس کی رفتار پر چلنے سے آپ کبھی نقصان نہیں اُٹھا سکتے، اگر آپ اس کو ایک مرتبہ کھو دیں گے تو شاید آپ کی تمام عمر اندھیرے میں بھٹکتے گزر جائے، پس آپ ذہنی سکون رکھنے کی مشق کریں۔

اپنے آپ سے کہتے رہا کریں ’’جلد بازی کی کیا ضرورت ہے، تحمل مزاجی سے انسان کا ہر کام خود بخود ختم ہو جاتا ہے‘‘ دن میں کم از کم ایک مرتبہ ضرور دس یا پندرہ منٹ اپنا کام چھوڑ دیں، اور کسی خاموش جگہ بیٹھ کر ان خیالات کو اپنے ذہن سے گزرنے دیں اسی سے آپ کے ذہن کو سکون ملے گا، آپ خود کو تازہ دم محسوس کریں گے۔

ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ بہت سی جسمانی تکالیف کا علاج اس امر میں پوشیدہ ہے کہ لوگ کڑھنا اور غصے میں آنا چھوڑ دیں، اس سلسلے میں آپ کے سامنے چند تجاویز ہیں، مثلاً پاؤں کو زمین پر زور سے مار کر نہ چلیں، اپنے ہاتھوں کو مت مسلیں، اونچی آواز میں بات نہ کریں، کوئی کام جلدی نہ کریں کیونکہ جذباتی ہونے کے ساتھ ساتھ انسان کی جسمانی حرکت بھی تیز ہو جاتی ہے، بیٹھتے وقت آرام سے بیٹھیں، بات دھیمے لہجے میں کریں، اپنے آپ پر قابو پانے کیلئے ضروری ہے کہ آپ بڑے ٹھنڈے دماغ سے سوچنے کی عادت ڈالیں، کیونکہ آپ کی سوچ کا آپ کی جسمانی حرکت کا بڑا گہرا تعلق ہے، اگر آپ کے ذہن میں غم و غصہ کے خیالات ہیں تو اس کے ساتھ ہی آپ کی جسمانی حرکت بھی تیز ہو جائے گی، آپ کے خون کا دورہ بڑھنے لگے گا، یہ بھی صحیح ہی کہ اگر آپ کو آپ کے جسم پر قابو ہے تو آپ کا ذہن بھی قابو میں آسکتا ہے، ذہنی سکون حاصل کرنے کے معاملے میں پہلا قدم یہ ہے کہ آپ اپنے جسمانی ردعمل کو تنظیم میں لائیں، آپ حیران ہوں گے کہ یہ عمل آپ کی طبیعت کی تلخی کو کس درجہ کم کر دیتا ہے اور جب طبیعت کی تلخی جاتی رہتی ہے، تو پھر جھنجلاہٹ یا آپے سے باہر ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اس سے آپ کی تعمیری قوتیں زائل ہونے سے بچ جائیں گی، آپ اپنے آپ کو تھکا تھکا محسوس کرنے کی بجائے تازہ دم پانے لگیں گے۔

**ذیل میں ایسی تجاویز ہیں جو انسان کے غصے کے رجحان کو کم کر سکتی ہیں۔** 1: کسی آرام کرسی پر بڑے اطمینان سے بیٹھ جائیں، اپنے جسم کو بالکل ڈھیلا چھوڑ دیجئے، یوں محسوس کریں کہ آپ کے جسم کا ہر حصہ آرام کر رہا ہے، اپنے آپ کو یقین دلائیں کے آپ کا سارا جسم بالکل آرام کر رہا ہے۔ 2: اپنے ذہن کو ایک ایسی جھیل تصور کریں، جس کی سطح پر ہوا کے تیز جھونکوں نے ہلچل پیدا کر رکھی ہو، پھر یوں سمجھیں کہ ہوا تھم گئی ہے اور جھیل کی سطح بالکل پرسکون ہو گئی ہے۔ 3: تین سے چار منٹ تک ایسے پُرسکون مناظر کے متعلق سوچیں جن سے آپ کبھی لطف اندوز ہو چکے ہوں، مثلاً کوئی پہاڑی مقام، پھولوں سے بھری ہوئی کوئی وادی۔ امید ہے کہ ان تجاویز پر عمل کر کے آپ جلنا کڑھنا چھوڑ کر اچھی زندگی گزاریں گے۔

### زوجین میں باہمی محبت بڑھانے کیلئے

اگر بیوی جھگڑالو ہے اور ہر وقت لڑتی رہتی ہے تو شوہر کو چاہیے کہ بستر پر لیٹتے وقت صرف 20 مرتبہ اسم الٰہی یَامَانِعُ پڑھے‘ چند ہفتے چند مہینے۔ پھر کمال دیکھے۔ اس کے علاوہ ہمیشہ خوشگوار زندگی کیلئے اس اسم کا ورد بہت کمال رکھتا ہے۔ (عائشہ جمال‘ لاہور)

# گندم الرجی! اسباب، علاج اور متبادل غذا

ریم فاطمہ

گیہوں کے بجائے جو، بیسن، جوار، مکئی، باجرہ اور چاول کو غذا میں شامل کیا جائے۔ ہم نے اپنے گھر میں دیکھا کہ دادی اور والدہ سردیوں میں بطور خاص باجرے اور مکئی کی روٹی پکاتی تھیں اور اس پہ اصلی گھی لگا کر سب گھر والوں کو کھلاتی تھیں

گندم الرجی کیا ہے؟ بہت افسوس ہوا یہ جان کر کہ کسی کی بیٹی، بہن، بھتیجی یا بھائی اور بیٹا اس کا شکار ہیں۔ یقین کیجیے کہ مجھے خود بھی اس کا زیادہ پتہ نہیں تھا۔ تین سال پہلے میری ایک کولیگ پروفیسر کی پوتی کا نہ قد بڑھ رہا تھا نہ وزن اور نہ ہی اسے بھوک لگتی تھی ایک دن وہ یونہی باتوں باتوں میں کہنے لگیں "لو اور سنو اتنے سارے ٹیسٹ ہوئے کہ بھوک کیوں نہیں لگتی" تو ڈاکٹر صاحب نے رپورٹ دیکھنے کے بعد کہا کہ "بچی کو گندم کی بنی ہوئی کوئی چیز نہ کھلائی جائے۔ یہی اس کا علاج ہے" یہ کہہ کر انہوں نے لاپرواہی سے کہا "لو بھلا گندم سے بھی کوئی بیماری ہوسکتی ہے۔" میرے دل میں یہ بات اچانک اٹھی کہ کیا دیسی گندم کی دوبارہ کاشت نہیں کی جاسکتی؟ ترقی یافتہ ممالک میں ایسی غذائیں ضائع کردی جاتی ہیں جن کے بارے میں ہلکا سا شبہ بھی ہو کہ یہ انسانی صحت کے لیے مضر ہیں۔ میری اس بات سے بہت سے لوگ اتفاق کریں گے کہ غذائی عادات اور اس کی اہمیت سے جس طرح ہمارے بزرگ واقف تھے ہم اس معاملے میں بالکل کورے ہیں۔ آج صرف لذت کام دہن کے علاوہ کسی بھی بات کا خیال نہیں رکھا جاتا۔ گھروں میں کھانا کم پکتا ہے، بازار سے زیادہ آتا ہے۔ ویک اینڈ پہ باربی کیو باہر جا کر کھانا بھی لازمی ہے۔ اسی لیے اب گھروں سے نہ دال بگھارنے کی سوندھی خوشبو آتی ہے جس سے اشتہا بڑھ جاتی تھی اور نہ ہی آلو گوشت، بس پڑے پڑے دھنیے کی خوشبو، شب دیگ، مغلئی قورمہ، یخنی پلاؤ اور شاہی بریانی بھی خواب وخیال ہوئی۔ سارا زور نوڈلز اور چائنیز کھانوں پر۔ پندرہ بیس سال پہلے تک بھی صورت حال اتنی خراب نہ تھی گھروں میں موسموں کے حوالے سے کھانے پکتے تھے۔ اسی لیے صحتیں بھی اچھی رہتی تھیں۔ رات کو دیر سے کھانے کی عادتوں نے بھی بہت خرابی پیدا کی ہے۔ صبح کا ناشتہ تین بجے سہ پہر اور رات کا کھانا گیارہ بجے کے بعد بہت عام سی بات ہے۔

لہٰذا جب ہر طرف افراتفری اور کم وقت میں زیادہ پیسہ کمانے کی دوڑ لگی ہو تو ایسے میں گلوٹین الرجی فری غذائیں کہاں سے ملیں گی۔ اس سلسلے میں صرف یہ تجویز دی جاسکتی ہے کہ جن گھروں میں کوئی بھی فرد اس بیماری میں مبتلا ہے اس گھر کی خواتین کو یہ معاملہ اپنے ہاتھ میں لے لینا چاہیے وہ اس طرح کہ گیہوں کے بجائے جو، بیسن، جوار، مکئی، باجرہ اور چاول کو غذا میں شامل کیا جائے۔ ہم نے اپنے گھر میں دیکھا کہ دادی اور والدہ سردیوں میں بطور خاص باجرے اور مکئی کی روٹی پکاتی تھیں اور اس پہ اصلی گھی لگا کر سب گھر والوں کو کھلاتی تھیں۔ میرے والد کی زندگی کا زیادہ تر حصہ چونکہ انگریزوں کے ساتھ گزرا اس لیے ان کی غذائی عادات تھوڑی مختلف تھیں۔ وہ جوار، باجرہ، مکئی اور جو کی روٹی بالکل پسند نہیں کرتے تھے لیکن دادی کے حکم پر پانچوں اناجوں کو ملا کر جب روٹی پکائی جاتی تھی تو وہ انہیں نورتن سبزی کے ساتھ ضرور کھانی پڑتی تھی۔ اسی طرح سردیوں ہی میں باجرے کی روٹی کا ملیدہ بنایا جاتا تھا۔ گڑ، گھی اور سفید تلوں کے ساتھ۔ یہ بھی صرف ذائقے کے لیے نہیں بلکہ طبی فوائد کے لیے۔ لہٰذا خواتین کو چاہیے کہ وہ ان تمام اجناس کو استعمال میں لائیں۔ کبھی مریض کے لیے بیسن کی روٹی پکادی، کبھی مکئی کی، کبھی باجرے کی اور کبھی ان سب میں تھوڑا سا چاول کا آٹا ملا کر چپاتی بنائی جاسکتی ہے۔ اسی طرح خواتین گھر میں بسکٹ اور مٹھائی وغیرہ بھی بنا سکتی ہیں۔ بازار میں بیسن کے لڈو اور اندرسے با آسانی دستیاب ہیں۔ اندرسے صرف چاول اور سفید تلوں سے بنائے جاتے ہیں۔ چاول کے آٹے کی پوریاں بھی بنائی جاسکتی ہیں۔ لیکن ساتھ ہی یہ بہت ضروری ہے کہ مریض میں اس الرجی کی آگاہی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی ذہن نشین کروادیا جائے کہ "گلوٹین الرجی" خدانہ کرے کوئی خطرناک بیماری نہیں ہے۔ آخر شوگر کے مریض بھی تو چینی کا استعمال اور ہائی بلڈ پریشر کے نمک سے پرہیز کرتے ہیں۔ اگر گندم نہیں ہے تو اس کی متبادل دیگر اجناس بھی تو ہیں، ہماری ایک کولیگ اکثر حلیم میں دالوں کے ساتھ گندم کی جگہ باجرہ ڈالا کرتی تھیں اور ہم سب کو کھلایا کرتی تھیں، بہت لذیذ حلیم ہوتا تھا۔ اسی طرح دہلی اور یوپی والے ایک ڈش بناتے ہیں جس کو "شولہ" کہتے ہیں اس کو مونگ کی چھلکوں والی دال، چاول، قیمہ اور پالک ملا کر پکایا جاتا ہے۔ ٹماٹر اور دیگر مصالحے ملا کر بعد میں ہری مرچ، ہرا دھنیا، ادرک، لیموں، گرم مصالحہ اوپر سے ڈالا جاتا ہے اور پیاز کا بگھار لگا کر کھایا جاتا ہے۔ یقیناً "گلوٹین الرجی" سے متاثر لوگوں کو یہ غذا ضرور پسند آئے گی۔

اسی طرح جو کا دلیہ بھی غذائی اعتبار سے نہایت اہم ہے بچوں کو دودھ میں دلیہ پکا کر کھلایا جاسکتا ہے۔ اگر بیکنگ آتی ہو تو بیسن اور چاول کے آٹے کی ڈبل روٹی بھی بنائی جاسکتی ہے۔ میڈیا بھی اس میں اپنا کردار ادا کرسکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ اپنے ٹاک شوز میں وڈیروں اور جاگیرداروں کی توجہ اس جانب دلوائی جائے کہ وہ دیسی گندم جو وہ اپنے استعمال کے لیے اگاتے ہیں اسے وہ قیمتاً "گلوٹین الرجی" کے مریضوں کو فراہم کردیں۔ ساتھ ہی سوشل میڈیا پہ بھی اس بیماری سے آگاہی کے لیے ایک مہم چلائی جائے اور دیسی گندم کے رکھوالوں سے درخواست کی جائے کہ وہ اپنی اپنی قبریں روشن رکھنے کے لیے اس جانب توجہ دیں۔ مناسب قیمت پر متاثرین کو گلوٹین فری گندم فراہم کریں۔ ساتھ ہی ڈاکٹر صاحبان سے گزارش کروں گی کہ وہ اس بیماری کے حوالے سے عوام کو آگاہی دیں۔

## رانگ نمبر تنگ کرتا تھا! یہ عمل آزمایا اور کرم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رانگ نمبر بہت زیادہ تنگ کررہا تھا بہت زیادہ پریشان تھی میں نے سورۂ قریش 41 دفعہ پڑھ کر اس پریشانی کا تصور کرکے دعا مانگی۔ اللہ نے کرم دیا اس کے بعد کبھی وہ فون نہیں آیا۔ ایک مرتبہ میرا موبائل آن ہی نہیں ہورہا تھا میں نے ایک بار سورۂ فاتحہ تین مرتبہ سورۂ اخلاص اول آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر موبائل پر پھونک ماردی حیرت انگیز طور پر موبائل آن ہوگیا۔ (پوشیدہ)

## آئیے! معاشرے میں مسکراہٹیں بانٹیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درج ذیل تحریر عبقری قارئین کے نام یقیناً قارئین محظوظ ہوں گے۔

مسکراہٹ ایک ایسا تحفہ ہے جو غریب آدمی بھی پیش کرسکتا ہے۔ مسکراہٹ اظہار تشکر کا نہایت لطیف ذریعہ ہے۔ مسکراہٹ صدقہ جاریہ ہے۔ مسکراہٹ محبوب کے لبوں پر ہو تو محبت بن جاتی ہے۔ مسکراہٹ روح کو شگفتہ اور پائیدار رکھتی ہے۔ مسکراہٹ دلوں کو جیتنے کا واحد ذریعہ ہے۔ مسکراہٹ زندگی کا دوسرا نام ہے۔ مسکراہٹ محبت کی زبان ہوتی ہے۔ مسکراہٹ زندہ دلی کا نام ہے۔ مسکراہٹ غموں کے پہاڑ میں حوصلے کی چٹان ہے۔ مسکراہٹ شخصیت میں وقار پیدا کرتی ہے۔ حضرت عمرؓ کی نصیحتیں: ایک موقع پر خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بطور نصیحت فرمایا: جو آدمی زیادہ ہنستا ہے اس کا رعب کم ہوجاتا ہے۔ جو مذاق زیادہ کرتا ہے لوگ اسے کم رتبہ اور بے حیثیت سمجھتے ہیں۔ جو باتیں زیادہ کرتا ہے اس کی لغزشیں زیادہ ہوجاتی ہیں جس کی لغزشیں زیادہ ہوجاتی ہیں اس کی حیا کم ہوجاتی ہے جس کی حیا کم ہوجاتی ہے اس کی پرہیزگاری کم ہوجاتی ہے اور جس کی پرہیزگاری کم ہوجاتی ہے اس کا دل مردہ ہوجاتا ہے۔ (ایم فرحت)

# ربیع الثانی! کمال و لایت کا پہلا راز

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو غیر شرعی اعمال کے بجائے تسبیح اور مصلے کے ساتھ نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

یہ اسلامی سال کا چوتھا مہینہ ہے اسے ربیع الآخر بھی کہا جاتا ہے۔ اس کا نام رکھتے وقت ربیع کا موسم تھا یعنی ربیع کا اخیر تھا اس لیے اس کا نام ربیع الآخر رکھا گیا مگر ربیع الاول کی مناسبت سے اس کا نام ربیع الثانی مشہور ہو گیا۔ اس ماہ کے نوافل حسب ذیل ہیں جو اکثر صوفیاء پڑھتے رہے ہیں۔

**شب اول کے نوافل:** عابدوں کا کہنا ہے کہ جب ربیع الثانی کا چاند نظر آ جائے تو اس کی شب اول میں بعد نمازِ مغرب آٹھ رکعت نفل دو دو رکعت کی نیت سے پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الکوثر تین بار اور دوسری میں سورۃ الکافرون تین بار پھر تیسری چوتھی، پانچویں، چھٹی، ساتویں، آٹھویں رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین بار ہر رکعت میں پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو بے شمار ثواب ملے گا اور بے شمار نمازوں کا اجر عطا ہوگا۔ **چار رکعت نفل:** جواہر غیبی میں ہے کہ اس مہینہ کی پہلی، پندرہویں، انتیسویں تاریخوں میں چار رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پانچ بار پڑھے۔ اس کے لیے ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ہزار برائیاں مٹائی جاتی ہیں۔ انشاء اللہ پروردگار عالم روز محشر مغفرت فرمائیں گے۔ **انجام بخیر کا وظیفہ:** جو شخص پورا ماہ بعد نماز عشاء یہ وظیفہ روزانہ **1111** مرتبہ پڑھے گا وہ موت کے وقت کلمہ پڑھتا ہوا اس دنیا سے رخصت ہوگا۔ بعض بزرگوں کا کہنا ہے کہ اس وظیفے میں خاتمہ بالخیر کی بے حد تاثیر ہے۔ اس وظیفہ سے خاتمہ بالخیر ہوتا ہے۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ (سورہ یوسف:**101**) ترجمہ: اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا رفیق ہے، تو مجھ کو اپنی فرمانبرداری میں دنیا سے اٹھا لے اور مجھ کو اپنے نیک بندوں میں داخل کر لے۔

**بابرکت دعا:۔** ماہ ربیع الثانی بھی نہایت افضل مہینہ ہے اور اس ماہ میں بھی زیادہ سے زیادہ درود پاک پڑھنا چاہئے۔ ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ایک بار اسرائیلؑ حضرت نبی ﷺ کے پاس اتر کر آئے اور کہا سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَمِثْلَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ پڑھے جو کوئی اس کو ایک بار پڑھے گا خدا اس کو ان لوگوں کے زمرہ میں لکھے گا جو خدا کی بکثرت یاد کرنے والے ہیں اور وہ رات و دن خدا کی یاد میں لگے رہنے والوں سے بھی افضل ہو جائے گا اور یہ کلمات اس کیلئے جنت میں داخلہ کا ذریعہ بن جائیں گے اور جس طرح درخت کے پتے جھڑتے ہیں اسی طرح اس کے گناہ جھڑ جائیں گے اور خدا کی اس پر نظر رہے گی اور اس کو دوزخ کا عذاب نہ دے گا اور حدیث میں آیا ہے جو کوئی سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ وَدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ پڑھے گا۔ دنیا اور اہل دنیا چاہے ختم ہو جائیں لیکن اس کے پڑھنے والے کا ثواب نہ ختم ہوگا۔

## دائمی قبض اور شوگر کا سو فیصد یقینی خاتمہ (ان شاء اللہ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری کے ذریعے مخلوق خدا کیلئے بے پناہ فوائد و ثمرات مرتب ہو رہے ہیں' اس میں لگنے والے ٹوٹکے بہت اہمیت کے حامل ہیں' ناچیز کے قریبی اعزاء نے عبقری میں دو ٹوٹکوں کو آزمایا انہیں بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ راقم بھی اپنا آزمودہ ٹوٹکہ تحریر کر رہا ہے۔ **ھوالشافی:** تین کھجوریں اور تین عدد انجیر ڈیڑھ پاؤ دودھ میں ابالیں' ابال اتنا دیں کہ دودھ ایک پاؤ رہ جائے' صبح ایک بار نہار منہ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ پہلی ہی خوراک سے افاقہ محسوس ہوگا۔ جب تک قبض کشاء نہ ہو استعمال کریں۔ بہت ہی محیر العقول نسخہ ہے۔

### شوگر کا سو فیصد خاتمہ ان شاء اللہ

100 بادام (کڑوے نہ ہوں)' 100 کالی مرچ (ثابت) 100 سبز الائچی (چھلکے سمیت)' 100 نیم کے پتے (دھو کر خشک کر لیں) ایک پاؤ بھنے چنے (چھلکے سمیت) یہ ساری چیزیں اچھی طرح کوٹ پیس لیں' دن میں آدھا چمچ کسی بھی وقت پانی کیساتھ استعمال کریں۔ آزمودہ ہے۔ (احمد سعید' گوجر خان)



## ماہانہ روحانی محفل

**روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے**

اس ماہ کی روحانی محفل 10 دسمبر بروز اتوار دوپہر 2 بجکر 9 منٹ سے 3 بجکر 29 منٹ تک' 20 دسمبر بروز بدھ صبح 9 بجکر 11 منٹ سے 10 بجکر 17 منٹ تک۔ 30 دسمبر بروز ہفتہ عصر تا مغرب **يَا فَتَّاحُ يَا عَظِيْمُ** پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

**ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں**

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آ جائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

## میں آج خوشحال اور مطمئن ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آج مطمئن ہوں' خوشحال ہوں' بیٹھا سوچ رہا تھا کہ آج سے پانچ سال پہلے میں کیا تھا اور آج کیا ہوں' کاروبار' رزق' دولت ہر چیز پانچ سال پہلے بھی تھے مگر ایک چیز نہیں تھی اور وہ تھا سکون۔ نفسیاتی امراض کی بھینٹ چڑھ چکا تھا' طرح طرح کی رنگ برنگی گولیاں اور کیپسول کھا کھا کر اپنی صحت کا برا حشر کر چکا تھا۔ میں کس شہر کس ملک سکون پانے کیلئے نہ گیا مگر صرف ادویات اور تسلیاں ملتیں سکون نہ ملتا۔ ایک مرتبہ اپنی گاڑی میں بیٹھا تو گاڑی میں عبقری رسالہ پڑا تھا' میں نے ڈرائیور سے پوچھا یہ کہاں سے آیا؟ بتانے لگا: سر میں یہ رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اس میں بہت اچھی اچھی باتیں ہوتی ہیں۔ میں اس کی طرف دیکھ کر ہلکا سا مسکرایا اور کھول کر پڑھنا شروع کر دیا۔ (باقی صفحہ نمبر 14 پر)

چھ ماشہ لہسن سے انوکھی صحت: چھ ماشہ لہسن کا رس اگر دودھ بھینس میں ملا کر تپ دق کے مریض کو دیا جائے تو چند روز میں ہی صحت مل جاتی ہے۔ان شاءاللہ

# اولیاءِ اوچ شریف کے روحانی وظائف

اگر میاں بیوی میں آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں تو اس کیلئے اسم الٰہی یَا جَلِیْلُ ایک سو ایک بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دونوں کو پانی پلا دے۔ان شاءاللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہوگا اور باہمی محبت پیدا ہوجائے گی۔

**ہر قسم کے درد سے نجات:** اگر جسم کے کسی بھی حصے میں شدید درد ہو تو اس کیلئے ایک بوتل سرسوں کا خالص تیل لے کر اس پر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درمیان ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس تیل پر دم کرے اور سنبھال کر رکھ لے۔ جب ضرورت ہو تھوڑا سا تیل ہتھیلی میں لے کر ہلکا ہلکا درد کی جگہ مالش کرے (لگائے) اور کوئی کپڑا یا پٹی اس جگہ باندھ دے تاکہ ہوا نہ لگے۔ جلد ہی ان شاءاللہ تعالیٰ درد ختم ہوجائے گا۔

**لقوہ، قولنج، درد کمر، گیس، درد کان کیلئے:** اگر خدانخواستہ کسی کو لقوہ کا مرض ہوجائے یا قولنج (انتڑی کا درد، بادِ سول) یا بادِ گولہ (گیس) یا دردِ کمر پیدا ہوجائے تو اس کیلئے باوضو سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف کے ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور سرسوں کے تیل سے دھو کر ایک بوتل میں وہ تیل رکھ لے اور تھوڑا سا تیل لے کر جہاں جسم میں درد ہو لگایا کرے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ جلد ہی آرام آجائے گا۔ اگر کسی بچے کے یا بڑے کے کان میں درد ہو تو اس میں تیل ہلکا گرم کرکے ڈال دے۔ تنبیہ: یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ کان میں جو بھی تیل وغیرہ ڈالنا ہو اسے ہلکا گرم کرلیں۔ ٹھنڈے تیل سے کان کو نقصان پہنچتا ہے۔

**بچے کی ضد چھڑانا:** اگر بچہ ضد کرنے کا عادی ہو اور بات بات پر ضد کرتا ہو تو اس کیلئے اسم الٰہی یَا مُقِیْتُ سات مرتبہ پڑھ کر خالی گلاس یا کٹورے یا پیالے پر دم کرے اور پھر اس میں اتنا پانی بھرے کہ بچہ تمام پانی آسانی کے ساتھ پی لے۔ یہ عمل صبح کے وقت کرے اور سات دن برابر عمل کرتا رہے۔ان شاءاللہ تعالیٰ جلد ہی بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا۔

**سامان کے گم ہونے یا چوری ہونے سے حفاظت:** اگر کوئی شخص سفر پر جارہا ہے یا کسی دوسری جگہ سامان بھیج رہا ہے تو اس کو گم یا چوری ہونے سے بچانے کیلئے اسم الٰہی یَا حَفِیْظُ اس سامان پر تین جگہ لکھ دے۔ان شاءاللہ تعالیٰ تمام سامان بحفاظت رہے گا نہ چوری ہوگا نہ گم ہوگا۔

**لوگ عزت کریں اور اچھا برتاؤ کریں:** اگر معاشرہ میں کسی آدمی کو عزت کا مقام حاصل نہیں ہے اور لوگ اس کے ساتھ اچھا سلوک بھی نہیں کرتے ہیں اور وہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کے ساتھ پیش آئیں اور معاشرہ میں اس کو عزت و توقیر کا مقام حاصل ہو تو بعد نماز عشاء پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر پانچ سو مرتبہ اسم الٰہی یَا کَرِیْمُ پابندی کے ساتھ روزانہ پڑھا کرے۔ اگر یہ عمل بعد نماز عشاء نہ ہوسکے تو جس وقت فرصت ہو کرلیا کرے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ لوگ احترام و عزت کا برتاؤ کریں گے اور اس کی ہر اچھی بات کو اہمیت دیں گے۔

**میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا ختم کرنا:** اگر میاں بیوی میں آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں تو اس کیلئے اسم الٰہی یَا جَلِیْلُ ایک سو ایک بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دونوں کو پانی پلا دے۔ان شاءاللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہوگا اور باہمی محبت پیدا ہوجائے گی۔

**ظالم اور حاسد سے حفاظت کیلئے:** ظالموں اور حاسدین کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اور کارآمد ہے اس کی برکت سے انسان نقصان پہنچانے والے افراد سے محفوظ رہتا ہے۔اسم الٰہی یَا مُحْصِیُ ایک سو بار باوضو بعد نماز عصر پڑھنے سے ان شاءاللہ تعالیٰ آدمی ہر قسم کے ظالم اور دشمن کے شر سے بچا رہتا ہے اور اس کو کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ یہ عمل روزانہ پابندی سے اس وقت تک کرتا رہے جب تک کہ حاسد یا ظالم کی طرف سے شر کا خوف ہے ورنہ کم از کم چالیس دن تو یہ عمل ضرور کرے۔

**انجائنا، دل کی تکلیف کا علاج:** اللہ نہ کرے کسی کو انجائنا کا درد ہوتا ہو، ہارٹ اٹیک کا اندیشہ ہو یا ایک آدھ بار ہوچکا ہو اور اب حالات کے رحم و کرم پر ہو تو اس کیلئے نسخہ کیمیا کا درجہ رکھنے والا عمل درج ذیل ہے:۔ یَا قَوِیُّ الْقَادِر المقتدر قونی وقلبی۔ یہ دعا ہر نماز کے بعد سات بار اس طرح پڑھیں کہ ہر دفعہ پڑھتے وقت سینے پر بائیں جانب ہاتھ کی ہتھیلی سے ایک دائرہ مکمل کریں۔ان شاءاللہ درد سے بھی جان چھوٹ جائے گی اور ہارٹ اٹیک کا اندیشہ و خطرہ بھی ختم ہوجائے گا۔

**ڈاڑھوں کا مجرب جھاڑا:** دانتوں اور ڈاڑھوں کے درد کا ایک جھاڑا یہ بھی مجرب ہے کہ جب اس کا کوئی مریض آئے تو اسے کہیں کہ وہ اس دانت یا ڈاڑھ کو ہاتھ میں پکڑ لے جس میں تکلیف ہورہی ہے اور جواب دیتے وقت بھی اسے ہاتھ سے نہ چھوڑے۔ پھر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس سے پوچھیں کہ تمہارا نام کیا ہے؟ جب وہ اپنا نام بتلا دے تو آپ دوبارہ سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس سے اس کی والدہ کا نام پوچھیں۔ جب وہ بتلا چکے تو آپ تیسری دفعہ سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس سے پوچھیں تیری کونسی ڈاڑھ میں تکلیف ہے؟ جب وہ بتلا دے تو چوتھی بار سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر اس سے اس کی عمر کے بارے میں دریافت کریں۔ جب وہ اپنی عمر بھی بتلا دے تو پانچویں بار سورۂ فاتحہ سات دفعہ پڑھ کر اسے پھونک ماردیں اور کہیں کہ اب جاکر آپ تھوڑی دیر آرام کرلیں اگر ہوسکے تو سوجائیں۔ان شاءاللہ درد ختم ہوجائے گا۔

**اگر بخار سردی لگ کر چڑھتا ہو:** جس آدمی کو سردی سے بخار چڑھتا ہو اسے درج ذیل آیت کریمہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے بخار چڑھنے کے وقت سے ایک دو گھنٹے پہلے یہ دم شدہ پانی پلا دیں۔ تین سے سات روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔ سردی اور اس کا بخار ہمیشہ کیلئے رخصت ہوجائے گا۔

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا (اعراف 143)

## مرض کوئی ہو علاج بس ایک قطرہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ دوا سر سے لے کر پاؤں تک ہر مرض میں کام کرتی ہے، پیٹ کی ہر قسم کی بیماریوں کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ھوالشافی: ست پودینہ ایک تولہ، ست اجوائن ایک تولہ، کافور ایک تولہ، روغن الائچی دو تولہ، روغن جائفل ایک ماشہ، روغن لونگ ایک ماشہ سب کو ایک علیحدہ شیشی میں ملالیں۔ سب عرق بن جائے گا۔ صرف ایک قطرہ پانی میں ملا کر پلایا جاتا ہے۔ ہیضہ، بدہضمی وغیرہ کیلئے ٹھنڈے پانی ایک کپ میں ایک قطرہ ملا کر پلائیں، قبض ہو تو بعد از غذا ایک قطرہ گرم پانی میں ملا کر پی لیں۔اس نسخہ کو معمولی مت سمجھیں۔ (محمد نوید علی وارثی)

## پیٹ درد سے تڑپتے فوراً آرام پاگئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک چھوٹا سا وظیفہ ہے، پیٹ کا درد ختم کرنے کیلئے جو میں تمام قارئین کو بتانا چاہتی ہوں، یہ وظیفہ مجھے ایک آنٹی نے بتایا تھا، میرے پیٹ میں سخت درد تھا اور میں ہسپتال ڈاکٹر کے پاس گئی تو وہاں ان آنٹی نے میرے لیے یہ وظیفہ پڑھا تو میرا درد فوراً ٹھیک ہوگیا۔ سب سے پہلے اول و آخر درود ابراہیمی پڑھیں درمیان میں سات مرتبہ سورۂ لہب پڑھ کر چاہے تو پھونک مارلیں یا دعا کردیں ان شاءاللہ آرام آجائے گا۔ میں نے جس پر بھی دم کیا اسے فوراً آرام آگیا۔ (آمنہ ملک، اسلام آباد)

# مسمی کے چھلکوں اور بیج سے نظر کی کمزوری اور جالا ہمیشہ کیلئے ختم

(ام عنایہ' لاہور)

آج کل گیس کی شکایت اکثر پائی جاتی ہے۔ ستر فیصد آبادی ہاضمے کی خرابی کا رونا روتی ہے۔ غذا کھانے کے بعد کلیجہ جلنے کی شکایت اور پیٹ بڑا ہونے کی بیماری میں صبح آٹھ بجے تین موسمی ناشتہ کے طور پر کھائیں۔ دن کے بارہ ایک بجے پانچ موسمی بطور غذا کھائیں۔

موسمی جسے عوام مسمی کہتے ہیں' مالٹے کی خوش ذائقہ میٹھی قسم ہے جو دنیا بھر میں شوق سے کھائی جاتی ہے۔ قدرت نے اس کے گودے اور چھلکے تک میں غذائی اور شفائی اثرات پیدا کیے ہیں۔ اس میں اسی فیصد مصفا پانی اور بیس فیصد تک گوشت بنانے والے روغنی اور نشاستہ دار اجزا کے ساتھ سوڈیم' پوٹاشیم' فولاد اور فاسفورس کی آمیزش ہے۔ اس میں وٹامنز اے بی' دپائے جاتے ہیں اس کے علاوہ بدن پرور' تازگی بخش وٹامن سی تو اس میں بڑی مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بدن پرور تازگی بخش وٹامن سی تو اس میں بڑی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ موسمی کا مزاج گرم اور تر ہے۔ ایک عمدہ غذا ہونے کے علاوہ یہ قبض کشا ہے تین بڑی موسمی میں دو بڑی چپاتیوں کے برابر غذا ہوتی ہے چھ سات موسمی کھانے سے تین چار گھنٹے بھوک نہیں لگتی۔ معدے میں داخل ہوتے ہی یہ معدے کی ہاضم رطوبتوں کی تراوش بڑھا دیتی ہے اور معدے کی تیزابیت دور کرتی ہے۔ معدہ اس کو دو یا اڑھائی گھنٹے میں ہضم کرلیتا ہے۔

**خواص وعلاج:** آج کل گیس کی شکایت اکثر پائی جاتی ہے۔ ستر فیصد آبادی ہاضمے کی خرابی کا رونا روتی ہے۔ غذا کھانے کے بعد کلیجہ جلنے کی شکایت اور پیٹ بڑا ہونے کی بیماری میں صبح آٹھ بجے تین موسمی ناشتہ کے طور پر کھائیں۔ دن کے بارہ ایک بجے پانچ موسمی بطور غذا کھائیں اور اس کا استعمال جاری رکھیں۔ موسمی کا استعمال خون کی تیزابیت بھی رفع کردیتا ہے۔ پھوڑے' پھنسیاں خارش اور دوسرے جلدی امراض میں مبتلا ہونے والے بھی اس کا استعمال کرکے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔ جب جوڑوں میں یورک ایسڈ جمع ہوجانے سے چھوٹے بڑے جوڑوں میں درد اور سوجن ہو جائے تو صبح سورنجاں شیریں اور سفید زیرہ برابر وزن کوٹ چھان کر سفوف بنا کر تین سے چھ ماشے روزانہ کھایا کریں اور اس کے ساتھ دودھ یا چائے بطور ناشتہ استعمال کریں۔ دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد سونف چبالیا کریں اور سہ پہر دو تین بجے دھوپ کے وقت تین سے نو دانے تک چند روز کھا کر دیکھیں ان شاء اللہ صحت ہوجائے گی۔

موسمی کے بیج اور زرد کوڑی برابر وزن لے کر عرق گلاب میں دو روز کھرل کر کے سرمے کی مانند باریک کرکے آنکھوں میں لگائیں تو جالا کٹ جائے اور نظر تیز ہوجائے۔ اس کے موٹے زرد چھلکے کو آگ پر رکھ کر جلالیں۔ یہ سیاہ رنگ کی جلی ہوئی راکھ کھانسی کیلئے مفید ہے۔ تین ماشے راکھ ایک تولہ شہد یا شربت بنفشہ میں ملا کر بار بار چاٹنے سے گلے کی خراش دور کھانسی ختم اور بلغم بآسانی خارج ہوکر تنگی بفضل خدا دور ہوجاتی ہے۔

## بیر! میٹھا میوہ! کمزوری بھگائے' قوت لائے

بیر ایک مشہور و معروف پھل ہے جسے بچے' بوڑھے اور جوان سبھی بڑی رغبت سے کھاتے ہیں۔ لاعلمی کے باعث عوام الناس اسے صرف ایک معمولی سا پھل اور بچوں کی پسندیدہ چیز سمجھتے ہیں اور انہیں اس امر کا اندازہ ہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بظاہر عام اور معمولی سے پھل میں کس قدر اور کیسے کیسے طبی و صحت بخش فوائد سمو رکھتے ہیں۔ بیر کے چند ایک اہم ترین شفائی اور صحت بخش افادات کی ایک مختصر سی جھلک حسب ذیل ہے:۔ بیری کے پتوں کے جوشاندے سے اگر سر کو دھویا جائے تو اس سے بالوں کو خاطر خواہ قوت و توانائی میسر آسکتی ہے۔ دستوں اور پیچش کے عوارض میں بیر کو بھون کر کھانا چاہیے۔ اگر جنگلی بیری کی جڑ بقدر ایک تولہ لے کر اس میں پانچ سات سیاہ مرچ پانی میں گھوٹ کر کھایا جائے تو یہ مروڑ اور پیچش کے عوارض میں ایک معیاری اور مفید دوا کا کام دیتے ہیں۔ الکحل کی اصلاح کرنے میں لاجواب چیز ثابت ہوتی ہے۔ ایسا ورم جو بسبب گرمی جو گرم اثرات والے امراض کے باعث ہوگیا ہو۔ اُس پر اس کے پتوں کا لیپ کرنا مسیحائی اثرات کا حامل ہے۔ تشنگی کو دور کرنے کیلئے عجیب الاثر چیز ہے۔ اس کے پوست کا برادہ سیلان خون کیلئے مفید ہے۔ اگر جسم میں خلطِ سفرا کا جوش اور تیزی ہو یا خون جوش مارتا ہو تو ایسی حالت میں بیر کا استعمال تسکین کا موجب ہے۔ نوٹ: بیر بہت زیادہ مقدار میں نہیں کھانے چاہئیں نیز اس کے کھانے کے بعد پانی ہرگز نہیں پینا چاہیے۔

> **ایسا انوکھا آسان ٹوٹکہ کے صرف ایک مرتبہ استعمال پر عمر بھر کیلئے غیر ضروری بالوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا پائیں۔ وہ انوکھا آسان ٹوٹکہ پانے کیلئے عبقری جنوری 2018ء خواتین خاص نمبر کا مطالعہ ضرور کیجئے!**

# مراقبے سے علاج

**اس ماہ کا نورانی مراقبہ**

**مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔**

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَاقَوِیُّ یَامَتِیْنُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

## سیڑھیوں میں کھڑی چاند دیکھ رہی تھی کہ۔۔۔!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ تین سال سے مراقبہ کی پریکٹس کر رہی ہوں' ایک مرتبہ مراقبہ میں دیکھا کہ سیڑھیوں پر کھڑی چاند کو دیکھ رہی ہوں چاند انتہائی روشن ہے اور اس میں خانہ کعبہ کی شبیہ ہے۔ پھر ایک مرتبہ دیکھا کہ ایک چشمہ جو کہ انتہائی خوبصورت ہے اور اس کا پانی بہت شفاف اور پاک ہے' حضور نبی کریم ﷺ اس چشمہ سے پانی پیتے ہیں اور بعد میں اسی جگہ سے ایک گھونٹ میں بھی پانی پیتی ہوں۔ کئی مرتبہ مراقبہ کے دوران ہی دیکھا کہ وجدانی کیفیت سے آسمان کی طرف منہ کرکے کہہ رہی ہوں اللہ لا الٰہ الا اور کوئی طاقت مجھے جکڑ رہی ہے (جیسے موٹا اژدھا سانپ) میرے جسم کے گرد لپٹ گیا ہے اور آخر کار میں اسے کھول کر آسمان کی طرف اچھال دیتی ہوں' اس میں سے چنگاریاں نکلتی ہیں اور میں آزاد ہوجاتی ہوں۔ مراقبے کی وجہ سے جہاں مجھے دنیاوی بہت زیادہ فوائد حاصل ہوئے وہیں مجھے نماز میں دھیان نصیب ہوا ہے' دل کسی برائی کا اثر نہیں لیتا جیسے پہلے کوئی قضا نماز یا نفل وغیرہ پڑھتی تو دل انکار کرتا تھا اب بخوشی اجازت دیتا ہے بلکہ ایسا لگتا ہے جیسے سینے میں دل ہی نہیں۔ (رفعت اشتیاق' لاہور)

# جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

## طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلرز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

**پیٹ ہے کہ کم ہی نہیں ہورہا:** میں پہلے موٹی نہیں تھی' پھر شادی سے ایک، دو سال پہلے میرا پیٹ بڑھ گیا' ہر ٹوٹکہ استعمال کرلیا' بہت سارے طریقے اختیار کیے' ٹوٹکے آزمائے' ورزش کی' مگر پیٹ ہے کہ کم ہی نہیں ہوتا' ناف میں تیل بھی لگایا' اب موٹی بھی ہوگئی ہوں' تیس سال کی ہونے والی ہوں' قد چار فٹ دس انچ ہے' شادی کے ڈیڑھ سال بعد بڑے آپریشن سے بچہ ہوا' اتنے سالوں سے کوشش میں لگی ہوئی ہوں پیٹ کم نہیں ہورہا' بیلٹ تک باندھ کر دیکھ لیا' حسرت ہی رہ گئی ہے کہ کیا کبھی یہ پیٹ کم بھی ہوگا۔ براہ مہربانی کچھ بتائیں' بہت دعائیں دوں گی۔ (ن۔ک)

**مشورہ:** ھوالشافی: عناب پانچ دانے' منقیٰ پانچ دانے' لونگ پانچ عدد' دارچینی دو بڑے ٹکڑے اور ایک عدد لیموں بڑے سائز کا اور اگر چھوٹے چھوٹے دو لیموں ڈال لیں تو زیادہ مزیدار بن جائے گا۔ دو کپ پانی ڈال کر لیموں کے علاوہ تمام چیزیں پانی میں ڈال دیں اور پکائیں جب ایک کپ پانی رہ جائے تو چھان لیں۔ منقیٰ کو بیج نکال کر کھالیں اور باقی چیزیں پھینک دیں پھر اس پانی میں لیموں نچوڑ کر پی لیں اگر چاہیں تو تھوڑا سا حسب ذائقہ شہد ملا سکتے ہیں۔ یہ ایک دن کی خوراک ہے۔ ان شاء اللہ بائیس ویں دن آپ حیران ہوجائیں گے لیکن ان 21 دنوں میں چاول ہرگز نہیں کھانے' ہر چیز بازار سے پچاس، پچاس روپے کی لے لیں۔ آسانی سے ہر چیز پنساری سے مل جائے گی۔ مستقل مزاجی اور پابندی سے استعمال کرکے دعائیں لازمی دیں۔ چند ہفتے، چند مہینے مستقل مزاجی اور پرہیز کے ساتھ استعمال کریں۔

**ماہواری کا مسئلہ:** اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں کو سدا آباد رکھے' حضرت صاحب مجھے ماہواری کا مسئلہ ہے' پہلے تو ایک ہفتہ رہتی تھی اب دو ماہ ہوگئے ہیں پورا ماہ ٹھیک نہیں ہوتی' جسم میں شدید درد رہتا ہے' میں بہت پریشان ہوں' لیکوریا بھی ہے اور برابر رہتا ہے' بہت سی ادویات کھالیں مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ زندگی سے اکتا سی گئی ہوں' درس میں آتے ہیں تو سکون ملتا ہے۔ گیارہ سال شادی کو ہوگئے مگر اولاد نہیں ہے۔ (ا۔ب)

**مشورہ:** سنا مکی 50 گندھک آملہ سار 50 گرام کوٹ پیس کر چٹکی بھر دوائی دن میں 4 بار لیں 1 ماہ تک کھٹی ٹھنڈی بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ سے ہارمونز شفاء اور خاتون شفاء ادویات منگوا کر لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

**چھوٹا قد اور جسمانی کمزوری:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 17 سال ہے اور میرا قد چھوٹا ہے اور جسم بہت کمزور ہے اور جب میں کالج جاتا ہوں تو لڑکے بہت تنگ کرتے ہیں' میرا دل بہت کمزور ہے اور گھر میں ہروقت بے سکونی رہتی ہے' میری والدہ عبقری رسالہ لاتی ہیں تو میں بھی پڑھتا ہوں۔ براہ مہربانی میرے مسائل کا حل بتایئے۔ آخری امید سمجھ کر خط لکھ رہا ہوں۔ (ا۔ج، گجرخان)

**مشورہ:** آپ غذائی قلت کا شکار ہیں پوری غذا نہ ملنے سے یہ تمام کمزوریاں ہوئی ہیں۔ خالص مکھن اور عمدہ دیسی گھی کو بھی انسانی صحت کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ جہاں ضروری ہو وہاں ان کا استعمال ضرور کرنا چاہئے۔ خشکی سے بدن سکڑتا ہے اور تری سے جسم پھیلتا ہے، دوا صرف بیماری کیلئے ہے۔ آج کل بازار مچھلی سے بھرے پڑے ہیں خوب مچھلی کھائیں۔ تازہ پھل کھائیں' گاجر چبا کر کھائیں اور روزانہ ایک سے دو گلاس گاجر کے جوس کے بھی پئیں۔ قد بڑھانے کیلئے عبقری دواخانہ کا ''قد دراز کورس'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند کورس استعمال کریں۔

**مونچھیں نہیں آرہیں!** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض خدمت یہ ہے کہ میری مونچھوں اور ٹھوڑی پر بال بالکل نہیں آتے جبکہ میری عمر 23 سال ہے کوئی دوائی تجویز کرکے بھیج دیں یا دوائی کے نام سے مطلع کریں تاکہ میں یہاں سے عبقری دواخانہ سے خریدلوں۔ (عبدالاحد فضل' ڈیرہ اسماعیل خان)

**مشورہ:** آپ پیاز کا رس لیں اس کے ہم وزن شہد اس میں ملالیں اور چہرے کی اس جگہ پر دن میں ایک مرتبہ ملیں جہاں پر بال نہیں آرہے' اس کے علاوہ خالص زیتون کے تیل کی بھی ان جگہوں پر مالش کریں۔ چند ہفتے متواتر یہ عمل کریں ان شاء اللہ بال اگنا شروع ہوجائیں گے۔

**کان کا انفیکشن اور ناک کی سوزش:** مجھے شروع میں دائیں کان میں انفیکشن ہوتی رہی جس کی بنا پر سماعت دائیں کان کی کم ہوگئی ہے ڈاکٹر کہتے ہیں کہ پردہ میں سوراخ ہے جبکہ اگر کوئی مدھم آواز میں بات کرے تو مجھے سننے میں دشواری محسوس ہوتی ہے' اس کے علاوہ ناک میں نمی رہتی ہے جس کی بنا پر ناک پھولا رہتا ہے اگر کوئی طاقتور گرم چیز مثلاً مچھلی وغیرہ کھالوں تو ناک چھوٹا ہوجاتا ہے اور نمی ختم ہوجاتی ہے اور میرے سر کے بال بھی اسی وجہ سے سفید ہوتے جارہے ہیں اور سر میں بھی اکثر تناؤ رہتا ہے جو شاید نزلہ کی وجہ سے ہے۔ براہ مہربانی میرے مسائل کا حل بتایئے۔ (محمد آصف علی' ملتان)

**مشورہ:** آصف بھائی! آپ عبقری دواخانہ سے ''الرجی نزلہ کورس'' منگوا کر چند کورس استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

**جوڑوں کا درد:** میری والدہ بعمر 58 سال' گھٹنے ڈاکٹروں کے مطابق ختم ہوچکے ہیں' انہیں چلنے پھرنے میں شدید مشکل پیش آتی ہے' گردن کے مہروں اور جوڑوں اور کمر میں درد رہتا ہے' اگر لیٹی بھی رہیں تو ٹانگوں کے پٹھوں میں درد اور سوجن رہتی ہے' خون دورہ نہیں کرتا۔ ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیاں سن رہتی ہے۔ مؤثر علاج بتایئے۔ (م۔آ)

**مشورہ:** آپ معجون فلاسفہ ایک چمچ' کلونجی آدھا چمچ صبح دوپہر شام دو ماہ مستقل استعمال کریں۔ نہایت اعلیٰ نسخہ ہے۔ اس کے علاوہ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کے جملہ امراض کا علاج ہے۔

**خدارا! میرے چہرے کا کچھ کریں:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو' عبقری رسالہ کو اور آپ کی آل اولاد کو قیامت تک رحمتیں و برکات' حفاظت اور عنایات جاری و ساری رکھے۔ محترم حضرت حکیم صاحب میں بہت زیادہ پریشان ہوں' تقریباً بیس سال سے میرے چہرے پر چھائیاں ہیں' مہنگے سے مہنگے اسپیشلسٹ ڈاکٹرز سے علاج کروایا' مہنگی سے مہنگی کریم استعمال کی' جتنا عرصہ کریم استعمال کرؤ' تھوڑا سا فرق پڑتا ہے بعد میں پھر ویسے ہی ہوجاتا ہے' مہربانی فرما کر میرے چہرے کا علاج کریں' میں بہت دعا گو ہوں گی' پورے ماہ کا خرچ چہرے پر لگا دیتی ہوں' چھائیوں کی وجہ سے خاوند بھی پیار نہیں کرتا۔ (ش۔پ)

**مشورہ:** بہن! آپ لگانے سے زیادہ کھانے کی ادویات، یعنی غذائی ادویات اور پرہیز کی طرف توجہ دیں۔ اس سے فائدہ زیادہ ہوگا۔ معجون عشبہ، اطریفل منڈی، جوارش جالینوس اور پر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق مستقل استعمال کریں اور مستقل 3 ماہ تک استعمال کریں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

"جنوری کا خواتین خاص نمبر" خاص آپ کیلئے ہی ہے!

خواتین کی ایسی چھوٹی چھوٹی پیچیدہ بیماریاں جن کا علاج کرتے کرتے وہ قبر میں تو چلی جاتی ہیں مگر چھٹکارا نہیں ملتا۔ آیئے ان مسائل سے چھٹکارا پائیں۔

ہر جگہ کامیابی ہی اور عزت ملے: جو شخص کثرت سے اسم الٰہی اَلْمُتَکَبِّرُ کا ورد رکھے گا' اللہ تعالیٰ اسے عزت اور بڑائی عطا فرمائیں گے اور اگر ہر کام کی ابتداء میں یہ اسم مبارک بکثرت پڑھے تو ان شاء اللہ کامیاب ہوگا۔

# معاشقوں میں ڈوبا تھا درس نے زندگی بدل ڈالی

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

قارئین! حضرت جی! کے درس' موبائل (میموری کارڈ)' نیٹ وغیرہ پر ملنے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں' انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

**محترم شیخ الوظائف** السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو کروڑوں رحمتیں' برکات عطا فرمائے' امت کی خیر خواہی کے جس جذبے کو لے کر آپ چل رہے ہیں اور جس خدمت کو لے کر چل رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو ہمیشہ قائم دائم رکھے اور مجھ گنہگار کو بھی اس خدمت کے جذبے میں سے تھوڑا سا حصہ عطا فرمائے آمین! محترم شیخ الوظائف! تسبیح خانہ سے مجھے کیا کچھ ملا؟ اس کو بتانے سے پہلے میں اپنی گزشتہ زندگی کا احوال آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ میں چھوٹا سا تھا جب میری والدہ اور میرے والد کی آپس میں طلاق ہوگئی' میرے والد نے زبردستی مجھے اپنے پاس رکھ لیا' قصور میرے والد کا ہی تھا یہ میری والدہ پر بہت زیادہ تشدد کرتے اور انہیں باندھ کر ان کے سر پر سخت چمڑے کے جوتے برساتے' جوکہ طلاق کے بعد پاگل ہوگئیں اور نامعلوم کہاں چلی گئیں ابھی تک ان کا کچھ علم نہیں۔ میں تیسری جماعت میں ہی تھا کہ میں نے محسوس کرنا شروع کر دیا کہ میرے والد اچھے انسان نہیں ہیں' جب تھوڑا بڑا ہوا تو میں نے محسوس کیا کہ میرے والد ہفتے میں ایک مرتبہ گھر کی بیٹھک میں شراب' کباب اور شباب کی محفل سجاتے ہیں۔ صبح کو کمرے سے انتہائی گندی بدبو آتی' اس گھر میں صرف میں اور میرے بوڑھے دادا تھے یارات کو میرے عیاش والد آتے۔ میرے والد کا اپنا بزنس تھا اور ایک پوری بلڈنگ کرائے پر لے رکھی تھی جس میں کاروبار کے علاوہ چند کمرے صرف ''عیاشی'' کیلئے بنائے ہوئے تھے۔ یہ سب بتانے کا مقصد صرف یہ ہے کہ میری پرورش کیسے ماحول میں ہوئی' میں جیسے جیسے بڑا ہوتا گیا میرا ذہن بھی ان باتوں کی طرف بڑھنا شروع ہوگیا جبکہ میں روزانہ رات کو اپنے بوڑھے دادا کو دباتا تھا تو اس دوران میرے دادا مجھے اولیاء اکرام کے واقعات سناتے' اپنے پیرومرشد کی باتیں بتاتے' مجھے یہ باتیں بہت اچھی لگتی تھیں' مگر میں جس ماحول میں پل رہا تھا اسی رنگ میں رنگتا بھی چلا جارہا تھا' والد کے صبح دفتر جانے کے بعد میں اکثر اس کمرے میں چلا جاتا جہاں عیاشی کا ہر سامان موجود ہوتا تھا' اس کمرے میں ایک بڑا ٹی وی پڑا ہوتا تھا اور ساتھ ہی ایک دراز میں لاتعداد فحش فلمیں جس کو تالا لگا ہوتا تھا' میں نے دراز کی بیک سائیڈ سے ایک سوراخ بنایا اور بڑی مہارت سے روزانہ ایک یا دو فلمیں نکالتا اور دیکھتا۔ میرے اوائل جوانی کے دن رات اس طرح گزرنا شروع ہوگئے۔ کچھ عرصہ گزرا میں ابھی گیارہویں جماعت میں ہی تھا کہ ہماری ایک ہمسائی جس کا ہمارے گھر شروع سے آنا جانا تھا اور وہ میرے دادا کی بیٹی بنی ہوئی تھی اس کا شوہر بیرون ملک تھا۔ اس کا اور میرا معاشقہ چل نکلا اور میں کئی سال میں اس گندگی کی دلدل میں ڈوبا رہا' اس کا بات کا علم میرے دادا اور میرے والد کو ہوا تو انہوں نے میری شادی کا پروگرام بنالیا اور میری شادی حیدرآباد کے علاقہ میں کردی گئی۔ بس یہی سے میری زندگی تبدیل ہونا شروع ہوئی' میری اہلیہ بہت اچھی ثابت ہوئی' اس نے میرا بہت ساتھ دیا' میرے والد کا کاروبار ختم ہوگیا' ہم پر فاقے آگئے' میرے سسرال والوں نے میری حالت دیکھی تو مجھے حیدرآباد بلالیا اور مجھے ایک چھوٹا سا کاروبار کر کے دیا' مگر میرے گھر سے فاقے نہ گئے' میں بہت پریشان تھا اس سب کے ساتھ میرے اندر سے عورت کی حرص (یعنی جو مجھے گھٹی میں ملا تھا) وہ نہ گئی۔ راہ چلتی عورت کے ساتھ لگنا' اس کو ہاتھ لگانا میرا پسندیدہ مشغلہ سمجھ لیں یا میں عادت سے مجبور تھا' میں خاص طور پر ان بازاروں میں جاتا جہاں خواتین کا رش زیادہ ہوتا تھا' اسی طرح میں ایک مرتبہ اپنے علاقہ سے دور ایک اتوار بازار گیا جہاں خواتین کا خوب رش تھا میں اپنی اسی عادت سے مجبور ہوکر بازار میں گھس گیا راہ چلتی خواتین سے نازیبا حرکات کرنا شروع کرتا اور اپنے آپ کو جھوٹی تسکین دینا شروع ہوگیا' ایک عورت نے میرا ہاتھ پکڑا اور شور ڈالنا شروع ہوگئی' مجھے لوگوں نے پکڑا' خوب تشدد کا نشانہ بنایا اور میرے سر کے بال اور مونچھیں کاٹ کر گدھے پر بٹھا کر پورے علاقہ کا چکر لگوایا' اس دن میں بہت رویا' میں قریبی حمام سے نہایا' میرا گھر جانے کو دل ہی نہ چاہے شہر سے باہر نکلا تو قریب ہی ایک کھیت تھا میں دوڑ کر اس میں گھس گیا۔ کھیت کے درمیان میں جا کر میں لیٹ گیا اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر خدا کو چیخ چیخ کر یاد کیا اور دھاڑیں مار مار کر رویا۔ نامعلوم میں کتنی دیر وہاں لیٹا روتا رہا' جب دل خوب ہلکا ہوا تو اٹھا ہاتھ منہ قریب بہتے پانی سے دھوئے اور گھر کی طرف روانہ ہوگیا۔ گھر والوں کے پوچھنے پر صرف اتنا بتایا کہ ایک جگہ جھگڑا ہوگیا تھا نامعلوم لوگوں نے پکڑ کر میرے بال کاٹ دیئے۔ میں اندر سے ٹوٹ چکا تھا' ایک دن ایسے ہی افسردہ بیٹھا تھا تو میری اہلیہ کا بھائی گھر آیا تو اس کے ہاتھ میں عبقری رسالہ تھا' اس نے مجھے عبقری رسالہ پڑھنے کا مشورہ دیا اور ساتھ شیخ الوظائف کے بارے میں تفصیلاً بتایا۔ مزید اس نے اپنے موبائل میں موجود میموری کارڈ جو کہ حضرت شیخ الوظائف کے دروس سے بھرا تھا مجھے تھما دیا' میں نے درس سننا شروع کیے اور جیسے جیسے درس سنتا گیا میری حالت بدلتی چلی گئی۔ اب ڈیڑھ سال ہوگیا ہے میں شیخ الوظائف کے درس سن رہا ہوں اور اس میں بتائے گئے اعمال کر رہا ہوں' اللہ نے میرے کاروبار کو دن بدن بہتر سے بہترین کردیا' میرے پاس ایک چھوٹی سی دکان تھی' میں نے بیچ میں سے دیوار توڑ کر دکان کو بڑا کرلیا' الحمدللہ میرا کاروبار اب بہت خوب چل رہا ہے۔ میں سارا دن دکان میں شیخ الوظائف کے درس سنتا رہتا ہوں' اس کے ساتھ آپ کا بتایا وظیفہ دو انمول خزانہ اکثر میری زبان پر جاری رہتا ہے' آخری چھ سورتوں کو صبح و شام اور نماز میں پڑھتا ہوں' سورۂ الم نشرح زیادہ سے زیادہ پڑھنے کی کوشش کرتا ہوں۔ کھانے کے بعد اور ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورۂ قریش پڑھتا ہوں۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ دعا ہر نماز کے بعد اور وضو میں پڑھتا ہوں۔ نماز میں درود شریف کے بعد رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ﴿الفرقان ۷۴﴾ بھی پڑھتا ہوں۔ شیخ الوظائف کے درس سن کر میرا دل مطمئن رہتا ہے' دل کو سکون ہے میرا رب مجھے جانتا ہے۔ یہ ساری برکات شیخ الوظائف کے بتائے اعمال کی وجہ سے ہیں کہ میں بدنظری اور حرص کی اس عادت سے بچ چکا ہوں' پہلے چھٹی والا دن گناہوں کی نذر ہوجاتا تھا مگر اب زیادہ سے زیادہ وقت ذکر کرتا رہتا ہوں۔ میری زندگی بدل گئی ہے۔ ہر جمعرات لائیو آپ کا درس اہتمام سے تمام گھر والے سنتے ہیں۔ اب بھی سوچتا ہوں کہ میرا نفس اور شیطان مجھ پر بہت زیادہ بھاری تھا یہی بات یاد آتی ہے کہ میں کھیت میں بازو اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے بہت رویا تھا شاید میرے رب نے مجھے اسی وقت قبول کرلیا تھا۔ آپ کے درس سننے کے بعد میں نے کئی مرتبہ اپنے رب کو حاضر ناظر جان کر اپنے والد کو معاف کر دیا ہے۔


خواتین کی ماہواری کے کمی یا زیادتی کے ایسے آزمودہ ٹوٹکے کے آپ حیران ہی رہ جائیں۔ یہ ٹوٹکے جاننے کیلئے

15 جنوری 2018ء خواتین خاص نمبر میں ضرور پڑھیے

**تو واقعی سب سے بُرا ہے:** اگر کوئی تجھے "سب سے بُرا" کہہ دے اور تجھے واقعی غصہ آ جائے تو سمجھ لے کہ تو واقعی "سب سے بُرا" ہے۔ (سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ)

# جو چاہتی ہوں رب سے لیتی ہوں! عمل جان لیں

(عظمیٰ اعجاز، لاہور)

**اگر تجھے میری یہ بات پسند ہے تو اس کا کام بھی بنا دے اور میرے مسئلے بھی حل کر دے' پھر میرے کام بنتے بھی ہیں۔ پہلے دعا رتو ہوتی تھی مگر توجہ نہیں ہوتی تھی مگر اب مانگتی ہوں اور کئی بار ایسی کیفیت بن جاتی ہے کہ مجھے یقین ہو جاتا ہے کہ جو مانگ رہی ہوں وہ بس مل گیا ہے**

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنی زندگی کے حالات و تجربات لکھتی رہتی ہوں جو کچھ ملا ہے درس سے اور اعمال سے وہ بیان کروں تو میری تحریر بہت لمبی ہو جائے گی مجھے یہاں سے جو قیمتی چیز ملی وہ یقین سے مانگنا ملا ہے حضرت میرے کچھ تجربات ہیں جن کی وجہ سے اللہ کی ذات پر یقین اتنا پختہ ہوا ہے کہ میں نے اب یہ سوچنا چھوڑ دیا ہے کہ کچھ ناممکن بھی ہے بس یقین ایسا ہو کہ مانگا اور لے کر ہی اٹھنا ہے میں نے سب سے پہلے اللہ کے حضور سچے دل سے اپنے کچھ گناہوں سے توبہ کی اور اللہ سے توبہ پر استقامت مانگی میرا اللہ بڑا کریم ہے اس نے مجھے میری توجہ پر استقامت عطا فرمائی میرے کئی سالوں کے کام ایسے تھے جن کیلئے میں دعائیں کر کر کے تھک گئی مگر وہ ہو نہیں رہے تھے مگر اب ایک ایک کر کے سارے کام ہو رہے ہیں مجھے اب کوئی بھی مسئلہ ہو میں یہ ہی عمل کرتی ہوں میں رات کو عشاء کی نماز کے بعد سوتی نہیں قرآن پاک پڑھتی ہوں' نوافل پڑھتی ہوں اور میں اپنا ہر کام نفلوں سے کروا لیتی ہوں۔ عمل یہ ہے: رات کو جب سب سو جاتے ہیں تو تقریباً ایک بجے وضو کر کے سب سے پہلے توبہ کے نوافل پڑھتی ہوں سورۂ فاتحہ اور اخلاص کے بعد آیۃ کریمہ پڑھتی ہوں جب تک کھڑی رہ سکوں' پہلی رکعت میں پڑھتی ہوں مگر جو خاص بات ہے وہ یہ کہ آیۃ کریمہ پڑھتے ہوئے میں اس کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھتی ہوں اور اس کے معنی کو ذہن میں دہراتی ہوں اور میں یہ ہی خیال رکھ کر کہ یہ جو میں پڑھ رہی ہوں وہ سچ ہے' میں نے ہی گناہ کیا' میں ہی گنہگار ہوں اللہ تو پاک ہے بس مجھے معاف کر دے' بس میں اسی خیال سے پڑھتی ہوں کہ یہ میرے لیے ہی ہے' کئی بار گناہوں کا خیال آتا ہے تو ندامت سے آنسو بھی آ جاتے ہیں اسی طرح پڑھتے جب تھک جاتی ہوں تو پھر رکوع اور سجدہ کے بعد دوسری رکعت بھی ادا کرتی ہوں ہاتھ پھیلا کر (سیدھے رکھ کر) اپنے گناہوں کی معافی مانگتی ہوں پھر اٹھ کر میں حاجت کے نوافل کی نیت کر کے دو نفل ادا کرتی ہوں' ان نوافل میں میں سورۂ فاتحہ اور اخلاص کے بعد سورۂ مائدہ کی آیت جو کہ میں پچھلے دو سالوں سے رمضان میں پڑھ رہی تھی وہ اکیس بار پڑھتی ہوں دھیان یہ ہوتا ہے کہ اللہ کریم سے لینا ہے' اللہ کریم کے خزانے کھلے ہوئے ہیں اور مجھے مل رہا ہے' پھر رکوع اور سجدہ کے بعد دوسری رکعت ادا کرتی ہوں پھر میں بعد سلام گیارہ بار یہی آیۃ پڑھ کر اور حاجت کو ذہن میں رکھ کر لمبی دعا کرتی ہوں مگر میں دعا میں پہلے تمام امت کیلئے پھر خود کیلئے مانگتی ہوں' میرا کام نہ ہو ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ مجھے اللہ کی ذات پر اور اس کے کلام پر اتنا ہی یقین ہے جتنا کہ اپنی موت کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر اللہ کے حضور پیش ہونے پر شرط یہ ہے کہ یقین پختہ اور دھیان اللہ کی طرف ہو تو ہر جائز حاجت پوری ہوگی میں نے کئی بار آزمایا ہے اگر میری حاجت جو کہ میں چیز مانگ رہی تو میں اللہ کریم سے دعا کرتی ہوں کہ یا اللہ تو جانتا ہے جو بہتر ہے اگر یہ میرے حق میں بہتر ہے تو عطا کر دے اگر نہیں تو اس سے بہتر عطا کر میں نے اپنے اور اپنے بچوں کے تمام معاملات کے فیصلے تجھ پر ہی چھوڑ دیئے کیونکہ تو اپنے بندوں کا بُرا نہیں کر سکتا میں تیرے عرشی فیصلوں پر راضی ہوں تو مجھ سے راضی ہو جا' میں اللہ کو اس کی نعمتیں گنواتی ہوں جو اس نے مجھے دیں پھر شکر ادا کرتی ہوں' دو نوافل شکرانے کے بھی ادا کرتی رہتی ہوں' میں قسم کھا کر کہتی ہوں کہ ملتا ہے بس اللہ پر یقین پختہ ہو کہ جو مانگا ہے وہ لینا ہے یہ میرے پاس اسم اعظم ہے۔ مجھے اللہ سے لینا آ گیا' جب آپ سے ملاقات کا وقت ملنا شروع ہوتا ہے میں مسلسل کوششیں کرتی ہوں اور میرا اللہ میری مدد کرتا ہے مجھے وقت ملتے ہیں مگر میں وہ ٹائم ان کو دے دیتی ہوں جو پہلی بار آنے والے ہوں کیونکہ میں اعمال اور درس کا سب کو بتاتی ہوں' لوگوں کو ٹائم دے کر پھر اللہ کے سامنے منگتی بن جاتی ہوں کہ یا اللہ تیرے دکھی بندے کو تیرے ہی ایک نیک بندے کے پاس بھیجا ہے اگر تجھے میری یہ بات پسند ہے تو اس کا کام بھی بنا دے اور میرے مسئلے بھی حل کر دے' پھر میرے کام بنتے بھی ہیں۔ پہلے دعا رتو ہوتی تھی مگر توجہ نہیں ہوتی تھی مگر اب مانگتی ہوں اور کئی بار ایسی کیفیت بن جاتی ہے کہ مجھے یقین ہو جاتا ہے کہ جو مانگ رہی ہوں وہ بس مل گیا ہے۔ اللہ نے دے دیا ہے' کئی بار میں اللہ سے کہتی ہوں کہ مجھے لینا ہے اور مجھے پتہ ہے جس سے مانگ رہی ہوں وہ ضرور دے گا' میں پھر حقیقت بیان کر رہی ہوں خدا کی قسم لے لیتی ہوں' ملتا ہے جن کو نہیں ملتا ان کو مانگنا نہیں آتا۔

# لگا تار عمل

مولانا وحید الدین خاں

کمیونسٹ چین کے سابق چیئرمین ماوزے تنگ نے ایک دلچسپ کہانی لکھی ہے۔ پرانے زمانے میں چین کے شمالی علاقہ میں ایک بوڑھا آدمی رہتا تھا۔ اس کے مکان کی سمت جنوب کی طرف تھی۔ اس بوڑھے آدمی کی مشکل یہ تھی کہ اس کے دروازے کے سامنے دو اونچے اونچے پہاڑ کھڑے ہوئے تھے، اس پہاڑ کی وجہ سے سورج کی کرنیں اس کے گھر تک کبھی نہ پہنچتی تھیں۔ ایک دن اُس بوڑھے آدمی نے اپنے جوان بیٹوں کو بلایا آؤ! ہم اس پہاڑ کو کھود کر یہاں سے ہٹا دیں تاکہ سورج کی کرنیں بلا روک ٹوک گھر میں داخل ہو سکیں۔ بوڑھے آدمی کے پڑوسی کو اس کا یہ منصوبہ معلوم ہوا تو وہ ہنسا۔ اس نے اس بوڑھے آدمی سے کہا میں یہ جانتا تھا کہ تم ایک بے وقوف آدمی ہو لیکن مجھے یہ گمان نہ تھا کہ تم اتنے بے عقل ہو گے۔ آخر یہ کیسے ممکن ہے کہ تم اپنی کھدائی کے ذریعے ان اُونچے اُونچے پہاڑوں کو یہاں سے ہٹا دو گے۔

بوڑھے آدمی نے نہایت سنجیدگی کے ساتھ جواب دیا: تمہارا کہنا درست ہے۔ لیکن اگر میں مر گیا تو میرے بیٹے اس کو کھودیں گے۔ ان کے مرنے کے بعد ان کے بیٹے، پھر ان کے مرنے کے بعد ان کے بیٹے اس طرح کھدائی کا یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا، تم جانتے ہو کہ پہاڑ آئندہ زیادہ بڑے نہ ہوں گے، ہر مزید کھدائی ان کے حجم کو کم کرتی رہے گی، اس طرح آج کے دن نہیں تو اگلے دن یہ مصیبت ہمارے گھر کے سامنے سے ختم ہو چکی ہوگی۔ یہ کہانی بڑی خوبصورتی کے ساتھ یہ بتا رہی ہے کہ بڑی کامیابی کے لئے بڑا منصوبہ درکار ہوتا ہے۔ اگر آپ اس دنیا میں کوئی بڑی کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو بڑے منصوبے کے لئے بھی تیار رہنا چاہئے اور ان تمام تقاضوں کو پورا کرنا چاہیے، جو ایک بڑے منصوبے کو مسلسل چلانے کے لئے ضروری ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ مسائل کے مقابلے میں ان کے حل کی طاقت زیادہ ہوتی ہے، مسائل ہمیشہ محدود ہوتے ہیں اور ان کا حل لامحدود، اگر آپ حل کی اس اسکیم کو نسل در نسل چلا سکیں تو آپ ہر پہار کو کاٹ سکتے ہیں اور ہر دریا کو عبور کر سکتے ہیں، جو شخص لگا تار عمل کرنے کے لئے تیار ہو اس کے لئے کوئی پہاڑ پہاڑ نہیں اور کوئی دریا دریا نہیں۔


**جس نے آزمایا خوشحال ہوگئی!**

خاوند کی گالیوں اور مار کٹائی سے تنگ خواتین کیلئے ایسا آسان اور آزمودہ عمل "جنوری 2018ء میں ملاحظہ کیجئے"

**پیشاب کی تمام شکایات کا حل:** مولی کے مسلسل کھانے سے پیشاب کا رک رک کر آنا، جل کر آنا، کم آنا یا قطرہ قطرہ آنا یہ تمام شکایات دور ہوجاتی ہیں۔

# بڑھتی طلاقیں! خدارا بچوں کیلئے خود کو بدل لیں!

عثمان انور/لاہور

**ہمیں آج ایسے والدین سے مکالمہ کرنا ہے کہ بکھرے ہوئے گھرانے کے بچے جب عمر کے ایک خاص حصے خصوصاً بلوغت کی عمر کو پہنچتے ہیں تو دوسرے مطمئن گھرانوں اور والدین کی شفقتوں سے معمور خاندانوں سے اپنی محرومیوں کا موازنہ کر کے پریشان ہوتے ہیں۔**

یہ آج کی بات نہیں، کہتے ہیں شادی ہمیشہ ہی سے جوا تھی، ہوتا دراصل یہ ہے کہ میاں بیوی بھی وقت اور تجربے کے ساتھ ساتھ بدلتے اور 'بڑے' ہوتے ہیں۔ یہ صرف طلسماتی اور تصوراتی کہانیوں کا انجام ہوتا ہے کہ" پھر وہ ہنسی خوشی رہنے لگے۔" بدلتی ہوئی زندگی، معاشی وتہذیبی ٹکراؤ، ثقافتی وتعصباتی طرزفکر بھی شادی ٹوٹنے اور گھر کے بکھرنے کی وجوہات ہوسکتی ہیں۔ شادی کی کوئی گارنٹی نہیں دے سکتا کہ اسکی کامیابی کی عمر کس قدر طویل ہوسکتی ہے۔ یہ کتنی پائیدار اور محبت بھری ہوگی یا چند برسوں میں طلاق کی شرح بڑھ گئی ہے۔ یہی وجہ کہ فیملی کورٹوں میں ہزاروں مقدمات، بچوں کی سرپرستی اور عدالت سے متعلق فیصلوں کے منتظر ہیں۔ گھر کے بکھرنے اور خاندان کے منتشر ہوجانے کا مسئلہ کہاں سے شروع ہوتا ہے؟ جب آپس میں افہام وتفہیم کا رشتہ نہیں رہتا۔ عدم اعتماد، برداشت شخصیتوں، مزاجوں اور تربیت میں طبقاتی تفریق یہ سب ایسے مسائل ہیں جو ترقی یافتہ معاشرے میں عام ہوتے جارہے ہیں۔ شوہروں نے بیویوں اور بیویوں نے بھی شوہروں سے غیرضروری توقعات اور خواہشات کی تکمیل کی ایک لمبی فہرست ترتیب دے رکھی ہے۔ دونوں اطراف کے والدین نے بھی مسائل کو سلجھانے میں ثالث کا کردار بخوبی انجام دینا چھوڑ دیا ہے۔ بزرگوں کے تعصباتی فیصلوں سے تعلق استوار کیے رکھنے کی کوئی صورت نہیں نکلتی۔

اگر فریقین باہمی مفاہمت اور رواداری سے کام نہیں لیتے تو ضروری نہیں کہ وہ بچے کی ذمہ داری کا احساس بھی کریں۔ ایسے بہت سے خودغرض والدین موجود ہیں جو بچوں کی خاطر سمجھوتہ نہیں کرتے۔ کچھ مرد لڑکوں کی سرپرستی اور تحویل پر زور دے کر لڑکیوں کو ماؤں کے ساتھ رہنے دیتے ہیں۔ کچھ اولاد سپرد کر کے اپنی جذباتی ضرورتوں کی تکمیل کرنے کیلئے الگ ہوجاتے ہیں اور فی زمانہ ایسی ماؤں کی بھی کمی نہیں جو شیرخوار بچوں کو چھوڑ کرنئی بیاہتا زندگی گزارنے لگتی ہیں۔ اس پورے منظر نامے میں بچوں کا متاثر ہونا فطری امر ہے۔ بچے کو مجبوری سمجھنا یا اس کی تحویل کے لیے عدالت سے رجوع کرنا اس کی شخصیت کو مسخ کرتا ہے۔ یہ شاید خودغرض افراد نہیں جانتے، انہیں بچے کے ذہن میں بھرپور ومکمل خاندانی زندگی اور گھر پیارا گھر' کے تصور اور جنت اراضی کی حقیقت کا پتا ہی نہیں۔ وہ اپنے تلخ تجربوں اور بداخلاقی کے مظاہروں سے اُس بت کو توڑ دیتے ہیں، جس کے بعد نہ تولہجوں میں محبت کی چاشنی رہتی ہے، نہ نگاہوں میں رشتوں کی عزت اور احترام ہی باقی رہتا ہے۔ ہمیں آج ایسے والدین سے مکالمہ کرنا ہے کہ بکھرے ہوئے گھرانے کے بچے جب عمر کے ایک خاص حصے خصوصاً بلوغت کی عمر کو پہنچتے ہیں تو دوسرے مطمئن گھرانوں اور والدین کی شفقتوں سے معمور خاندانوں سے اپنی محرومیوں کا موازنہ کر کے پریشان ہوتے ہیں۔ اُن کے ذہنی تفکرات کا اثر عمومی صحت پر پڑتا ہے۔

معاشرے میں کئی گھرانے ایسے بھی موجود ہیں جنہیں خراب خانگی زندگی پر مشتمل کہا جاسکتا ہے۔ جہاں دن رات میاں بیوی اپنے اختلافات کو زیر بحث لاتے ہیں۔ بداخلاقیوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیختے چلاتے ہیں۔ اپنی اناؤں کے ٹکراؤ اور اختلافات کا اظہار بچوں کے سامنے کرتے ہیں، تب بھی بچوں کی شخصیت مسخ ہوتی ہے اور محبت بھرے رشتوں سے اُن کا اعتبار اُٹھتا چلا جاتا ہے۔ وہ سوچتے ہیں کہ کیا ہم کبھی مل جل کر نہیں رہ سکتے؟ یا کبھی ہم اچھی طرح بھی رہتے تھے۔ اگر ماں مدبر نہ ہو اور وہ نباہ کرنا نہ چاہتی ہو تو ایسے گھرانوں میں بچے روتی ہوئی ماں اور چیختے چلاتے باپ سے ایک ہی سبق لیتے ہیں اور وہ ہوتا ہے بدتمیزی، تشدد اور عدم مفاہمت کا، کیا آپ ایسی بری خانگی زندگی کا تصور کرسکتے ہیں، جہاں رشتوں کا احترام کوئی معنی نہ رکھتا ہو۔ کیا آپ اپنی انا اور خودغرضی میں بچوں کو کھودینا پسند کرسکتے ہیں۔ ذرا سوچ لیں کہ مختصری زندگی میں کتنے نقصانات اور خسارے جھیلے جاسکتے ہیں۔

بچے معصوم ہوتے ہیں۔ وہ عمر کے اس حصے میں یہ فیصلہ کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے کہ انہیں والدین میں سے کسی ایک کا انتخاب کن بنیادوں پر کرنا ہے۔ وہ طلاق کی اہمیت جانتے ہیں، نہ انہیں مذہب اور معاشرے کے ضابطوں اور قوانین کا علم ہی ہوتا ہے۔ وہ شروع شروع میں ہی تصور بھی نہیں کر پاتے کہ والدین الگ بھی رہ سکتے ہیں یا اُن کے سامنے بچوں کی حیثیت ثانوی بھی ہوسکتی ہے۔ بچوں کی شخصیت پر بکھرے ہوئے خاندان کے کبھی اچھے اثرات مرتب نہیں ہوتے۔ یہ بات والدین کو سمجھ لینی چاہیے مثلاً اگر کسی بچی کو ایسے والدین سے سابقہ پڑ جائے تو اس کی جذباتی اور نفسیاتی دنیا میں تہلکہ مچ گا۔ وہ اندر اور باہر کہاں کہاں سے نہیں ٹوٹے گی؟ ایسی صورت میں کہ جب اسے حقیقی ماں یا باپ کے ساتھ ساتھ کسی سوتیلی ماں یا باپ کے ساتھ زندگی گزارنی پڑے تو نئے مسائل سامنے آسکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ وہ ناپسند کی جائے، اُسے قبول نہ کیا جائے۔ نئے خاندان میں اس کے رشتے استوار نہ ہوسکیں۔ بیٹا ہے تو اسے بھی ایسے مسائل سے نبٹنا پڑسکتا ہے۔ بچپن میں معصومانہ خواہشوں کی تکمیل نہ ہو تو بھی شخصیت کے پروان چڑھنے میں محرومیوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ جس بچے کی شخصیت کی تعمیر میں توازن اور تربیت نہ ہو، اس میں انتقامی جذبے پنپنے لگتے ہیں، وہ ساتھیوں پر تشدد کرسکتا ہے، زبانی بدکلامی کرسکتا ہے۔ یہ معاندانہ رویے اس کی بکھری ہوئی شخصیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ لیکن بہت سے سوالوں کا جواب اتنی کم عمری میں نہیں ملتا۔ والدین کو اپنی زندگیوں میں بچوں کے لیے اتنا وقت ضرور نکالنا چاہیے کہ وہ انہیں بہتر حال اور اچھا مستقبل دے سکیں اور صرف روپے پیسے سے ہی ان کی ضروریات نہ پوری کریں۔ انہیں جذباتی سہارا بھی دیں، مثلاً ایک بچہ باپ کی انگلی تھامے پہلے دن اسکول جانا یا سڑک پار کرنا اپنے لیے بہترین تفریح یا جذباتی ضرورت سمجھتا ہے۔ اس سے اسے نفسیاتی تسکین اور خوشی ملتی ہے۔ جو اسکی شخصیت کے خلا کو پُر کردیتی ہے۔ اسی طرح ماں کے ساتھ کوئی نہ کوئی جذباتی وابستگی کی مثال دے جاسکتی ہے لیکن اس صورت میں جب دونوں میں سے کوئی ایک فریق موجود نہ ہو تو کیا ہوگا؟ یہ کمی محرومی کی جو شکل اختیار کرے گی، اس کا تدارک کیسے ممکن ہے۔ ایسے جذباتی نقصانات بچے کو تن تنہا جھیلنے پڑتے ہیں، جس سے اس کی تعلیمی کارکردگی خراب ہوتی ہے۔ وہ دوستوں میں اپنی مقبولیت کھوسکتا ہے اور اس کی ذاتی زندگی اتھل پتھل ہوکر رہ جاتی ہے۔ نفسیاتی ماہرین کے خیال میں بچے عمر کی پختگی کو پہنچ کر والدین کے بجائے دیگر متعلقین کو اس سارے جھگڑے کی جڑ سمجھتے ہیں یا کسی ایک فریق سے نفرت کرنا شروع کردیتے ہیں۔ اس سے قطع نظر ممکن تو یہ بھی ہے کہ ایسا کچھ غلط نہ کریں اور والدین کی امنگوں یا ضرورتوں کا احساس کرلیں۔ خود اپنا خیال رکھنا شروع کردیں اور زندگی کو ناکامی سے تعبیر کرنے کے بجائے صحت مندانہ خطوط پر گزارنا شروع کردیں۔ لیکن کوئی بچہ ایک دن میں بڑا اور ذمہ دار رکن نہیں بن سکتا۔ اے والدین حضرات وخواتین اپنی زندگیوں کو طلاق جیسی سنگین شکل تک لاتے لاتے ان معصوموں پر ضرور نظر رکھیں، جن کا کوئی قصور نہیں کہ وہ آپ کے گھر میں پیدا ہوئے۔

دنیا کی محبت میں گرفتار توجہ فرمائیں! جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اسم الٰہی یَاقَھَّارُ پڑھے تو ان شاء اللہ دنیا کی محبت اس کے دل سے دور ہوجائیگی اور خدا کی محبت پیدا ہوجائیگی۔

# حسین ہونے کیلئے ان اصولوں کا جاننا انتہائی ضروری ہے!

زونیرہ (زوبی) راولپنڈی

بہت سی خواتین سمجھتی ہیں کہ اگر وہ اپنی جلد کے اوپر خلیوں کو رگڑ کر اتار پھینکیں تو نیچے سے زیادہ صحت مند اور خوبصورت جلد برآمد ہوگی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ عمل جلد خود انجام دیتی ہے تاہم یہ ممکن ہے کہ ہفتے میں ایک بار ہلکا غیر کھردرا فیشل اسکرب استعمال کرنے سے جلد زیادہ ہموار محسوس ہو۔

اپنی جلد کو ہر قسم کے نقص اور عیب سے پاک رکھنے کی دھن میں بہت سی خواتین ایسی عادات اپنا لیتی ہیں جو مسائل حل کرنے کے بجائے مزید مسائل پیدا کردیتی ہیں۔ ان بہنوں کیلئے اچھی خبر یہ ہے کہ وہ جلد کی دیکھ بھال کے چند آزمودہ طریقوں پر عمل کرکے ان نقصانات سے خود کو محفوظ رکھ سکتی ہیں۔ **حد سے زیادہ موئسچرائز کرنا:** ڈاکٹروں کے مطابق بہت سی خواتین کو یقین ہوتا ہے کہ اگر انہوں نے موئسچرائزر استعمال نہ کیا تو ان کی جلد پر قبل از وقت جھریاں پڑ جائیں گی؟ اس ڈر سے وہ بے تحاشا موئسچرائزر استعمال کرتی ہیں' چاہے وہ چکنی جلد کی مالک ہی کیوں نہ ہوں' حقیقت یہ ہے کہ موئسچرائزر جھریاں پڑنے سے نہیں روک سکتے البتہ یہ ممکن ہے کہ ان کے نمودار ہونے میں کمی ہوجائے۔ (بعض موئسچرائزر میں سن اسکرین ہوتا ہے جو واحد مستند جھریاں روکنے والا عنصر ہے) مسئلہ یہ ہے کہ موئسچرائزر، خصوصاً گاڑھے موئسچرائزرز چکنی جلد کے مسام بند کرسکتے ہیں جن کا نتیجہ کیل (وائٹ ہیڈز) کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ حد سے زیادہ موئسچرائزنگ کا نتیجہ Seborrheic Darmatitis نامی بیماری کی شکل میں نکل سکتا ہے جس میں چکنائی پیدا کرنے والے غدود سوزش کا شکار ہوجاتے ہیں اور جلد سے چھلکے اور پیڑیاں اترنے لگتی ہیں۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ خشکی ہے لہٰذا وہ موئسچرائزر کا استعمال مزید بڑھا دیتے ہیں۔ نتیجتاً جلد کی حالت خراب سے خراب تر ہوتی جاتی ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق ایسی خواتین کو چاہیے کہ ہر قسم کی کریم یا لوشن سے دور رہیں۔ اگر آپ کی جلد پر ایکنی کثرت سے نمودار نہیں ہوتی تو موئسچرائزر شاید کوئی نقصان نہ پہنچائے لیکن اگر آپ کی جلد ذرا بھی چکنی ہو تو اس کے استعمال سے گریز کریں۔ **اضافی آئی کریم:** گاڑھی آئی کریم اور دیگر چکنی کاسمیٹکس مثلاً پٹرولیم جیلی یا کنسیلرز کے استعمال سے چھوٹے چھوٹے مفید مسے پیدا ہوسکتے ہیں جو تیس سے چالیس سال کی خواتین میں عام ہوتے ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق اگر آپ کریموں کا استعمال ترک کردیں تو مسے خود بخود غائب ہوسکتے ہیں۔ اگر غائب نہ ہوں تو ماہرین جلد انہیں تلف کرسکتے ہیں۔ پلکوں کی جلد کو قطعاً کسی قسم کی کریم کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ وہاں چکنائی پیدا کرنے والے غدود کی بہتات ہوتی ہے۔ آپ شاید خشکی محسوس ہونے پر آنکھوں کے نیچے جلد پر ہلکی کریم استعمال کرنا چاہیں لیکن اس سے آنکھوں کے گرد موجود باریک لکیروں پر کوئی فرق نہیں پڑے گا وہ خشکی کی وجہ سے نہیں دھوپ اور عمر میں اضافہ سے نمودار ہوتی ہیں۔ **غلط کلینزنگ:** عام خیال ہے کہ قیمتی کلینزنگ کریمیں اور ملکس جلد کی صفائی کے صابن سے زیادہ بہتر ہیں بعض کلینزرز استعمال میں بہتر محسوس ہوتے ہیں اور آپ نے چکنائی پر مشتمل میک اپ کر رکھا ہو تو شاید آپ کو ان کی ضرورت بھی ہو لیکن کریمی کلینزر سے چکنے باقیات باقی رہ سکتے ہیں جو کیل اور پمپل یا وائٹ ہیڈز اور بلیک ہیڈز کا سبب بن سکتے ہیں لہٰذا یہ یقین کرلیں کہ نیم گرم پانی سے چہرہ تب تک دھوتے رہیں جبکہ کلینزر پوری طرح صاف نہ ہوجائے۔ ماہرین جلد متفق ہیں کہ کم تیزابیت والا صابن یعنی مائلڈ سوپ بہترین کلینزر ہوتا ہے اور یہ محض وہم ہے کہ صابن جلد کو خشک کرتا ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق یہ ممکن ہے کہ صابن جلد کی سطح کی کچھ چکنائی دور کردے اور عارضی طور پر جلد کا ph بیلنس تبدیل کردے جس کے نتیجے میں جلد پندرہ یا بیس منٹ تک کھنچی کھنچی محسوس ہو لیکن وہ بہت جلد نارمل ہوجاتی ہے اگر آپ کو کھچاؤ سے الجھن محسوس ہو تو جلد کو تھپتھپا کر خشک کریں اور ٹی زون (پیشانی' ناک اور ٹھوڑی جہاں چکنائی پیدا کرنے والے غدود زیادہ تعداد میں موجود اور زیادہ فعال ہوتے ہیں) سے باہر ہلکا سا موئسچرائزر لگائیں۔ **ضرورت سے زیادہ رگڑائی:** بہت سی خواتین سمجھتی ہیں کہ اگر وہ اپنی جلد کے اوپر خلیوں کو رگڑ کر اتار پھینکیں تو نیچے سے زیادہ صحت مند اور خوبصورت جلد برآمد ہوگی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ عمل جلد خود انجام دیتی ہے تاہم یہ ممکن ہے کہ ہفتے میں ایک بار ہلکا غیر کھردرا فیشل اسکرب استعمال کرنے سے جلد زیادہ ہموار محسوس ہو۔ مسئلہ وہاں یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب اسکربنگ یعنی رگڑائی میں انتہاپسندی سے کام لیا جائے بہت سی خواتین تو اتنے کھردرے اسکرب یا برش استعمال کرتی ہیں کہ ان کے گال سرخ اور چھلکے دار دکھائی دیتے ہیں جو باریک خراشوں کا نتیجہ ہوتا ہے۔ بہت سی خواتین جن کے چہرے پر اکثر ایکنی پمپل نکلتے ہیں وہ سمجھتی ہیں کہ یہ ناکافی صفائی کا نتیجہ ہے' لہٰذا وہ روزانہ چہرہ رگڑتی ہیں اور ان کی جلد جلن اور سوزش کا شکار ہوجاتی ہے۔ اگر آپ کی جلد غیر معمولی حساس ہو اس حد تک کہ تولیہ رگڑنے سے بھی سرخ ہوجائے' تو اسکربنگ سے مکمل پرہیز کریں۔ **بھاپ سے صفائی:** عام خیال کے برعکس بھاپ آپ کے چہرے کے مسام نہیں کھولتی یہ درحقیقت جلد کی اوپری سطح کے خلیوں میں حدت پیدا کرکے مساموں کو پھلا کر بند کردیتی ہے۔ بھاپ سے پمپل مزید خراب ہوجاتے ہیں (یہی وجہ ہے کہ گرم اور مرطوب موسم میں بگڑے ہوئے ایکنی پمپل پھٹ جاتے ہیں) اگر آپ کے چہرے پر ایکنی نہیں ہیں تو بھاپ سے جلد کو نقصان نہیں پہنچے گا لیکن کوئی فائدہ بھی نہیں ہوگا۔ **ماسک کا غلط استعمال:** زیادہ تر ماسک بے ضرر ہوتے ہیں تاہم بعض پریشان کن بھی ثابت ہوسکتے ہیں۔ جیل ماسک سے پرہیز کریں جو خشک ہوکر سخت ہوجاتے ہیں اور انہیں چھیل کر اتارنا پڑتا ہے۔ جیل کے ننھے ننھے ذرات مساموں میں پھنسے رہ سکتے ہیں۔ وہ چکنائی پیدا کرنے والے غدود کا منہ بند کرکے تباہ کن صورتحال پیدا کرسکتے ہیں۔ غدود اپنا کام تو کسی نہ کسی طرح مکمل کریں گے ہلکے ماسک جنہیں دھو کر صاف کیا جاسکے عموماً مسائل پیدا نہیں کرتے۔ اگر آپ کو ان کے استعمال کے بعد اپنی جلد بہتر لگے تو آپ انہیں اپنا سکتے ہیں۔ بس اتنا خیال رہے کہ انہیں اچھی طرح دھو کر چہرے سے صاف کرنا ہے۔ **طاقتور جلدی ادویات:** جلدی امراض سے چھٹکارا پانے کیلئے بعض خواتین انتہائی طاقتور ادویات مثلاً 10 فیصد بینزوئل آئل پر آکسائیڈ خرید لیتی ہیں۔ نتیجہ یہ کہ ان کی جلد سرخ ہوجاتی ہے اور سخت جلن محسوس ہوتی ہے۔ بینزوئل پر آکسائیڈ اچھی پراڈکٹ ہے لیکن کافی تیز اثر بھی ہے۔ اسے تیز طاقت میں اسی صورت میں استعمال کریں اگر آپ کی جلد چکنی ہو کیونکہ چکنائی جلن سے بچاؤ فراہم کرتی ہے۔ بہتر یہ ہے کہ کم طاقت (2.5 سے 5 فیصد) سے ابتداء کی جائے اور رفتہ رفتہ طاقت بڑھائی جائے۔ ایک اور عام غلطی دوا کو طویل عرصہ تک مسلسل استعمال کرنا ہے۔ اگر میڈیکل اسٹور سے خریدی گئی دوا چند ہفتوں میں عام ایکنی کا صفایا نہ کرے تو ماہر جلد سے فوری رابطہ کریں۔ اس طرح کی ادویات سرخ ابھرے ہوئے دانوں یا جلد کے نیچے موجود مسوں پر کارگر نہیں ہوتیں' ان کیلئے ڈاکٹر کی تجویز کردہ اینٹی بائیوٹکس درکار ہوتی ہیں۔ **نوچنے اور دبانے کی عادت:** کیل' ایکنی یا کسی اور قسم کے دانے کو نوچنا یا دبانا انفیکشن کا سبب بن سکتا ہے اوپری حصے کو نوچ کر یا دبا کر آپ اس کے بیرونی نقصان دہ مواد کو اندر دھکیل دیتے ہیں۔ اگر آپ اسے نہ چھوئیں تو عموماً وہ زیادہ جلدی زائل ہوجائے گا۔

تکبر اور سرکشی: انکسار و عجز ہی وہ منازل ہیں جن کے سر کرلینے سے انسان عروج کمال حاصل کرتا ہے جب تک کہ تکبر اور سرکشی انسان کو تحت الثریٰ میں دھکیل دیتے ہیں۔ (حضرت شیخ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ)

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ (قسط نمبر 9)

# پائی پائی کا محتاج تھا شیخ الوظائف کے بتائے عمل سے خوشحال ہوگیا

کالا جادو، بندش، نظربد، سفلی عمل اور گھریلو الجھنوں کا ڈسا شیخ الوظائف کی خدمت میں حاضر ہوا بغیر نذرانہ شکرانے کے روحانی علاج ہوا دکھ سے سکھ کا یہ سفر اس کی زبانی سنیئے!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو صحت، لمبی عمر، ایمان پر استقامت اور جزائے خیر دے جو نیک کام آپ نے شروع کر رکھا ہے اور جو مجھ سمیت تمام عالم کو فیض مل رہا ہے میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو جنت الفردوس میں امام الانبیاء خاتم النبین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی غلامی عطا فرمائے۔ آمین!

میں آپ سے رابطہ میں رہنے کیلئے خط لکھتی رہتی ہوں۔ ماہنامہ عبقری، تسبیح خانہ اور آپ کے بتائے وظائف پڑھنے کی وجہ سے میرے معمولات میں زمین آسمان کا فرق آگیا ہے پہلے ٹی وی ڈرامے، فلمیں دیکھتی تھی، تمام خاندان میں میرا فیشن سب سے اعلیٰ ہوتا تھا اور میری تقلید کی جاتی تھی لیکن شیخ الوظائف کے درس سننے (تقریباً عبقری سے جڑے مجھے ابھی صرف چھ ماہ ہی ہوئے ہیں) کے بعد درس اور شیخ الوظائف کے بتائے وظائف نے مجھے بدل کر رکھ دیا ہے۔ اب فیشن کی جگہ حجاب اور ہر وقت دوپٹہ نے لے لی ہے، ٹی وی بالکل بند، اپنے بچوں کو مسنون دعاؤں پر لگا دیا ہے، نماز پنجگانہ، تہجد، اوابین، حم لاینصرون ایک تسبیح آپ کا تصور، عبقری کا تصور کرکے دم کرتی ہوں۔ تین تسبیحات اور مراقبہ کرتی ہوں اپنے اور سارے بچوں کی طرف سے روحانی غسل کرتی ہوں۔ شیخ الوظائف کے بتائے اعمال یاحفیظ یاسلام صبح وشام گیارہ مرتبہ، حاجت اور سورۂ یٰسین کے نوافل پڑھتی ہوں، برکت والی تھیلی اور روحانی عطر سے برکات حاصل کر رہی ہوں۔ چالیس مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر تیل اور پانی پر دم کرتی ہوں اور تمام گھر والے اور بچے یہی پانی پیتے ہیں۔ 129 مرتبہ سورۂ کوثر صبح وشام پڑھتی ہوں، عبقری رسالہ پڑھتی ہوں۔ اب تو بہت سے لوگوں کو ان کے مسائل میں وظیفے بتاتی رہتی ہوں۔ تمام امت مسلمہ کیلئے دعا کرتی ہوں اور تمام فوت شدگان کو پڑھ کر ہدیہ کرتی رہتی ہوں۔ لائیو درس سنتی ہوں، میں نے آپ سے اپنے گھریلو مسائل، لڑائی جھگڑے، مار پیٹ، بیماری، کاروباری زوال کے سلسلے میں آج سے تقریباً دو مہینے پہلے خط لکھا تھا۔ آپ نے مجھے اذان اور اَلْحَسِیْبُ کا وظیفہ ہر دو گھنٹے بعد کرنے کا بتایا تھا۔ اب تقریباً تین ماہ ہونے والے ہیں اب کے اور اس وقت کے حالات میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ شوہر کا رویہ بھی میرے ساتھ بہت بہتر ہے۔ بیماری کا تو نام ونشان نہیں، کاروبار حالات بہت بہتر ہوگئے ہیں۔ ہمارا پولٹری کا کاروبار ہے پہلے گاڑیوں کے حادثات بہت ہوتے رہتے تھے، دوسرے شہروں سے ہمارا مال آتا ہے راستے میں کبھی پوری گاڑی الٹ جاتی تھی اور کبھی کئی کئی دن خراب رہتی تھی۔ لاکھوں کا نقصان ہوجاتا تھا لیکن ماشاء اللہ اب کاروبار بہت بہتری کی جانب گامزن ہے۔ ایک خاص بات وظیفہ کے دوران مجھ پر دباؤ بہت رہا، نماز میں غلط تصورات، ہر وقت سر میں درد اور ایسا لگتا تھا کہ میرے دماغ میں کوئی گھسا ہوا ہے اور بعض اوقات ایسا لگتا تھا کہ کوئی بول میرے ذہن میں ڈال دیا گیا ہے اور مجھے بولنے پر مجبور کیا جارہا ہے مگر میں نے لاکھ حالات کی خرابی کے باوجود وظیفہ نہ چھوڑا، میں اللہ تعالیٰ سے رو رو کر دعائیں کرتی تھی کہ یااللہ میرے منہ سے کوئی شرک کا بول نہ نکل جائے لیکن شکر ہے اب اس کیفیت میں بہت فرق اور بہتری ہے۔ (س۔ق، لاہور)

## گردش ایام نے گھیرا دبوچا اور کہیں نہ چھوڑا مگر

محترم جناب شیخ الوظائف السلام علیکم! میری تعلیم ایف اے ہے، کئی وزیروں، اعلیٰ افسران کا پرائیویٹ سیکرٹری رہا، سعودی عرب میں ایک معروف شیخ کا بھی سیکرٹری رہا، زندگی کا وسیع تجربہ رہا، آخر میں لاہور میں ایک بڑی کنسٹرکشن کمپنی میں پرچیز اور ایڈمن منیجر رہا۔

بس گھر بنا بیٹھا جو پیسہ تھا لگا دیا اور مقروض ہوگیا گردش ایام تاک میں تھی اس نے آگھیرا، کمپنی کے پاس کوئی نیا پراجیکٹ نہ تھا دھڑے سے نوکری چھوڑ کر گھر آگیا، پھر الرجی کی بیماری نے آپکڑا، آمدنی کا کوئی ذریعہ نظر نہ آیا ایک سال تک آسمانی پنگوڑے پر چڑھ گیا زمین سے آسمان اور آسمان سے زمین دیکھ رہا تھا۔ اچانک ایک دوست کے گھر گیا، وہاں عبقری رسالہ جو اس کی بوڑھی والدہ پڑھ رہی تھیں اٹھا لایا، اس کی والدہ نے لرزتی اور کانپتی آواز میں کہا بیٹا! آپ کے تمام مسائل اس سے حل ہوجائیں گے، میری بیگم اور میں نے وہ پڑھا اور آئندہ جمعرات تسبیح خانہ درس میں پہنچ گئے، چھ ماہ تک مسلسل ہم نے بلاناغہ درس سنا۔ ''میرا رب سچا، اس کا کلام سچا، اس کا نبی ﷺ سچے''، شیخ الوظائف کے یہ وہ الفاظ تھے جنہوں نے مجھے کی بلندیوں پر پہنچا دیا۔ پھر میں نے شیخ الوظائف کا بتایا ایک وظیفہ شروع کیا اور اتنا پڑھا اتنا پڑھا اور اتنا پڑھا کہ بیت الخلاء میں بمشکل میں اپنے آپ کو روک پاتا اور بالآخر میرے کام سیدھے ہونا شروع ہوگئے۔ شیخ الوظائف کے بتائے وظیفہ کے پڑھنے سے پہلے جہاں جاتا تھا لوگ کہتے تھے بھائی اب ستر سال کی عمر میں کیا نوکری کروگے، وظیفہ کے بعد وہی لوگ کہتے تھے ہمیں آپ جیسا جہاں دیدہ اور تجربہ کار بندہ چاہیے، ایک شوروم پر میں منیجر رہا اس شخص نے تو حد ہی کردی لوگوں سے میرا تعارف کرواتے وقت کہنا شروع ہوگیا تھا یہ شخص ہمارا باپ ہے، میں بڑا شرمندہ ہوا، سوچا وظیفے کی تعداد کچھ کم کرتا ہوں اثر کچھ زیادہ ہی ہوگیا ہے۔ کئی جگہوں سے نوکری کی آفریں آنا شروع ہوگئیں پھر دو جگہ نوکری کی اور چھوڑ دی، اوقات کار زیادہ تھے اور اب جہاں سے اصل جگہ سے چھوڑ کر آیا تھا اس کمپنی نے مجھے اچھی سیلری پر بلایا اور منتیں کرکے بلایا۔ بینک میں جو رقم رکی ہوئی تھی کچھ مل گئی اور بیماری نے جان چھوڑ دی، گھر کا اوپر والا پورشن کرائے پر چڑھ گیا نیک اور نمازی لوگ آگئے اللہ کریم نے جیسے ہر کام میں برکت ڈال دی، یکدم قرض اترنا شروع ہوگیا۔ میرے جذبے نے جوش مارا اور میں نے جنونی انداز میں لوگوں کو بتایا شروع یا میرا شعبہ ایڈمنسٹریشن ہے اور میں اچھا بولتا ہوں اور لوگ سنتے ہیں، لوگوں کو وظائف بتاتا ہوں، صدقہ جاریہ بھی ہے، لوگ کہتے ہیں تم نے عبقری کی برانچ کھول لی ہے اب بڑے فون آتے ہیں کہ کس طرح پڑھنا ہے اور پڑھنے سے کیا کیا فرق پڑا ہے۔

شیخ الوظائف آپ نے بڑی محنت، مشقت پیسہ لگا کر زندگی لگا کر ریسرچ کی ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت کی ہے۔ مصیبت زدہ لوگوں کو رب کعبہ کی طرف لگا دیا ہے اور نبی ﷺ کی خدمت میں لے آئے ہیں اللہ ہی اس کا اجر دے گا اور آپ کا حامی و ناصر ہوگا۔ میں تو دیوانہ وار لوگوں کو کہتا ہوں تسبیح خانہ کی دیواروں کو ہاتھ لگا کر منہ پر لگا لو کسی کام میں شکست نہ ہوگی اور کئی لوگوں نے مجھے بتایا کہ ہم نے وضو خانہ کی ٹونٹیوں سے بوتل بھر کر مریضوں کو پلایا جو صحت یاب ہوگئے یہ باتیں صرف اور صرف یقین کرنے پر ہوتی ہیں۔ ہم گھر میں خصوصی دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین! شیخ الوظائف نے مجھے جو وظیفہ بتایا وہ یہ تھا:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ (رانا محمد صدیق، لاہور)

دمہ کے مریض یہ ٹوٹکہ آزمالیں! میتھی کے بیج یا پتے ڈال کر جوشاندہ تیار کرلیں اور اس میں حسب ذائقہ شہد ملا کر پینے سے دمہ کو بے حد فائدہ ہوتا ہے۔

# نظر بد اور جادو جنات وغیرہ کا توڑ اور علاج

میں نے انہیں یہ عمل بتادیا' وہ غربت کی چکی میں سالہا سال سے پس رہے تھے' انہوں نے یقین توجہ اور دھیان سے یہ عمل کرنا شروع کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے ان کے رزق میں برکت دے دی ہے' آج وہ خوشحال ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک تحریر قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ یقیناً قارئین اس تحریر سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے اور ماہنامہ عبقری کیلئے اپنے تجربات ضرور لکھیں گے۔

## نظر بد اور جادو جنات وغیرہ کا توڑ اور علاج

حضور نبی اکرم ﷺ کے زمانہ پرنور میں ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' جو بہت سڈول جسم کے مالک تھے' ان کا جسم بہت خوبصورت تھا۔ ایک دن وہ بغیر قمیض کے بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پاس سے گزرے ان کو دیکھ کر صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے اپنی زندگی میں آج تک ایسا خوبصورت جسم نہیں دیکھا۔ اتنا کہہ کر وہ چلے گئے' تھوڑی ہی دیر بعد اس صحابی کو بخار ہونا شروع ہوگیا' حالت غیر ہوئی تو دوسرے صحابہ نے لے جاکر حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام قصہ بیان کیا اور یہ بھی فرمایا کہ فلاں صحابی ایسا کہہ کر گئے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ان کو نظر لگ گئی ہے' اس صحابی کو بلاؤ جس نے ایسا کہا ہے' ان کو بلایا گیا ان سے پوچھا کہ تم نے یہ کہا ہے' صحابی نے عرض کیا جی! میں نے ایسا ہی کہا تھا۔ اللہ نے نبی حضور نبی کریم ﷺ نے صحابی سے وضو کروایا اور وضو کے پانی سے اس صحابی جن کو بخار ہوگیا تھا کی کمر پر ڈالا' وہ تندرست ہوگئے' نظر بد کا اثر جاتا رہا۔

ایک عربی عالم نے کتاب لکھی ہے جس میں اس نے نظر بد وغیرہ سے نجات کیلئے نسخہ تجویز کیا ہے۔ اس کتاب کا نام کا تو پتہ نہیں لیکن جس نے بتایا ہے وہ شخص قابل اعتماد ضرور ہے۔ وہ نسخہ درج ذیل ہے:۔ ایک برتن میں اتنا پانی لیں جس میں دونوں ہاتھ ڈوب جائیں پھر 1۔ سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ 2۔ سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ 3۔ سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں۔ 4۔ سات مرتبہ چاروں قل پڑھیں۔ 5۔ سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اس پانی کو بالٹی میں ڈال کر مزید پانی شامل کرکے غسل کریں۔ ان شاء اللہ نظر بد کا اثر ختم ہوجائے گا بلکہ اس عمل کو ہر شخص مرد' عورت' بچہ' جوان' بوڑھا سب ہفتہ میں ایک دن ضرور کریں۔ (محمد صدیق' لاہور)

## میری ساس نے غربت کی راہیں کیسے پار کیں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ عمل ہے وہ یہ کہ میرے سسرال والے بہت غریب تھے' میں نے ایک مرتبہ درس میں سنا تھا کہ برکت والی تھیلی پر 129 مرتبہ صبح اور 129 مرتبہ رات کو سورۂ کوثر پڑھ کر دم کیا جائے اور اسی میں پیسے رکھتے اور نکالتے وقت ایک وقت سورۂ کوثر پڑھ لی جائے تو رزق میں برکت ہوتی ہے۔ میں نے انہیں یہ عمل بتادیا' وہ غربت کی چکی میں سالہا سال سے پس رہے تھے' انہوں نے یقین توجہ اور دھیان سے یہ عمل کرنا شروع کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے ان کے رزق میں برکت دے دی ہے' آج وہ خوشحال ہیں' وہ مجھے اور میں آپ کو ڈھیروں دعائیں دیتا ہوں۔ **بس ڈرائیور پریشان' سواریاں حیران:** اسی طرح ایک مرتبہ میں اپنے شہر سے مردان جارہا تھا' آدھے راستہ میں ڈرائیور نے بتایا کہ گاڑی میں سی این جی ختم ہوچکی ہے آپ اتر جائیں ہم آپ کو کسی دوسری گاڑی میں بٹھا دیتے ہیں' میں نے اس کو کہا کہ آپ گاڑی چلائیں کچھ دور جاکر سی این جی اسٹیشن ہے وہاں سے ڈلوالیں' ڈرائیور بولا جناب سی این جی ختم ہوچکی ہے' میں نے کہا میں اعمال کرتا ہوں گاڑی چلے گی' سواریاں میری اور اس کی بات سن رہی تھیں' خیر ڈرائیور نے گاڑی سٹارٹ کی اور چلادی' میں نے سورۂ کوثر پڑھ پڑھ کر گاڑی پر دم کرنا شروع کردیا' ڈرائیور پریشان ہوگیا کہ گاڑی بغیر سی این جی کے چل رہی تھی' تھوڑی دور جاکر سی این جی سٹیشن آگیا' ڈرائیور نے پوچھنے پر بتایا کہ گاڑی چار کلومیٹر تک بغیر سی این جی کے چلی' تمام سواریاں اس عمل پر حیران تھیں۔ مزید ایک آزمودہ روحانی نسخہ میرے پاس یہ ہے کہ جب بھی کوئی آفت' مصیبت' طوفان' بارش آجائے تو میں تین مرتبہ درود تنجینا پڑھتا ہوں' اللہ کریم اس آفت کا رخ موڑ دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ سر درد' دانت درد پر ایک عالم سے ایک عمل ملا کہ جس دانت پر درد اس دانت پر انگلی رکھ کر پانچ بار سورۂ فاتحہ اور درود شریف تین بار پڑھ کر دم کریں اور اگر سر درد ہو تو بھی یہی عمل کرے۔ سر درد ہو تو ماتھے پر ہاتھ رکھ کر درج بالا تعداد میں سورۂ فاتحہ اور درود شریف پڑھنا ہے۔ ایک اور عمل میرے پیر صاحب نے بتایا تھا کہ کسی بھی موذی جانور کاٹ لے تو سات بار سانس روک کر وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ (الشعراء۱۳۰) پڑھنے سے درد رک جاتا ہے۔ (پوشیدہ)

## مرنے سے پہلے جنت

ابراہیم پاریکھ' کراچی

مولانا عبداللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ سکھ گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں' اللہ جل جلالہ نے ہدایت دی' مسلمان ہوگئے' پاداش میں' والد نے گھر سے نکال دیا' دارالعلوم میں تعلیم کیلئے تشریف لے گئے۔ اس دوران ایک نواب صاحب کو بیٹی کے رشتے کیلئے دارالعلوم آنا ہوا' نواب صاحب مذہبی ذہن کے آدمی تھے اور مذہبی داماد چاہتے تھے اس کیلئے دارالعلوم کا رخ کیا تھا۔ وہاں شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات ہوئی' ان کے سامنے زانوئے تلمذ تھے' بولے: عبداللہ پر نظر پڑی تو استاد سے کہا اس لڑکے کو داماد بنانا چاہتا ہوں' مولانا نے ان سے بات کی تو انہوں نے کہا کہ جو بڑے چاہتے ہیں ان کی رضا میں راضی ہوں' چنانچہ دو دن بعد نکاح طے پاگیا۔ اگلے دن دوستوں نے کہا کہ کل تمہارا نکاح ہے' کوئی سا سوٹ خرید لو' کہنے لگے: پیسے نہیں ہیں' دوستوں نے کہا کہ پھر اس کو ہی ذرا اچھی طرح دھلوتا کہ نئے کی طرح کا معلوم ہونے لگے' فرماتے ہیں: اگلے دن صبح ہی صبح کپڑے دھو کر سکھانے لٹکا دیئے لیکن عجیب بات یہ ہوئی کہ اس دن بارش ہوگئی' عصر کے بعد نکاح تھا اور بارش تھی کہ رکنے کا نام نہ لیتی تھی۔ ظہر کے بعد مسلسل کپڑے لیے لتھڑاتا رہا کہ کپڑے سوکھ جائیں۔ پھر بالآخر گیلے کپڑے ہی پہن کر نکاح کیلئے چل دیا۔ نکاح میں نواب صاحب نے پرانے اور گیلے کپڑے دیکھ کر پہچان لیا کہ نئے خریدنے کی طاقت نہ ہوگی لیکن کچھ بھی نہ کہا اور نکاح ہوگیا۔ کہتے ہیں وہ نواب صاحب کی لڑکی تھی اور میری حالت یہ تھی کہ شادی کے شروع کے ہی دنوں میں فاقوں کی نوبت آگئی۔ لیکن اس اللہ کی بندی نے اف تک نہ کی' میرے ساتھ انتہاہی خوش اسلوبی کے ساتھ نباہ کیا۔ ایک سال بعد میں اس کو لے کر اس کے میکے گیا۔ اس کی والدہ نے اپنی بیٹی سے پوچھا: بیٹی! وہاں تیرا گزر بسر کیسے ہورہا ہے؟ بیٹی نے جواب دیا: امی میں نے تو سنا تھا کہ مسلمان کو جنت مرنے کے بعد ملتی ہے' مجھے تو جنت دنیا میں ہی مل گئی۔

## ٹانگوں اور کمر کا درد یوں ختم جیسے کبھی تھا ہی نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے ایک مرتبہ آپ کے درس سے ہلدی کے فائدے سنے۔ میں کمر اور ٹانگوں کے درد سے بے حد پریشان تھی' میں نے پچاس گرام ہلدی اور پانچ گرام کھجور ملا کر صبح وشام چھوٹا چمچ چائے والا دودھ کے ساتھ استعمال کیا۔ میری ٹانگوں اور کمر کا درد آج بالکل ختم ہے۔ (رضیہ)

قسط نمبر 16

# کھیت اور مویشیوں کیلئے صدیوں پرانا تعویذ

## کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کیلئے اور عبقری کی پوری ٹیم کیلئے ڈھیر ساری دعائیں' آپ نے جو "کسان دوست" سلسلہ شروع کیا ہے وہ بہت ہی اچھا ہے۔ آپ کا شکریہ کہ آپ نے اس مسئلے پر رسالہ عبقری میں چھاپنا شروع کیا۔ "کسان" پاکستان کی سب سے بڑی معاشی انڈسٹری ہیں' نجانے کیوں لوگ اس سب سے بڑے شعبے کو نظر انداز کر جاتے ہیں' مگر جب سے عبقری میں کسانوں کے مسائل پر ایک مضمون لگنا شروع ہوا ہے بہت فوائد مل رہے ہیں۔ میرے پاس دو سے تین آزمودہ ٹوٹکے جو اپنے کسان بھائیوں کیلئے بھیج رہی ہوں۔ اگر مویشیوں کو پانی خراب کر جائے سردیوں میں خصوصاً' مویشی پال حضرات پانی گرم کر کے پلاتے ہیں تو مقدار میں کمی بیشی کی وجہ سے ایسا ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے ان میں یہ علامات ہوتی ہیں کہ جسم کے بال کھڑے کیے رکھتے ہیں' منہ سے پانی بہتا رہتا ہے' اصل میں ان کے پھیپھڑوں پر چھالے بن جاتے ہیں۔ جس کیلئے آسان اور میرے والدین کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے کہ برابر کا حلوہ بنائیں یعنی ایک کلو گڑ اچھے والا' ایک کلو آٹا گندم والا اور ایک کلو گھی یا تیل میٹھا کیا ہوا تو اس کا روایتی طریقے سے حلوہ بنایا جائے جیسے اپنے کھانے کیلئے بناتے ہیں' اس کے تین حصے کر کے بڑے جانور کو کھلائیں۔ اگر جانوروں کے منہ اور پاؤں پر چھالے بن جائیں تو سرسوں کا تیل بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر صبح و شام لگائیں اور ایک پھل ہے جس کو مختلف علاقوں میں مختلف ناموں سے بیچا جاتا ہے۔ ہمارے علاقہ میں اسے "رینڈیاں" بھی کہا جاتا ہے جبکہ اس کا اصل نام "خربوزہ" ہے۔ اب تو سارا سال ہی دستیاب رہتا ہے' وہ جانوروں کو کھلانا چاہیے۔ جانور خصوصاً بکری یا بھیڑ وغیرہ اگر سوکھی روٹی یا کوئی خشک چیز بہت زیادہ کھالیں تو ان کو شکر پر لیموں اتنا نچوڑ کر دیں کہ شکر تر ہو جائے کھلائیں اور پانی نہ پلائیں ان شاء اللہ پہلی خوراک سے ٹھیک ہو جائیں گے۔ جہاں جانور باندھتے ہیں اس جگہ صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ کیوں کہ صفائی کا خیال نہ رکھنے سے اس جگہ جلد ہی کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں جو کہ مویشیوں کے پاؤں اور تھنوں کو خراب کرنے میں ذرا دیر نہیں لگاتے اور بہتر ہے کہ صفائی کے بعد وہاں پر راکھ جھاڑو سے بکھیر دیں اس سے کیڑے ہوں تو وہ جلد ختم ہو جاتے ہیں۔ گھر میں مرغیاں پال رکھی ہیں تو ان کا خاص خیال رکھیں' ان کے پنجوں اور چونچ پر تارامیرا کا تیل لگا کر رکھیں اور اگر ان کا گلا خراب ہو جائے تو ایک گولی پیراسٹامول کی کوٹ یا ٹکڑے بنا کر کھلا دیں۔ ان شاء اللہ مرغی کبھی بیمار نہ ہوگی۔ (ایک بیٹی' تلہ گنگ)

### چار پرچیاں' چار کیل! باغ' کھیت ہر موذی چیز سے محفوظ

قارئین! یہ تحریر اکتوبر 2017ء میں چھپ چکی ہے مگر اس کا عمل مس پرنٹ ہو گیا تھا اس لیے دوبارہ شائع کیا جا رہا ہے۔ یہ عمل کسان بھائی ضرور کریں جو رات کو کھیتوں میں پانی وغیرہ لگانے جاتے ہیں یا جانوروں کے باڑوں میں کام کرتے ہیں' اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ زہریلے جانور ایسی جگہوں پر انسان یا جانوروں کو کاٹ لیتے ہیں جس سے بعض اوقات جانی نقصان بھی ہو جاتا ہے۔ چار پرچیوں پر لکھ کر کمرے یا گھر کے چاروں کونوں یا کھیت کے چاروں کونوں یا باڑے کے چاروں کونوں میں چپکا دیں' ان شاء اللہ فائدہ ہی فائدہ ہے۔

11011 V00 ح ار VΛ111 4 11
ح 111 ح 11 ام 11 دو دواہ V دو
A00b.

**جانور شفاء:** سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

### کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تا کہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

خواتین اپنے وہ پوشیدہ امراض جو کسی کو بتا نہیں سکتیں' گھر بیٹھے کچن میں موجود اشیاء سے حل کر سکتی ہیں!

"جنوری 2018 خواتین خاص نمبر" میں ملاحظہ فرمائیں!

قسط 16

# سبق تازہ کر لیں!

حکیم ضیاء الرحمٰن ملتان

اچھی صحبت میں کی گئی باتیں ہماری کمائی ہوتی ہے جو دماغ میں جگہ بنا لیتی ہیں۔ حکیم فیروز الدین اجملی صاحبؒ نے تقریباً 84 سال کی عمر پائی آج انہیں ہم سے بچھڑے تقریباً نو سال ہوئے ہیں ان کے فوت ہونے سے ایک سال پہلے کی بات ہے میرے گھر میں شام کے وقت جوانوں کا جمگھٹا تھا سب نے صلاح کی کہ صبح شکار پر چلا جائے میں نے اپنے بیٹے صبیح الرحمٰن کو بھیجا کہ جا کر دادا ابو سے درخواست کریں کہ صبح شکار پر چلنا ہے جواب آیا کہ تین ہفتے سے برانکائی ٹس میں مبتلا رہنے کے بعد اب کچھ آرام ہوا ہے میں نہ جا سکوں گا۔ میں نے چھ مرتبہ صبیح کو بھیجا اور یہی جواب ملتا رہا نویں مرتبہ میں نے کہلوایا آپ تیاری باندھ رکھیں صبح کا معاملہ صبح دیکھا جائے گا۔ صبح گھر پر ویگن آئی سب سوار ہوئے حکیم صاحب کی رہائش قریب ہی ہے وہاں ویگن روکی صبیح اور گھر میں داخل ہوئے۔ ان کے کمرے میں داخل ہوتے ہی میری اور ان کی زور آزمائی ہوئی بستر پر وہ میرے نیچے پڑے ہوئے کہنے لگے چل رہا ہوں بھائی۔ یہ دیکھو سامان باندھ رکھا ہے میں نے ابا جی کو اٹھایا اور صبیح نے ان کا بیگ اٹھایا ویگن میں بیٹھے ڈیڑھ گھنٹے بعد شکار گاہ میں پہنچے یہ آبی بٹیرے Golden snipe کا شکار تھا جو کہ پانی اور کیچڑ میں سارا دن دوڑ کر کھیلا جاتا ہے۔ شکار شروع ہوئے آدھ گھنٹہ ہوا تھا۔ ہم دونوں شکار کھیلتے کھیلتے ایک دوسرے کے قریب ہوئے تو فرمایا۔ یار وہ جو کہاوت ہے شالا کوئی کسیں دا ہووے یعنی خدا کرے کوئی کسی کا ہو۔ میں نے کہا جی۔ فرمایا وہ مجھے آج سمجھ میں آئی ہے یار میری آنکھیں کھل گئی ہیں میرے پھیپھڑے کھل گئے ہیں میں بالکل تازہ دم ہو گیا ہوں۔ اگر مجھے معاف کر دیتے تو میں تو بستر میں ابھی کئی دن اور پڑا رہتا اور ابھی مزید دوائیں کھاتا۔ سچ ہے کہ میں نے تمہارے گلے میں جو جمع کیا وہ جمع پونجی میرے کام آ گئی۔ کبھی آدمی اپنا کہا سنا بھول جاتا ہے لیکن کوئی یاد دہانی کروا دیتا ہے۔ سبق تازہ ہو جاتا ہے۔

(بقیہ: کاغذ پر دو لائنیں لگا کر استخارہ کیجئے' آزمودہ عمل)

میرا دل پڑھ رہا ہے اللہ اللہ اللہ آپ یقین جانیے قارئین کہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ میرے دل دھڑک نہیں رہا بلکہ دل اللہ اللہ اللہ پڑھ رہا ہے اور اس عمل کی فائدے تو اتنے ہیں کہ میں بیان نہیں کر سکتا' انسان پورے کا پورا بدل جاتا ہے' ہر چیز بدل جاتی ہے' جو دعا کرتا ہے قبول ہوتی ہے' عاجزی' انکساری پیدا ہو جاتی ہے' تقویٰ پیدا ہو جاتا ہے' میں ہر نماز کے بعد اس کی مشق کرتا ہوں اور سب سے بڑی بات انسان کو کشف ہونا شروع ہو جاتا ہے صاحب کشف بن جاتا ہے اور میں ہر وقت ذکر و اذکار بھی کرتا رہتا ہوں۔ ان سب کے علاوہ ایک اور عمل جو میں نے بارہا آزمایا وہ یہ ہے جس کام کیلئے بھی میں چالیس مرتبہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھتا ہوں وہ ہو جاتا ہے۔ پچھلے دنوں مجھے پیلی بڑی مکھی نے کاٹ لیا تو میں نے اول و آخر درود شریف پڑھ کر دم کیا تو نہ وہاں درد ہوا نہ سوجن ہوئی۔

# میری فٹنس کا راز میرے آزمودہ ٹوٹکے

کڑوا ضرور لگے گا لیکن فائدہ بہت دے گا۔ پانی صرف مٹکے کا' فلٹر والا نہیں' نہیں نہیں سادہ پانی نلکے کا' فلٹر والا پانی قہوہ میں نہیں ڈالنا' ہمیشہ مٹکے کا پانی استعمال کرنا ہے۔ اس چائے کو صحت مند افراد مہینے میں ایک مرتبہ پی لیا کریں۔ ان شاء اللہ گردہ کی ہر تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں' جڑی بوٹیوں سے جنون کی حد تک لگاؤ ہے۔ ہر وقت اس کھوج میں رہتی ہوں کہ کوئی ایسا ٹوٹکہ علاج مل جائے جس میں مریض کو دوا نہ کھانی پڑے اور مریض اپنی ذرا سی محنت کرکے صحت یابی کی طرف آنا شروع ہوجائے۔ میں نے یوگا اور ایکو پریشر' یوگا مدرا اور پوائنٹ سے علاج (ایکو پریشر) کا علم سیکھا اور یہ ایک اچھا علم ہے انسان اگر محنت کرے تو وہ نہ صرف صحت مند رہ سکتا ہے بلکہ دوسروں کے کام بھی آسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کا جسم بہت شاندار بنایا ہے لیکن اس کی حفاظت انتہائی آسان بنائی ہے اگر انسان اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر چلے تو کبھی بھی بیمار نہ ہوگا۔ ایکو پریشر (چائنہ تھراپی' پوائنٹ کا علاج) کا اصول ہے **"آپ کی صحت آپ کے ہاتھ ہے"** یوگا کا اصول' اپنی بیماری قوت مدافعت سے کم کریں۔ سانس کی مشقیں اور انگلیوں' ہاتھوں کے ذریعے علم یعنی یوگا مدرا بنا کر اپنی قوت مدافعت بڑھانا اس طرح سے علاج سے میں نے کافی فائدہ پایا' سوچا آپ کے ذریعے سے یہ علم اور تجربہ آپ کو لکھ بھیجوں۔ ایکو پریشر کا ایک ٹوٹکہ بتانے سے پہلے میں اپنا ایک آزمودہ تجربہ قارئین عبقری کو بتانا چاہتی ہوں۔ یہ ٹوٹکہ گردوں کی عام تکالیف کیلئے بہت ہی لاجواب ہے۔ گردوں کی تکلیف جن میں ڈائیلائسز' گردے ناکارہ' شوگر سے تکلیف' ان شاء اللہ اس ٹوٹکہ کے استعمال کے بعد گردوں کی تکلیف نہ ہوگی۔ حتیٰ کہ ورم' ذرات' درد' پس اس انتہائی آسان ٹوٹکہ سے ختم ہوجائے گی۔ آئیے انتہائی آسان قہوہ بنائیں اور درد گردہ سے نجات پائیں۔ ھوالشافی: ایک چمچ چائے کی پتی (روزانہ استعمال والی) ایک بڑا کپ سادہ پانی سے قہوہ بنائیں' اتنا پکائیں کہ آدھ کپ رہ جائے اس کو چھان کر کپ میں ڈالیں اور مزید سادہ پانی ملا کر اس پانی کو چسکی چسکی پی لیں۔ کڑوا ضرور لگے گا لیکن فائدہ بہت دے گا۔ پانی صرف مٹکے کا' فلٹر والا نہیں' نہیں نہیں سادہ پانی نلکے کا' فلٹر والا پانی قہوہ میں نہیں ڈالنا' ہمیشہ مٹکے کا پانی استعمال کرنا ہے۔ اس چائے کو صحت مند افراد مہینے میں ایک مرتبہ پی لیا کریں۔ ان شاء اللہ گردہ کی ہر تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔ بیماری والے افراد تین دن کے بعد ایک کورس کریں' تکلیف ختم ہونے تک وقفہ بڑھاتے جائیں۔ اب میں واپس اپنے موضوع کی طرف آتی ہوں اور وہ ہے ایکو پنکچر یا یوگا۔ ایک خاتون کے بارے میں عبقری کے کافی پرانے شمارے میں ہی پڑھا تھا کہ خاتون کو بریسٹ میں بڑا شدید درد ہے۔ میرے پاس درد سے نجات کا آزمودہ حل موجود ہے وہ یہ ہے کہ خاتون اگر خود کرسکے تو ٹھیک ورنہ کوئی دوسرا کرے۔ ایکو پریشر آزمودہ علاج ہے۔ مریضہ اپنے ہاتھ کے درمیان میں سے پکڑ کر زور سے دبائے۔ (یعنی ہتھیلی کے درمیان سے اور ہاتھ کے الٹی سائیڈ سے درمیان سے پکڑ کر زور سے دبانا ہے) یہ عمل دو منٹ تک کرنا ہے' سیدھے ہاتھ اور الٹے ہاتھ دونوں پر دو دو منٹ ہر دو گھنٹے کے بعد دوبارہ کریں۔ ان شاء اللہ درد کی شدت کم ہونا اور درد ختم ہونا شروع ہوجائے گا۔ چاہے یہ درد گلٹیوں کی وجہ سے ہے یا بریسٹ کینسر کی وجہ سے دونوں سے ان شاء اللہ آرام آجائے گا۔ درج بالا قہوہ بھی اور ایکو پریشر کا عمل دونوں ہمارے آزمائے ہوئے ہیں۔ (طاہرہ تمیمی' کراچی)

## میری فٹنس کا راز میرے آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ طبی ٹوٹکے میں روزانہ آزماتی ہوں جس کی وجہ سے بالکل فٹ رہتی ہوں' قارئین کی نذر کررہی ہوں:۔ کلونجی کا تیل دس قطرے روزانہ دودھ میں ڈال کر پیتی ہوں' بالکل تھکن نہیں ہوتی' دماغی کام کیلئے بھی لاجواب ہے اور ہاں آنکھوں کی بینائی کیلئے بھی لاجواب ہے۔ جب سے کھانا دو وقت (صبح اور شام) کھانا شروع کیا ہے خوب فریش رہتی ہوں۔ میرا مشورہ ہے اگر صحت مند رہنا ہے تو کھانا دو وقت کھایئے۔ قارئین! بڑی الائچی بڑی ہی لاجواب ہے' خاص طور پر شوگر کے مریضوں کیلئے' کیونکہ میں دنیا کی بڑی بڑی اینٹی بائیوٹک میں اس کا ڈلنا پڑھنا ہے' اسی لیے میں اس کے دانے نکال کر دن میں ایک مرتبہ چبا کر کھاتی ہوں۔ اس کے علاوہ بڑی الائچی کے دانے نکال کر توے پر خوب بھون لیں جب بالکل سڑ جائیں تو ٹھنڈی کرکے یا ویسے ہی اخبار یا کاغذ میں ڈال کر پیس لیں اور اس کو حسب ضرورت شہد میں ملا کر بچوں کو چٹائیں' زکام' نزلہ' وغیرہ میں بہت لاجواب ہے۔ کئی بار آزما چکی ہوں۔ **السی کے لڈو:** السی کے لڈو سردیوں میں ہم بناتے ہیں' ترکیب: السی صاف کرلیں پھر اس کو گرائینڈ کرلیں' مثلاً ایک کلو السی ہو تو ایک کلو گندم کا آٹا ہو پھر دونوں مکس کرکے بھون لیں اور اس میں تیل اور پسی ہوئی دیسی براؤن شکر ملائیں اور خوب بھونتے جائیں پھر اس میں آخر میں کشمش' اخروٹ ملا سکتے ہیں۔ جب تیل نکل آئے تو گرم گرم حالت میں کوشش کرکے ہاتھ سے لڈو بنائیں۔ یہ لڈو بہت زبردست ہوتے ہیں' قارئین آپ کو شاید معلوم نہ ہو کہ السی کے کتنے فوائد ہیں' جب آپ اس کا استعمال شروع کریں گے تو آپ کی رگ رگ بتائے گی کہ اس کے کتنے فوائد ہیں۔ میری کسی جاننے والی نے بتایا کہ ان والد صاحب کو کمزوری تھی تو وہ ان کو السی کی کھیر بنا کر دیتے تھے جس سے ان کو خوب طاقت ملی۔ مطلب کہ السی کی کھیر بھی بنا سکتے ہیں۔ **لقوہ یا ٹھنڈ لگ جائے تو:** اگر کسی کو لقوہ یا سردی کی شکایت ہو تو سونٹھ سوکھی ہوئی پیس کر' چٹکی بھر شہد میں ملا کر مریض کو بار بار چٹائیں' خوب آرام ملتا ہے' درد بھی کم ہوجاتا ہے' سردی کی تکلیف تو چٹکیوں میں رفع ہوجاتی ہے۔ اگر گنج آجائے تو سرسوں اور کسٹر آئل ملا کر متاثرہ جگہ پر لگانے سے بال آجاتے ہیں مگر لگانا چند ہفتے' چند مہینے لگاتار۔ **گھر میں سکون پانے کے راز:** سورۂ رحمان اور سورۂ تغابن کا دم کیا ہوا پانی ہر روز گھر میں سپرے کرتی ہوں' جس سے حشرات گھر میں نہیں آتے' مچھر نہیں آتے اور نہ ہی چھپکلیاں نظر آتی ہیں۔ اس کے علاوہ گھر میں بہت سکون محسوس ہوتا ہے۔ گھر میں تصاویر بالکل نہیں رکھتے' کوشش بہت ہوتی ہے کہ بچوں کے اسکول کورسز کے علاوہ کوئی بھی' کہیں بھی تصویر نہ ہو ورنہ پر پھر وظائف پڑھنے کا نہ مزہ آتا ہے اور نہ ہی اثر ہوتا ہے۔ میرے گھر میں میوزک بالکل بند ہے' بچوں تک کو میوزک سے نفرت ہے' کہیں چل جائے تو حالت خراب ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ الحمدللہ! گھر میں ہر روز سورۂ بقرہ' سورۂ رحمٰن' سورۂ تغابن کی تلاوت چلا کر رکھتے ہیں۔ اکثر بچوں کو بٹھا کر ذکر کرتی ہوں اور اس کو ہدیہ آپ کو اور تمام امت مسلمہ کو کرتی ہوں۔ درس میں سن کر بلیوں کا لنگر اور پرندوں کا دانہ شروع کیا ہوا ہے۔ بس آپ کی ہر بات کی نقل کرتے ہیں بھلے عقل کام کرے یا نہ کرے۔ (ک۔ ش)

☆ ایک خاتون قاری کی آپ بیتی کہ کیسے ایک چھوٹے سے عمل نے اسے در در کی محتاجی سے "رئیس" بنادیا۔ عمل کیا ہے؟ جاننے کیلئے جنوری 2018 کا خواتین خاص نمبر ضرور پڑھیے!

# آئیے! باسی روٹی کی قدردانی کریں

ایک خاتون اپنے دونوں پاؤں کے انگوٹھے باندھ کر پرانے دور کے وہ بڑے کنوئیں جو بیلوں سے چلتے تھے ان کی ایک منڈھیر سے دوسری منڈھیر کو چھلانگ لگا کر پار کرتی تھی لیکن حیرت کی بات یہ ہے نہ کنوئیں کے اندر گرتی نہ باہر جا کر گرتی

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

مصنوعی غذائیں' فاسٹ فوڈز' کولا مشروبات زندگی کو کوئلے سے بھی زیادہ سوختہ کر چکے ہیں اور جلا چکے ہیں اور زندگی اتنی ناپائیدار ہو چکی ہے جس کا ایک چھوٹا سا واقعہ میں آپ کو بتاتا ہوں' ایک ٹھیکیدار میرے پاس آئے اور شکوہ کرنے لگے مزدور اپنی مزدوری پوری لیتا ہے لیکن کام نہیں کرتا' بددیانت اور بے ایمان ہو گئے ہیں' میں نے عرض کیا آپ نے ایک وجہ بتائی ہے دو نہیں! بددیانتی اور بے ایمانی تو عمومی بڑھ گئی ہے لیکن غذائی قلت بھی اس کا ایک سبب ہے' سادہ غذائیں آج کا مزدور ہی کھانے کو تیار نہیں' باسی روٹی اس کی طبیعت اور مزاج اور باسی کھانا اس کے انداز میں آ ہی نہیں رہا' مجھے فوراً ایک قول یاد آیا جو میں نے انہیں بتایا: حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کچھ نصیحتیں فرمائیں اور ایک نصیحت یہ بھی فرمائی کہ اے ابوذر! اپنے سے کم تر پر نظر رکھ اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا ہوگا۔ مزدور اپنے سے کمتر پر نظر رکھنے کو تیار نہیں' وہ کہتا ہے کہ جو مالدار کھاتا پہنتا ہے میں بھی وہی کھاؤں اور وہی پہنوں' اسی جذبے سے بددیانتی اور کرپشن کی شکلیں نکلتی ہیں' یقین جانیے! جو باسی روٹی میں ہے وہ اور کسی چیز میں نہیں ہے' اللہ کے ایک ولی تھے وہ ہمیشہ باسی روٹی کھاتے تھے' کسی نے پوچھا کہ آپ باسی روٹی کیوں کھاتے ہیں؟ فرمایا: روز آنے والا وقت برکات نبوت صلی اللہ علیہ وسلم سے دور ہو رہا' آج کی روٹی دور نبوت صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب تر ہے' کل کی اور دور ہو جائے گی' آج میں جو برکت ہے کل وہ نہیں ہوگی۔

میری والدہ محترمہ رحمۃ اللہ علیہا ایک واقعہ ہمیں سنایا کرتی تھیں کہ ایک خاتون اپنے دونوں پاؤں کے انگوٹھے باندھ کر پرانے دور کے وہ بڑے کنوئیں جو بیلوں سے چلتے تھے ان کی ایک منڈھیر سے دوسری منڈھیر کو چھلانگ لگا کر پار کرتی تھی لیکن حیرت کی بات یہ ہے نہ کنوئیں کے اندر گرتی نہ باہر جا کر گرتی' اور اس سے اگلی عجیب بات کہ ان کے دونوں انگوٹھے بندھے ہوئے ہوتے تھے' کسی نے اس عورت کی طاقت کا راز جاننا چاہا تو پتہ چلا کہ وہ باسی روٹی کھاتی ہے' اور کبھی کبھار اگر صبح مکھن مل جائے تو اس کے ساتھ ورنہ پانی کے ساتھ ہی کھا لیتی ہے لیکن کھاتی ہمیشہ باسی روٹی ہے۔ قارئین! اگر باسی روٹی بازار کی پکی ہوئی بالکل پتلی اور خشک ہو تو اس کو ہلکا سا پانی کا چھینٹا مار کر کسی سوتی کپڑے میں لپیٹ کر رکھیں فریج میں رکھنے کی ضرورت نہیں' جب صبح دیکھیں گے تو وہ ریشم کی طرح نرم ہوگی اور اگر گھر کی پکی ہوئی سادہ اور دیسی آٹے کی روٹی ہے پتلی نہیں' کچھ موٹی پکی ہوئی ہے تو اس کو اگر پانی لگا کر نہ بھی رکھیں تو وہ صبح تک بہت نرم رہتی ہے' آئیے میں باسی روٹی کے تین پیکیج آپ کو دیتا ہوں:۔

**پہلا پیکیج:** دہی اتنا لیں کہ جتنا آپ زیادہ سے زیادہ کھا سکیں' کچے کورے برتن میں دیسی شکر (شکر جتنی ڈارک براؤن ہوگی یعنی جتنی زیادہ میلی ہوگی' اتنی زیادہ صحت مند اور مفید ہوگی) تھوڑی سی ڈال کر مکس کر کے رات کو برتن ڈھانک کر کھلے صحن میں رکھ دیں' اگر کچا برتن میسر نہ ہو اور کھلا صحن بھی میسر نہ ہو تو شکر ملا کر دہی کو آپ کمرے کے اندر یا فریج میں رکھ سکتے ہیں' صبح یہ دہی باسی روٹی کے ساتھ کھائیں اور تین بیماریوں سے نجات پائیں۔ 1۔ پرانا ہیپاٹائٹس اور پیلا یرقان' 2۔ کمزور نڈھال جسم جو بڑے بڑے ٹانک اور ادویات سے طاقتور نہ ہو رہا ہو اور زندگی فٹنس کی طرف نہ جا رہی ہو اور معدے کی پرانی' گیس تبخیر بادی خشکی قبض بس آپ ان تین چیزوں سے اگر نجات پانا چاہتے ہیں تو دہی دیسی شکر اور باسی روٹی کیا لطف کی بات ہوگی کہ دہی مٹی کے کونڈے میں جمی ہوئی ہو تو اس کی طاقت اور تاثیر بہت زیادہ ہے۔ **دوسرا پیکیج:** باسی روٹی صبح دیسی مکھن (معذرت ہے کہ مجھے بازاری مکھن جس کا جتنا خوشنما کا غذ' ڈبی' اشتہار ہی کیوں نہ ہو' ہرگز نہیں چاہیے! گاؤں اور دیہات کا یا اپنے گھر کا' ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ گھر میں دودھ آتا ہے اس کی بالائی اتاریں اور خود ہی مکھن بنالیں) اور باسی روٹی اور شہد یا شکر ڈالنا چاہیے' ورنہ اس کے بغیر بھی کھا سکتے ہیں' اس کی طاقت اور تاثیر آپ کے گمان خیال اور مشاہدہ میں آپ سوچ نہیں سکتے' جسم' دماغ اعصاب یادداشت نظر قوت اور طاقت صحت و تندرستی ان سب کیلئے مکھن اور باسی روٹی آپ عینک اتارنا چاہتے ہیں آپ رات کے اندھیرے میں ستاروں کی روشنی میں پڑھنا چاہتے ہیں آپ گھر میں گری ہوئی سوئی تلاش کرنا چاہتے ہیں تو آئیے! باسی روٹی دہی یا مکھن سے دوستی لگائیں اور ہاں! اگر آپ کو شوگر نہیں تو دیسی شکر ہرگز ڈالنا نہ بھولیے۔ آپ چاہتے ہیں کہ صدیوں پرانی بھولی باتیں یاد آئیں آپ کا جسم صحت مند رہے آپ ستر اسی سال کے بڑھاپے میں بھی اٹھارہ سال کی جوانی کا ناز اٹھائیں تو پھر باسی روٹی کیوں بھول گئے؟ **تیسرا پیکیج:** باسی روٹی صبح کسی باسی سالن یا دال کے ساتھ کھائیں' یا پھر باسی روٹی گڑ کے ساتھ کھائیں لیکن گڑ کیلئے بھی شرط وہی ہے کہ جتنا زیادہ ڈارک براؤن یعنی میلا ہو اتنا زیادہ صحت مند اور ہاں جتنا زیادہ پرانا ہوگا' اتنا مفید اور طاقتور ہوگا' میں نے اپنے گھر میں ایک مٹکا رکھا ہے جس میں گڑ رکھا ہے مٹکے کے منہ پر کپڑا باندھا ہوا ہے مٹکے میں رکھا گڑ تین صدیاں خراب نہیں ہوتا' رنگ بدلتا جائے گا لیکن تاثیر ویسے کی ویسے رہے گی۔ باسی روٹی گڑ سے کھائیں یا سالن سے آپ کی صحت مزیدار آپ کا جسم جاندار' آپ کا چہرہ شاندار' نہ جھریاں' نہ کمزوری' نہ لاغری' نہ کھانسی' نہ جسمانی اعصابی تناؤ کھچاؤ اور آخری میری بات یاد رکھیے گا موجودہ دور کی سوغات ڈیپریشن ٹینشن کا باسی روٹی لاجواب اور بہترین علاج ہے۔ لیکن یہ اس کیلئے ہے جو اس کی قدردانی کرے گا' جتنے روٹی کے ٹکڑے آج گھروں سے نکلتے ہیں اس سے پہلے کبھی ٹکڑے گھروں سے نہیں نکلے اور نہیں بکے' جب سے نفاست مزاج کے اندر بڑھتی چلی گئی ہے جہاں رزق کا ضائع ہونا اور رب کی رحمت کا اٹھ جانا واضح ہوتا ہے وہاں صحت اور تندرستی بھی ہم سے روٹھ گئی ہے کتنے خوش قسمت لوگ ہیں جو صحت اور تندرستی کی تلاش کرنے کیلئے باسی روٹی کو اپنی زندگی کا ساتھی بناتے ہیں اور کتنے بدقسمت ہیں جو صحت اور تندرستی کیلئے جھاگ دار مشروبات کولا ڈرنک فاسٹ فوڈز اور رنگ برنگی غذائیں اپنی زندگی میں ساتھ لے کر چلتے ہیں۔ آئیے! باسی روٹی سے معذرت کریں کہ ہم تیرے ساتھ بے وفائی کر کے زندگی کو پریشان کر بیٹھے ہیں سکھ' خوشحالی' سکون اور صحت برباد کر بیٹھے ہیں اگر میری بات کا یقین نہیں آتا تو یوٹیوب نیٹ اور فیس بک پر تھوڑا سا تلاش کر کے دیکھیں میں نے خود دیکھا ہے باسی روٹی کو سائنس واپس لا رہی ہے کیونکہ فطرت کی طرف پلٹ آنا سائنس کی پرانی عادت ہے۔

## چہرے کے داغ دھبے اور پٹھوں کا درد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دو ٹوٹکے قارئین کے نام کر رہا ہوں۔ ہیپاٹائٹس' یرقان' اسہال اور پیچش میں تھوڑے سے چقندر کا رس ایک چمچ لیموں کے رس میں ملا کر دن میں ایک خوراک دینے سے امراض میں افاقہ ہوتا ہے اس کے علاوہ چہرے کے داغ دھبے' قبض' پٹھوں کے درد' آنکھوں کی خشکی دور کرنے کیلئے ایک چقندر' ایک گاجر' ایک سیب کے رس اور آدھا لیموں ان سب کو رس میں شامل کر کے چند ہفتے' چند مہینے نہار منہ استعمال کریں۔ (غلام قادر ہراج' جھنگ)

انسان موٹا کس طرح ہوتا ہے؟: جانور کھانے پینے سے موٹا ہوتا ہے جبکہ آدمی کانوں کے ذریعے یعنی اپنی خوشامد سن کر موٹا ہوتا ہے۔

## پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

- کزن سے شادی کرنا چاہتی تھی مگر
- مرنے کی آسان ترکیب
- میرے خواب میری الجھن
- شوہر کی حسین لڑکی سے دوستی
- بھائی کو ابو سے محبت نہیں
- اکثر ہاتھ کی نس کاٹ لیتی ہوں

**کزن سے شادی کرنا چاہتی تھی مگر:** آج سے بیس سال پہلے شوہر سے علیحدگی ہو گئی۔ایک بیٹی تھی اس کی شادی کردی، میں گھر میں بالکل تنہا ہوں، میرا ایک کزن مجھ سے ملنے کیلئے آتا ہے تو محلے والے مشکوک نظروں سے دیکھتے ہیں، ایک روز میں نے ان کو آنے سے منع کر دیا، وہ ناراض ہوئے بغیر چلا گیا اور خاندان کے ایک بڑے کے ذریعے اپنا رشتہ بھجوایا، اس پر مجھے اور غصہ آیا کہ ایسی بات تھی تو مجھے خود کہتا یا فون کرتا کیونکہ میں بھی اس سے شادی کرنا چاہتی ہوں، اب ہر وقت رونا آتا ہے، لوگ ملنے کیلئے آتے ہیں تو اس کی برائی کرتی ہوں کہ سب کو یقین آجائے کہ ہمارے درمیان ایسی کوئی بات نہیں ہے۔(ج، پشاور)

**مشورہ:** رشتہ بھیجنے کا طریقہ برا نہیں، اپنے مزاج پر قابو پائیں اور کزن سے فون پر خود بات کرلیں، لڑنے کے ارادے سے نہیں کیونکہ اس طرح اور زیادہ اداسی بڑھے گی، اگر کوئی اچھا ہے تو اس کو برا کہہ کر لوگوں کو راضی نہیں کیا جاسکتا، آپ کا بھی زندگی کی خوشیوں پر اتنا ہی حق ہے جتنا اور بہت سے لوگوں کا ہے۔

**بھائی کو ابو سے محبت نہیں:** میرا مسئلہ اپنے بڑے بھائی کے حوالے سے ہے، وہ سب کے ساتھ اچھے ہیں لیکن اگر ابو کوئی بات کہیں تو بُرا مان جاتے ہیں، غصے میں آکر گھر سے باہر چلے جاتے ہیں، کبھی کہتے ہیں ملک سے باہر چلا جاؤں گا کبھی واپس نہیں آؤں گا، امی بتاتی ہیں بھائی بچپن میں بہت شریر تھے ابو نے ان کی تربیت میں زیادہ سختی کی، وہ بچپن میں بھی ان سے چھپتے تھے، لیکن اب میں دیکھتی ہوں کہ اب ابو ان کو کوئی ایسی غلط بات بھی نہیں کہتے پھر بھی بھائی کو ابو سے محبت نہیں۔(جویریہ، راولپنڈی)

**مشورہ:** تربیت میں غیر ضروری سختی اور سزا بچوں کی شخصیت کو سنوارتی نہیں بلکہ بگاڑتی ہے، آپ کی یہ بات کہ بھائی کو والد سے محبت نہیں غلط ہے، رویہ خراب ہونے کے باوجود ان سے محبت ہوگی، کیونکہ یہ محبت فطری ہے اور اس کو کوئی دل سے نہیں نکال سکتا، البتہ اس کے اظہار کیلئے بھائی کو کونسلنگ کروائی جائے۔

**مزاج کے خلاف بات:** میری اکلوتی بیٹی ہے وہ بہت حساس ہے، بچپن سے اس کی یہ حالت ہے کہ ذرا سی اس کے مزاج کے خلاف بات ہو تو اسے الٹیاں آنی شروع ہو جاتی ہیں، پہلے تو ہم نے سمجھا کہ معدہ کا مسئلہ ہے، پھر غور کیا تو معلوم ہوا کہ کوئی بھی وجہ نہیں، میری ساس کہتی ہے کہ یہ جان بوجھ کر الٹی کرتی ہے۔اب اس کی عمر 16 سال ہے لیکن الٹی کرنے کی شکایت برقرار ہے،(ق، ملتان)

**مشورہ:** یہ بہت افسوس ناک بات ہے کہ آج بھی ہمارے علاقے کے لوگ اعصابی اور نفسیاتی ردعمل کو نہیں پہچانتے، اس نتیجہ میں مسئلہ کے حل کی طرف توجہ نہیں دی جاتی اور بھی سے لوگ ہیں، سب کی مرضی کے خلاف بات ہوگی اور کسی کو الٹی کیوں نہیں ہوگی، اس لئے وہ ذہنی اور اعصابی طور پر زیادہ ہیں، بیٹی کی تکلیف کو معمولی نہ سمجھیں علاج کروایئے۔

**شوہر کی حسین لڑکی سے دوستی:** میرے 3 بچے ہیں، شادی کو آٹھ سال ہوئے ہیں، اب آکر شوہر نے ایک لڑکی سے دوستی کر لی۔لوگ کہتے ہیں وہ مجھ سے زیادہ اسمارٹ اور خوبصورت ہے، کئی لوگوں نے مجھ سے ذکر کیا کہ وہ دونوں ساتھ دیکھے گئے ہیں، شوہر اتنے چالاک ہیں کہ انہوں نے مجھے اور بچوں کو ذرا بھی احساس نہ ہونے دیا، ہم لوگوں کو پہلے کی طرح چاہتے ہیں، سیر و تفریح کیلئے لے جاتے ہیں، گھنٹوں میرے ساتھ بیٹھے باتیں کرتے رہتے ہیں، مگر جب میں سوچتی ہوں کہ وہ لڑکی کون ہے؟ کیسی ہے؟ کیا اس کے بارے میں جو لوگوں نے ذکر کیا وہ ایسی ہی ہے، پوچھنے کی ہمت نہیں۔(زونیرہ، کراچی)

**مشورہ:** جو لوگ آپ کے دماغ میں شوہر کے حوالے سے بدگمانی پیدا کر رہے ہیں، وہ مخلص نہیں، اتنی خوشحالی اور پرسکون زندگی میں زہر گھولنا برا کام ہے، ان سے بات نہ کریں، اگر ایسی کوئی حقیقت ہوتی تو شوہر آپ کے ساتھ اتنا خوشگوار وقت نہ گزارتے۔

**میرے خواب میری الجھن:** میرے خواب میری نفسیاتی الجھنوں کا سبب بن گئے ہیں، ایسے ایسے لوگ نظر آتے ہیں جو میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھے، نہ ان سے ملا۔ پھر بھی وہ مجھے نقصان پہنچانے کی کوشش میں ہوتے ہیں، صبح ان کو تلاش کرتا ہوں کہ شاید وہ دن کی روشنی میں کہیں نظر آجائیں تو قصہ ہی ختم کردوں، پچھلے دنوں میں نے اپنے والد کی پرانی پستول نکال کر صاف کی اور اس کو اپنے سرہانے رکھ کر سونے لگا، امی نے جو دیکھا تو بہت ناراض ہوئیں۔(ن، کوئٹہ)

**مشورہ:** عالم خواب اور عالم بیداری میں بہت فرق ہے، محض خواب دیکھ کر آپ نے یہ سوچ کیسے لیا کہ جو کچھ دیکھا وہ سچ ہے۔خواب لاشعوری خوف کی عکاسی کرتے ہیں، اپنے ذہن کو منفی، خیالات، خوف خدشات وغیرہ سے پاک کریں، سونے سے پہلے خوشگوار اور اچھے خیالات بھی پرسکون نیند میں مددگار ثابت ہوں گے۔

**مرنے کی آسان ترکیب:** آج کل میرے دماغ میں موت کے حوالے سے خیالات آتے رہتے ہیں، سوچتا ہوں مرنے کی آسان ترکیب کیا ہے، جس سے مجھے تکلیف نہ ہو اور زندگی سے بھی جان چھوٹ جائے، چند ماہ قبل ملازمت سے ریٹائر ہوا ہوں، بس اب مرنے کی تیاری کررہا ہوں، دوستوں سے بات ہوتی ہے تب بھی پوچھتا رہتا ہوں کون کون زندہ ہے؟ گھر والے توجہ نہیں دیتے۔(عمر سلیم، سیالکوٹ)

**مشورہ:** مرنے کی آسان ترکیب سوچنے کی بجائے جینے کے اچھے طریقے ذہن میں لائیں، تو سوچ منفی دے بدل کر مثبت میں تبدیل ہو جائے گی اور ساتھ ہی مایوسی، ناامیدی کی کیفیت بھی بدلتی ہوئی محسوس ہوگی، موت کا وقت ملازمت سے ریٹائر ہونے والوں کے لئے مقرر نہیں ہوگا، یہ تو کب کس کو آجائے کچھ معلوم نہیں، غور کریں کہ کتنے چھوٹے آپ سے پہلے جو چلے گئے ہیں اور بہت سے ایسے جو آپ سے بڑی عمر کے ہیں جو زندگی کو پرسکون طریقے سے گزار رہے ہیں،

**اکثر ہاتھ کی نس کاٹ لیتی ہوں:** میری عمر 17 سال ہے، میٹرک کرلیا ہے، اپنی بات منوانے کے لئے بہت جذباتی ہوجاتی ہوں، کبھی کبھی خودکشی کرنے کی کوشش میں اپنے ہاتھ کی نس کاٹ لیتی ہوں اور کبھی کوئی قدم اُٹھاتی ہوں، گھر والے پریشان ہوکر ہسپتال میں لے جاتے ہیں، حساس ہوں ذرا ذرا سی باتوں کو دل پہ لے لیتی ہوں۔(ر۔ گجرات)

**مشورہ:** مرضی کی بات نہ ہونے پر خود کو نقصان پہنچانے والوں کو جذباتی یا حساس سمجھا جاتا ہے، یہ تصور درست نہیں ہے، کیونکہ یہ لوگ ذہنی مریض ہوتے ہیں، آپ ان ساری حرکات کو گناہ سمجھیں، خودکشی حرام ہے یہ تو معلوم ہوگا لہٰذا مرضی کی بات نہ ہونے پر منفی رویہ کبھی بھی فائدہ نہیں دیتا، گھر والوں کو آزمائش میں نہ ڈالیں، باقی زندگی گھر والوں سے دور بھی گزاری جاسکتی ہے، لہٰذا ذہن کی حفاظت بہتر ہے۔

### اگلا شمارہ اپنی نسلوں کیلئے سنبھال کر رکھیں

ایک قاری کی پرانی بوسیدہ خاندانی ڈائری جس میں خواتین کے سر سے لے کر پاؤں تک ظاہری و پوشیدہ ہر بیماری کا آسان ٹوٹکوں سے علاج ہے! عبقری خاص نمبر 2018ء میں جہاں اور بے شمار قارئین کے تجربات و مشاہدات ہیں وہاں یہ ڈائری بھی چھاپ دی گئی ہے۔

# کاغذ پر دو لائنیں لگا کر استخارہ کیجئے! انوکھا عمل

(م۔ع، لاہور)

سمجھ نہیں آتی تھی کس سے اجازت لوں' کس کے پاس جاؤں؟ بس اللہ سے دعا کرتا تھا کہ یااللہ کوئی کامل استاد سے مجھے ملوا دے اور اللہ کا شکر گزار ہوں کہ اس نے میری دعا قبول کی اور اس کریم نے عبقری سے میری ملاقات کروا دی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رب العزت سے دعا گو ہوں کہ آپ ہمیشہ خیر و عافیت سے رہیں اور آپ کا سایہ ہم سب پر قائم دائم رکھے۔ میں آبائی طور پر ملتان کا رہائشی ہوں مگر چند سال سے لاہور میں مقیم ہوں' الحمدللہ! ہمارا گھرانہ دین دار ہے اور اللہ کا لاکھ لاکھ شکر گزار ہوں کہ اس نے مجھے دین دار گھرانے میں پیدا کیا۔ میں آپ کو پہلے نہیں جانتا تھا۔ جنوری 2013ء میں اپنی پھپھو کے گھر گیا ہوا تھا تو وہاں آپ کا رسالہ عبقری دیکھا ان کے گھر ہر ماہ آتا ہے' وہاں پڑھا' پڑھ کر اچھا لگا اور اب الحمدللہ مستقل ہر ماہ سے پڑھ رہا ہوں۔ عبقری پڑھنے سے پہلے ہی مجھے وظائف عملیات کا بہت شوق تھا۔ بہت سے بزرگان دین کی کتب پڑھتا رہتا تھا لیکن وہی بات کوئی بھی وظیفہ ابھی تک کیا نہیں تھا کیونکہ ہر وظیفہ کے نیچے لکھا ہوتا ہے اجازت لے کر کریں۔ سمجھ نہیں آتی تھی کس سے اجازت لوں' کس کے پاس جاؤں؟ بس اللہ سے دعا کرتا تھا کہ یااللہ کوئی کامل استاد سے مجھے ملوادے اور اللہ کا شکر گزار ہوں کہ اس نے میری دعا قبول کی اور اس کریم نے عبقری سے میری ملاقات کروادی۔ میں اپنے چند مشاہدات وتجربات عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں: میں اُس وقت بہت چھوٹا شاید چھٹی کلاس میں پڑھتا تھا تو کہ ایک مولانا صاحب مسجد میں بیان کر رہے تھے کہ جو ہوتا ہے اللہ سے ہوتا ہے اللہ کے علاوہ کسی سے کچھ نہیں ہوتا' بس! اس وقت سے لے کر آج تک جب بھی کوئی مشکل' پریشانی کوئی تنگی کوئی حاجت ہوتی ہے فوراً اپنے اللہ سے مانگتا ہوں اور آپ یقین مانیں کہ اللہ مجھے میری حیثیت سے بڑھ کر عطا فرماتے ہیں اور ایک خاص عمل جو میں جمعہ کے دن کرتا ہوں کوئی حاجت' کوئی ضرورت' کوئی مشکل کام' پریشانی ہو جمعہ کے دن امام صاحب جو عربی کا خطبہ شریف دیتے ہیں اس کے درمیان میں جب امام صاحب کچھ دیر کیلئے خاموش ہوتے ہیں اس وقت میں دل میں دعا کرتا ہوں' نہ زبان سے نہ ہاتھ اٹھائیں۔ بس دل میں جو مانگنا ہے مانگ لیں اور پھر دیکھیں وہ دعا اسی وقت قبول ہوتی ہے اور فوراً وہ کام ہو جاتا ہے۔ یہ میرا ساری عمر کا تجربہ ہے اور یہ عمل میرا نام لکھے بغیر رسالہ میں شائع کردیں۔ قارئین یقین جانیے میری ہر دعا اس عمل کی وجہ سے قبول ہوتی ہے۔

ایک عمل میں کرتا ہوں وہ یہ کہ سیدھا اللہ رب العزت سے مشورہ کرتا ہوں' یعنی استخارہ کرتا ہوں' اللہ سے پوچھتا ہوں جو بھی کام ہو' طریقہ عمل بھی لکھ رہا ہوں بہت آسان ہے' ہر بندہ کرسکتا ہے' فوراً گارنٹی سے جواب ملتا ہے۔ بس یقین کامل ہو اس ذات پر بس پھر دیکھیں۔

طریقہ عمل: سب سے پہلے وضو کر کے دو نفل صلوٰۃ الحاجت پڑھیں اور جو مقصد ہو اس کے بارے میں اللہ سے دعا کریں کہ یااللہ تو سیدھا راستہ دکھادے۔ دعا کے بعد تین یا سات مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر سورۂ یٰسین اور سورۂ رحمٰن پڑھیں اور پھر سات یا تین مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر سورۂ یٰسین اور سورۂ رحمٰن پڑھیں اور پھر تین سے سات دفعہ درود شریف پڑھیں اور اپنا مقصد سامنے رکھیں اور ایک کاغذ پر دو لائن لگائیں جیسے پلس کا نشان ہوتا ہے اوپر اور نیچے لائن کے آخر میں نہ خیر لکھیں اور سائیڈ والی لائن جو سیدھی لائن کے درمیان لگائی جاتی ہے اس کے آخر میں خیر لکھیں۔ اور ایک تسبیح ہاتھ میں سیدھی پکڑ لیں اور درود شریف پڑھتے رہیں اور اپنے مقصد کی اللہ سے دل ہی دل میں دعا کریں اور پھر دیکھیں تسبیح خود ہلنے لگے گی اور آپ کو پتہ چل جائے گا کہ اس کام میں خیر ہے یا نہ خیر ہے' یہ عمل بھی میں کرتا ہوں اور ہر خیر والا کام کرتا ہوں اور کامیاب ہوتا ہوں' یہ عمل بھی عبقری رسالہ میں شائع کردیا جائے۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یااللہ پڑھتا ہوں اور سات مرتبہ ھو اللہ الرحیم پڑھتا ہوں اور دل پر ہاتھ رکھ کر دل میں سوچتا ہوں کہ اللہ کی رحمت حضور نبی کریم ﷺ کے روضہ اقدس پر اترتی ہوئی سیدھی میرے دل پر آرہی ہے اور (باقی صفحہ نمبر 22 پر)

اگلے ماہ' جادو' جنات' گھریلو و کاروباری الجھنوں سے نکلنے کیلئے نئے آزمودہ وظائف وعملیات ضرور پڑھیں۔ بے شمار نے مقصد پایا آپ بھی پائیں۔

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

## گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

### ناف ٹل جائے تو پریشان نہ ہوں!

یہ ایسی تکلیف ہے جس کا ڈاکٹری علاج آج تک دریافت نہیں ہوسکا۔ اگر کسی کی ناف ٹل جائے تو ناف کی جگہ پر شہادت کی انگلی رکھ کر لاتعداد مرتبہ پڑھیں لِلّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ دم کردیں اللہ کے اس نام کی برکت سے ناف اپنی جگہ پر آجائے گی اگر محسوس ہو کہ ناف اپنی جگہ پر نہیں آئی ہے تو دو تین مرتبہ دم کریں۔ بہت ہی آزمودہ ہے۔ یہ میں سینکڑوں لوگوں پر آزما چکا ہوں۔

### تنگی سے نجات حاصل کرنے کا آزمودہ نسخہ

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ٥ (سورۃ المائدہ آیت 114)

اگر آپ کو رزق کی پریشانی ہے یا کسی خاص چیز کے کھانے کی حاجت ہو تو اول و آخر درود شریف اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک دیں اللہ پاک رزق کی تنگی دور فرمائیں گے۔ صرف حلال رزق کھائیں' حرام سے بچیں حسب توفیق صدقہ ضرور کردیا کریں۔

### بھائی جان مجھے یرقان ہوگیا ہے!

میری پھوپھی زاد بہن جو کہ کراچی میں رہتی ہیں ان کا فون آیا کہ بھائی جان مجھے یرقان ہوگیا ہے میں نے فون پر درج ذیل نسخہ بتایا۔ چند دن بعد ان کا فون آیا کہ بھائی جان میں نے آپ کا بتلایا ہوا نسخہ استعمال کیا اب بالکل ٹھیک ہوگئی ہوں۔

نسخہ: ریوند خطائی 5 گرام' ریوند چینی 100 گرام' کلونجی 50 گرام' قلمی شورہ 20 گرام' زیرہ سفید 5 گرام' پنیر ڈوڈی 50 گرام۔ تیاری: تمام ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔ طریقہ استعمال: دن میں چار بار یہ سفوف آدھا چمچ گاجر کے رس' مسمی کے رس' دودھ کی لسی' شربت بزوری ہو کسی بھی چیز سے استعمال کرسکتے ہیں۔ (عبقری جلد نمبر 8)

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے فون نمبر
0332-7552382

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہوں گے۔
(قیمت فی جلد -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

بھوک' پیاس' زخم اور درد کی تکالیف سے محفوظ: جو شخص روٹی کے چار لقموں پر اسم الٰہی یاقابضُ لکھ کر چالیس دن تک کھائے گا' وہ بھوک' پیاس' زخم اور درد وغیرہ کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔

بچوں کا صفحہ

# بچو! کیا کبھی آپ کسی غریب کی عیادت کرنے گئے ہیں؟

**ہاں تو بتایئے اور کتنے دن آپ بیمار رہیں گے' باباجی اب جلدی سے ٹھیک ہوجایئے تمام لوگ آپ کیلئے دعائیں کررہے ہیں۔ باباجی کی اہلیہ شکیلہ بی بی اندر سے پانی لینے گئیں' امی نے باباجی کے سامنے ان کے تکیہ کے نیچے پانچ ہزار روپے رکھ دیئے' ارے ارے! یہ کیا کررہی ہیں**

''خدا جانے بابا رمضان کہاں رہتا تھا۔ اس کی سبزی کی دکان ہمارے گھر کے نزدیک ہی تھی' وہ کافی بوڑھا ہوچکا تھا۔ اس کے باوجود صبح سویرے منڈی جاتا' ریڑھے پر سبزیاں لاد کر لاتا اور دکان پر دھو دھو کر سلیقے سے سجاتا۔ موسم سردی کا ہو یا گرمی کا آندھی طوفان ہر کام وہ خود کرتا۔ سبزیاں وہ یوں رکھتا جیسے نازک سے کھلونے ہوں۔ محلے کے سارے لوگ بابا رمضان سے سبزی خریدتے۔ وہ ایک اچھے مزاج کا انسان تھا۔ اس کے بھاؤ بھی اکثر بازار سے کم ہی ہوتے۔ بابا رمضان پانچ وقت کا نمازی تھا' رش نہ ہوتا تو اردگرد کے دکاندار اس سے دینی مسائل پوچھتے' جوں ہی محلے کی مسجد سے اذان ہوتی وہ تمام کام چھوڑ چھاڑ دکان کھلی چھوڑ کر نماز پڑھنے چلا جاتا۔ اسی سال کی عمر میں بھی وہ چاق و چوبند تھا۔ ایک دن امی نے مجھے پیسے دیئے ''جاؤ بابا رمضان کی دکان سے آلو بینگن لے آؤ'' وہاں تو دکان بند تھی' اگلے دن بھی دیکھا دکان بند تھی' باباجی نے کبھی چھٹی نہیں کی تھی۔ اب تو متواتر چھ دن سے دکان بند دیکھ کر محلے دار ایک دوسرے سے پوچھ رہے تھے بابا رمضان کی دکان کیوں بند ہے؟ وہ کیوں نہیں آرہا۔ لوگ پوچھ پوچھ کر دوسری دکانوں سے سودا خریدنے لگے۔ میری امی چین سے بیٹھنے والی کہاں تھیں؟ انہوں نے بابا رمضان کی تلاش جاری رکھی۔ بالآخر پتہ چلا گوشت والے کا گھر باباجی کے گھر کے قریب شاہ عالم گیٹ میں ہے۔ باباجی بہت بیمار ہیں ان کا علاج ہورہا ہے میں آپ کو پتہ لکھ دیتا ہوں۔ اگلے دن امی نے بابا رمضان کی عیادت کیلئے جانے کا فیصلہ کرلیا۔ بابا کی دکان پندرہ دنوں سے بند تھی۔ سارے گاہک تتر بتر ہوگئے تھے میں اور امی رکشے میں شاہ عالمی پہنچے۔ مگر وہاں باباجی کا گھر کوسوں دور تھا۔ تنگ و تاریخ گلیوں میں داخل ہوئے ایک آدمی سے بابا رمضان کی رہائش گاہ کا پتہ پوچھا کہ فلاں گلی نمبر اور مکان نمبر کہاں ہے؟ تو اس نے بتایا کہ وہ تو کافی آگے ہے' سیدھے جا کر دائیں مڑ جایئے دودھ دہی کی دکان والے سے پوچھ لیں۔ غرضیکہ پوچھتے پوچھتے آدھ گھنٹے کے بعد ایک پرانی طرز کے بنے شکستہ حال گھر کے شکستہ حال دروازہ سے ہم اندر داخل ہوئے' چھوٹا سا گھر ایک برآمدہ اور کمرے پر محیط تھا' باباجی چارپائی پر دراز تھے۔ ''السلام علیکم باباجی!'' امی نے اونچی آواز میں کہا۔ باباجی کے پژمردہ چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ گئی' انہوں نے بستر سے اٹھنے کی کوشش کی' باباجی کا نوجوان بیٹا موڑھے لے آیا۔

''کیا حال ہے؟'' امی نے کہا۔ ''بس جی بیماری نے میرا گھر دیکھ لیا ہے' اللہ تعالیٰ فضل کرے گا'' ایک بزرگ خاتون سے باباجی نے تعارف کرایا۔ ''یہ میری بیوی شکیلہ ہے' اور یہ باجی روز میری دکان سے سبزی خریدتی تھی۔ اتنی دور سے میرا حال پوچھنے آئی ہیں'' ''اوئے پترنس کے جا چائے پانی دا بندوبست کر'' امی بولیں: ''نہیں نہیں! شکریہ کسی قسم کی کوئی زحمت نہ کیجئے' اور ہاں تو بتایئے اور کتنے دن آپ بیمار رہیں گے' باباجی اب جلدی سے ٹھیک ہوجایئے تمام لوگ آپ کیلئے دعائیں کررہے ہیں۔ باباجی کی اہلیہ شکیلہ بی بی اندر سے پانی لینے گئیں' امی نے باباجی کے سامنے ان کے تکیہ کے نیچے پانچ ہزار روپے رکھ دیئے' ارے ارے! یہ کیا کررہی ہیں' باباجی نے احتجاج کرنے کی کوشش کی۔ ''باباجی! بیمار ہونے کی وجہ سے آپ کا سبزی کا کاروبار ختم ہوگیا ہے۔ جیسے ہی آپ صحت یاب ہوں اس چھوٹی سی رقم سے آپ دوبارہ منڈی جائیں گے' نئے حوصلہ اور ہمت سے کام شروع کریں گے تو آپ کے سبزی کے گاہک واپس آجائیں گے'' اچھا! اب ہم چلتے ہیں۔ امی نے موڑے سے اٹھتے ہوئے کہا۔ مگر باباجی کی بیگم دو پیالیوں میں چائے لے آئی اور ان کا بیٹا بھاگ کر باہر سے آیا اور چھوٹے سے لفافے میں بسکٹ لے آیا۔ ان کی دل شکنی نہ ہو' امی نے چائے پیتے ہوئے کہا: ''ماں جی ایسی چائے میں نے کبھی زندگی میں نہیں پی اور بسکٹ واقعی ہی لاجواب اور تازہ ہیں'' راستے میں میں نے کہا: ''امی جان اتنی بڑی رقم آپ نے باباجی کو دے ڈالی' ہمارے یونیفارم کا کیا بنے گا؟'' امی جان! نے آسمان کی طرف نگاہ کرتے ہوئے کہا فکر نہ کرو چندا! تمہارا یونیفارم بھی بنے گا اور تمام ضروریات بھی پوری ہوں گی۔ یہ پیسے تو میں نے تمہارے کپڑوں کیلئے ہی رکھے تھے۔ میرے لیے یہ خوشی کی بات ہے کہ ایک بزرگ ہماری تھوڑی سی کوشش سے دوبارہ ہمت کرکے اپنے کام میں لگ جائے گا'' یہ کہہ کر امی نے رکشے والے کو گلبرگ چلنے کیلئے کہا۔ (شبانہ یونس)

## مہمان نواز شخص

کسی بستی میں خدا کا ایک پیارا بندہ رہتا تھا۔ وہ اتنا اچھا تھا کہ لوگ اُسے خدا کا دوست کہتے تھے۔ اُس کی ایک عادت تو بہت ہی عجیب تھی۔ جب تک اُس کے گھر میں کوئی مہمان نہ آجاتا وہ خود بھی کھانا نہ کھاتا۔ ایک دفعہ مسلسل کئی روز اُس کے گھر میں کوئی مہمان نہ آیا۔ خدا کا یہ دوست بھی بھوکا ہی رہا۔ بستی والوں نے بہت سمجھایا مگر وہ خدا کا نیک بندہ دسترخوان پر نہ بیٹھا اور بستی سے باہر نکل کر کسی مسافر کا انتظار کرنے لگا۔ خدا خدا کرکے اسے ایک بوڑھا مسافر دکھائی دیا۔ مسافر کو دیکھ کر وہ نیک دل انسان بہت خوش ہوا اور بڑے احترام سے مسافر سے میٹھی میٹھی باتیں کرنے لگا۔ وہ بوڑھا مسافر بھی کوئی بہت ہی عجیب انسان تھا۔ ہر بات کا ٹیڑھا جواب دیتا۔ خدا کا دوست پھر بھی اُس سے ناراض نہ ہوا۔ کھانا تیار ہوا تو مسافر کو بڑے احترام سے بٹھایا گیا۔ سب لوگوں نے بسم اللہ پڑھ کر کھانے کا آغاز کیا مگر اُس بوڑھے مسافر نے بسم اللہ پڑھے بغیر کھانا شروع کردیا۔ میزبان نے پہلی بار ذرا سخت لہجے میں پوچھا: ''محترم بزرگ! جس خدا نے ہمیں اتنی نعمتیں عطا کی ہیں' کیا ہمارا فرض نہیں کہ ہم کھانا کھانے سے پہلے اس کا نام ہی لے لیں؟'' ''میں اس بات پر یقین نہیں رکھتا۔'' مسافر نے تلخی سے جواب ''کیونکہ میرے رہنما نے ایسا کرنے سے مجھے منع کررکھا ہے'' باتوں باتوں میں خدا کے نیک بندے کو معلوم ہوگیا کہ اس کا مہمان پرلے درجے کا کافر اور خدا کی ہستی کا انکار کرنے والا تھا۔ میزبان یہ بات برداشت نہ کرسکا اور اس نے بڑے غصے سے کہا: ''جو شخص خدا کی ہستی کا انکار کرے وہ میرا مہمان نہیں ہوسکتا'' یہ کہہ کر میزبان نے اپنے مہمان کو گھر سے نکال دیا۔ وہ مسافر بھی سب کو بُرا بھلا کہتا ہوا بستی سے نکل گیا۔ خدا کا نیک بندہ اپنے مہمان کو گھر سے نکال کر پریشانی میں مبتلا ہوگیا۔ رہ رہ کر اسے اس کافر کی بیوقوفی کا خیال آرہا تھا۔ ''آخر یہ لوگ اپنے سچے پروردگار کا شکر کیوں ادا نہیں کرتے' وہ پروردگار جو ہم انسانوں کی ساری ضروریات پوری کرتا ہے'' خدا کا وہ نیک دل بندہ اسی کشمکش میں مبتلا تھا کہ غیب سے آواز آئی ''میرے پیارے بندے! تو نے مہمان کو گھر سے نکال کر کوئی اچھا کام نہیں کیا' میں نے سو برس تک اسے روزی دی اور تو اسے ایک وقت کا کھانا نہ کھلا سکا' حالانکہ وہ کھانا میرا ہی دیا ہوا تھا۔ وہ میری خدائی کا انکار کرسکتا ہے کہ میں نے اسے ایک مقررہ وقت تک ڈھیل دے رکھی ہے لیکن میں نے تو اسے پیدا کیا ہے' میں کیسے کہہ دوں کہ وہ میرا بندہ نہیں۔'' خدا کا نیک بندہ یہ سن کر بہت شرمندہ ہوا۔ اس کے بعد وہ ہر انسان کو صرف انسان اور خدا کا بندہ سمجھ کر اپنا مہمان بناتا۔ سبق: ہر شخص کو اپنے عمل کا بدلہ ضرور ملتا ہے۔ اس لیے برائی کا بدلہ بھی بھلائی سے ہی دینا چاہیے۔ (انتخاب: سانول چغتائی' رانجھو چغتائی' اماں زیبو چغتائی' بھورل چغتائی' احمد پور شرقیہ)

☆ شب جمعہ کو مانگی دعا نے بہترین جگہ پر رشتہ کروا دیا' انوکھا آسان عمل ☆ راتوں کو ڈرنے والی خواتین کی پریشانی اب ختم۔
''عبقری جنوری 2018ء خاص نمبر پڑھنا کسی صورت نہ بھولیے گا''

بیماری نے تجھے باہوش بنادیا: جب تو بیمار پڑتا ہے تو اپنے گناہوں سے توبہ واستغفار کرتا ہے‘ یہ اس بات کا ثبوت ہوتا ہے کہ تیری بیماری نے تجھے بیدار کرکے باہوش بنادیا ہے۔

حبیب بلوچ‘ گوجرانوالہ

قسط نمبر 5

# جنات کے ساتھ گھومتا ہوں‘ انہیں جاگتی آنکھوں سے دیکھتا ہوں!

ریٹائرڈ آرمی آفیسر‘ آرمی ایجوکیشن کالج میں سنئر‘ ایس ایم آرمی پبلک سکول اور مردان کالج میں پرنسپل۔ گریڈن اکیڈمی گوجرانوالہ میں ایڈمن آفیسر رہے۔ ان کے ذاتی اور خاندانی چشم دید‘ اسرار و حیران کن جنات کے ساتھ گزرے سچے واقعات‘ قسط وار قارئین کی نذر۔

میں ملازمت کے سلسلہ میں خیبرپختونخوا کے ایک شہر میں تعینات ہوا‘ اس شپ سے تھوڑے فاصلہ پر پہاڑی سلسلہ شروع ہوجاتا ہے‘ میری ڈیوٹی ایسی تھی کہ وہاں کے مقامی لوگوں سے ملاقات ہوتی رہتی تھی اور مختلف موضوعات پر بات چیت ہوتی رہتی تھی ایک دن جنات کے موضوع پر بات چیت چل نکلی تو ایک شخص (م۔ر) نے بتایا کہ میں جنات کو اس طرح دیکھتا ہوں جس طرح میں اور آپ ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں انہوں نے بتایا کہ ہمارے گاؤں کے نزدیک پہاڑیوں میں بہت زیادہ جنات کا بسیرا ہے میں ان کے ہاں چلا جاتا ہوں ان سے گپ شپ لگاتا رہتا ہوں ایک دن ان کے بڑے کو ایک جن نے کہا کہ انسان ہم سے ڈرتے ہیں‘ یہ آدمی بے خوف ہوکر آتا ہے اور گپ شپ لگا کر چلا جاتا ہے اور ذرا بھی خوف زدہ نہیں ہوتا۔ جنات کے سردار نے مجھے مختلف طریقوں سے ڈرانے کی کوشش کی لیکن میں نہ ڈرا اور ان کے ہاں میرا آنا جانا لگا رہا۔ ایک دن جب میں اس طرف گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بہت ڈراؤنی شکل کی ایک مخلوق ہے‘ جس کی ایک ٹانگ ایک پہاڑ پر اور دوسری ٹانگ دوسرے پہاڑ پر ہے‘ میں نے دیکھتے ہی بھانپ لیا کہ یہ اس جن نے ڈرانے کیلئے یہ ڈراؤنی شکل اختیار کی ہے لہٰذا میں خوفزدہ نہ ہوا اسی دن میں گپ شپ لگائے بغیر واپس چلا آیا‘ دوسرے دن جب میں وہاں گیا تو مجھے ان جنات نے بتایا کہ کل آپ کو ڈرانے کیلئے ایک ہیبت ناک شکل بنائی تھی لیکن آپ کیا چیز ہیں کہ ڈرتے ہی نہیں؟ میں نہ عالم ہوں نہ عامل لیکن میں جنات سے نہیں ڈرتا‘ وہ کہنے لگا: میں اب بھی ان سے ملتا جلتا رہتا ہوں وہ مجھے اب بھی کبھی کبھی تنگ بھی کرتے ہیں مگر میں پرواہ نہیں کرتا۔ اسی طرح ایک اور واقعہ ہمارے ساتھ کام کرنے والا ایک نوجوان م۔ع تھا‘ اس پر ایک جننی عاشق تھی‘ وہ اسے نہ کہیں ملازمت کرنے دیتی تھی نہ کوئی ذاتی کاروبار اور نہ ہی شادی کرنے دیتی تھی۔ وہ بتاتا تھا کہ جب میری شادی کی بات چیت چلتی ہے تو وہ مجھے جنات سے طرح طرح کی اذیتیں دلاتی ہے اور جب میں شادی کا ارادہ ترک کردیتا ہوں تو وہ پھر نارمل ہوجاتی ہے وہ نوجوان ایم بی اے تھا‘ ہمارے ساتھ بھی وہ چند دن کام کرسکا۔ اس جننی نے اس کی گاڑی چوری کروادی ایک سال بعد وہ گاڑی اسے واپس ملی جو کہ بہت اچھی طرح ڈیکوریٹ کرائی گئی تھی۔ ہم اس سے پوچھتے کہ کیا تو عاملوں سے علاج نہیں کراتا وہ کہتا کہ جب بھی میں نے علاج کرایا تو وہ انسانی شکل میں ظاہر ہوتی اور بتاتی کہ تجھے عامل نے فلاں فلاں چیز کرنے کو دی ہے یہ لو میرے پاس یہ سب چیزیں ہیں لہٰذا تیرا عمل میرے اوپر کوئی اثر نہیں کرسکتا۔ ایک دفعہ عرب ریاستوں کی ایک ریاست میں قیام پذیر فیملی سے اس کا رابطہ ہوا۔ ان لوگوں نے اسے اپنے ہاں کمپنی میں اچھی جاب لاکھ روپے سے اوپر تنخواہ تھی اور ساتھ ہی رشتہ کی آفر بھی دی۔ کچھ عرصہ بعد ان کی کمپنی میں نقصان ہونا شروع ہوگئے اور کمپنی خسارے میں جانے لگی۔ جن لوگوں نے مسٹر (م۔ع) کو بلایا تھا وہ کمپنی کے اہم عہدوں پر تھے ان کو فکر لگی انہوں نے عاملوں سے رابطہ کیا۔ عاملوں نے بتایا کہ کمپنی میں کوئی نیا آدمی آیا ہے اس پر جنات کے اثرات ہیں اور وہ جنات آپ لوگوں کو بھی پریشان کررہے ہیں۔ ان لوگوں نے جب جائزہ لیا تو مسٹر (ع۔م) ہی نیا آدمی آیا تھا‘ انہوں نے اس کا پاکستان کا ٹکٹ لیا‘ بقایاجات ادا کیے اور اس کو پاکستان بھجوا دیا۔ مسٹر ع۔م کے آنے کے بعد اس کی کمپنی بہترین کاروبار کررہی ہے۔ وہ شخص آج بھی دردر کی خاک چھان رہا ہے۔ وہ جننی آج بھی اس پر قابض ہے۔ (جاری ہے)

## موٹاپے سے نجات کیلئے 110 فیصد گارنٹی شدہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں موٹاپے کے ہاتھوں بہت تنگ تھی‘ بہت ٹوٹکے آزمائے مگر بے سود‘ پھر ماہنامہ عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں درج ذیل قہوہ کے متعلق پڑھا‘ بنا کر استعمال کیا‘ یہ قہوہ واقعی ہی 110 فیصد کام کرتا ہے‘ مجھے بہت جلد اور بہت زیادہ فرق پڑا۔ نسخہ یہ ہے: ھوالشافی: عناب پانچ دانے‘ منقیٰ پانچ دانے‘ لونگ پانچ دانے اور دارچینی دو بڑے ٹکڑے۔ دو کپ پانی میں یہ تمام چیزیں ڈال کر پکائیں‘ جب ایک کپ رہ جائے تو چھان لیں اور ایک بڑے سائز کا لیموں لے کر اس میں نچوڑ کر چسکی چسکی پی لیں۔ یہ عمل 21 دن کرنا ہے اور اس دوران چاول‘ آلو‘ چکنائی والی چیزیں ہرگز نہیں کھانی۔ اللہ تعالیٰ ماہنامہ عبقری اور حضرت حکیم صاحب کو ہمیشہ سلامت رکھے۔ (ہما خان‘ پشاور)

ثاقب نواز‘ حضرو

# جنت کے بادشاہ

حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جنت کے بادشاہ وہ لوگ ہیں جو پراگندہ اور بکھرے ہوئے بالوں والے ہیں‘ غبار آلود اور گرد سے اٹے ہوئے‘ وہ امیروں کے گھر جانا چاہیں تو انہیں اجازت نہیں ملتی‘ وہ اگر کسی بڑے گھرانے میں رشتہ مانگیں تو وہاں کی بیٹی انہیں نہیں ملتی۔ ان مسکینوں سے انصاف کے برتاؤ نہیں برتے جاتے‘ ان کی حاجتیں اور ان کی امنگیں اور مرادیں پوری ہونے سے پہلے وہ خود ہی فوت ہوجاتے ہیں اور آرزوئیں دل کی دل میں ہی رہ جاتی ہیں انہیں قیامت کے دن اس قدر نور ملے گا کہ اگر وہ تقسیم کیا جائے تو تمام دنیا کو کافی ہوجائے۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کے اشعار میں ہے کہ بہت سے وہ لوگ جو دنیا میں حقیر و ذلیل سمجھے جاتے ہیں۔ کل قیامت کے دن تخت و تاج والے‘ ملک و مال والے‘ عزت و جلال والے بنے ہوئے ہوں گے۔ باغات میں‘ نہروں میں‘ نعمتوں میں‘ راحتوں میں مشغول ہوں گے۔ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جناب باری تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ سب سے زیادہ میرا پسندیدہ ولی وہ ہے جو مومن ہو‘ کم مال والا‘ کم جانوں والا‘ نمازی‘ عبادت و اطاعت گزار‘ پوشیدہ و اعلانیہ مطیع ہو‘ لوگوں میں اس کی عزت اور اس کا وقار نہ ہو اس کی جانب انگلیاں نہ اٹھتی ہوں اور وہ اس پر صابر ہو۔ پھر حضور نبی کریم ﷺ نے چٹکی بجا کر فرمایا: اس کی موت جلدی آجاتی ہے اس کی میراث بہت کم ہوتی ہے اس پر رونے والیاں تھوڑی ہوتی ہیں۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ محبوب بندے غرباء ہیں جو اپنے دین کو لیے پھرتے ہیں جہاں دین کے کمزور ہونے کا خطرہ ہوتا ہے وہاں سے نکل کھڑے ہوتے ہیں۔ یہ قیامت کے دن حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ جمع ہوں گے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد 4، صفحہ 190)

**خاص نمبر جنوری 2018ء میں یہ سب پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!**

کالے رنگ کو گورا اور گورے رنگ کو ''چن ورگا'' کیجئے اور کیجئے بھی ان اشیاء سے جو آپ کے کچن میں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ خواتین کو اندر ہی اندر دیمک کی طرح کھا جانے والی بیماری ''لیکوریا'' کے ایسے آزمودہ بڑی بوڑھیوں کے آزمودہ ٹوٹکے کہ آپ اش اش کراٹھیں۔ مزید ساس‘ بہو کی ماں اور بہو کو ساس کی بیٹی بنانے کا راز جسے آزمانے کے بعد گھروں میں سکون آگیا۔

قوت حافظہ بڑھانے کیلئے: نسیان کو دور کرنے کیلئے پانچ ماشہ چھوٹی الائچی کا سفوف گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے نہ صرف نسیان دور ہوتا ہے بلکہ قوت حافظہ بھی بڑھ جاتی ہے۔ چند ہفتے ضرور استعمال کریں۔

# بے گناہ کو طلاق دلوانے کا انجام! اپنی بیٹی کا گھر اُجڑ گیا

کہتے ہیں سود ایک ایسی لعنت ہے جس کی سزا لینے والے کی کئی نسلوں کو بھگتنی پڑتی ہے (ع) کے سسر نے کئی سال پہلے سود پر پیسے لیے تھے اور اس کا بدل یہ ہوا کہ انکی اولاد اُجڑ گئی (ج) کے سب بہن، بھائیوں کے گھر نہ بس سکے۔

والدین کی کچھ ایسی غلطیاں بھی ہوتی ہیں جن کو وہ بغیر سوچے سمجھے کر جاتے ہیں مگر اُن کی سزا والدین کو نہیں اُنکی اولاد کو بھگتنی پڑتی ہے۔ ایک مقولہ ہے جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔ اگر کسی کی طرف نیت بُری کی تو اس کا خمیازہ اُن کی پیاری اولاد کو بھگتنا پڑتا ہے۔ پھر کچھ والدین کی آنکھیں اس غم کو دیکھ کر بہہ بہہ کر جب تھک جاتی ہیں تو انہیں اپنے کیے کا احساس ہوتا ہے مگر کچھ والدین ضد، انا اور دشمنی میں اس قدر سنگدل ہو جاتے ہیں کہ انہیں اولاد کو دیکھ کر اپنے کیے کا احساس نہیں ہوتا۔ ایک ایسا ہی واقعہ میں عبقری کے قارئین کو بتانا چاہتی ہوں۔ یہ میری آنکھوں کے سامنے سب ہوا ہمارے پڑوس میں ایک فیملی رہتی تھی اُنکی ایک بیٹی اور دو بیٹے تھے۔ ہمارا تعلق اٹک کے ایک گاؤں سے ہے، نہ جانے کیوں آج بھی ہمارے گاؤں میں لڑکیوں کی تعلیم کو اچھا نہیں سمجھا جاتا تھا۔ ہمارے گھر کے سامنے ایک فیملی رہتی تھی اُس فیملی کے سربراہ (ش) صاحب تھے جو اپنی بیٹی سے بہت پیار کرتے تھے، (ش) صاحب پڑھے لکھے آدمی تھے انہوں نے اپنی بیٹی کو تعلیم حاصل کرنے کیلئے شہر بھیج دیا اُنکی بیٹی (ع) اپنی نانی کے گھر رہنے لگی اُس نے تعلیم حاصل کی گریجویشن کیا پھر ایم اے، ایم ایڈ۔ ویسے تو (ش) صاحب بہت اچھے تھے اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے ہر ایک سے ان کے دوستانہ تعلقات تھے، بس بھائی اور بھابی کے علاوہ، وہ اپنی بھابھی سے سخت ناراض تھے جھگڑا بھی کوئی بڑا نہیں تھا بس معمولی معمولی باتوں پر کشیدگی اتنی بڑی کہ انہوں کئی بار طلاق دینے کا کہا مگر بھائی نہ مانا، (ش) صاحب کو شیطان نے اس قدر بھڑکایا کہ وہ بھابھی کی جان کے دشمن بن گئے نامعلوم وجود کی بنا پر (ش) صاحب کی بھابھی کی بہن کو طلاق ہوگئی تو انہوں نے بھابھی پر الزام لگایا کہ تم بھی کردار کی اچھی نہیں ہو تمہاری بہن بھی اچھی نہیں ہوگی اس لئے اُسے طلاق ہوئی۔ بھائی کو بھی (ش) صاحب نے بہت کہا کہ اسے طلاق دے دو میں تمہاری دوسری شادی کروا دوں گا بہت کوشش کے بعد بھی (ش) صاحب ناکام رہے اور پھر بھی ہار نہ مانی۔ اُدھر اُنکی اپنی بیٹی جوان ہوگئی تو اُس کے نانا نانی نے اچھا رشتہ دیکھ کر اُسکی شادی کر دی، (ع) ہر لحاظ سے اچھی بہو ثابت ہوئی نندیں، دیور سب اس کے آگے پیچھے پھرتے، بھابھی بھابھی کرتے رہتے (ع) سب کی آنکھوں کا تارا بن گئی۔ شادی کے ایک دو ماہ تو بہت اچھے گزرے مگر حالات نے پلٹا کھایا، (ع) کا شوہر علی بیوی سے خائف ہو گیا آہستہ آہستہ اُن کی دوری بڑھتی گئی اور اپنی پسندیدہ بیوی بُری لگنے لگی کیونکہ علی مستقل مزاج شخص نہیں تھا، وہ ہر ایک کے بہکاوے میں آجاتا تھا، اسے (ع) کی بھابھی نے ورغلانا شروع کر دیا، پہلے تو (ع) کی بھابھی نے دیکھا کہ (ع) اچھی طرح سسرال میں ایڈجسٹ ہوگئی ہے تو اُس نے ساس، سسر، دیور، اور نندوں کو بھڑکایا کہ (ع) اچھی لڑکی نہیں ہے بس اس طرح کے الزامات لگائے جب دیکھا کہ (ع) کے سسرال میں کوئی اثر نہیں ہوا تو اُس نے (ع) کے شوہر کو اس کے خلاف کر دیا اور ایک دن نتیجہ یہ نکلا کہ (ع) کو اُس کے شوہر نے طلاق دے دی، اور پھر طلاق دینے کے بعد پاؤں میں گر کر معافیاں مانگنے لگا مگر نکلا تیر کمان میں نہیں آسکتا۔ (ع) اور (ج) کی شادی صرف ایک سال رہی اس عرصے میں اللہ نے اُسے ایک بیٹے سے بھی نوازا مگر میاں بیوی میں دراڑ آگئی تو (ع) نے بیٹا سسرال والوں کو دے دیا اور خود ماں باپ کے گھر آگئی (ع) کے سسرال والے اب بھی (ع) کو بہت یاد کرتے ہیں۔

کہتے ہیں سود ایک ایسی لعنت ہے جس کی سزا سود لینے والے کی کئی نسلوں کو بھگتنی پڑتی ہے (ع) کے سسر نے کئی سال پہلے سود پر پیسے لیے تھے اور اس کا بدل یہ ہوا کہ انکی اولاد اُجڑ گئی (ج) کے سب بہن، بھائیوں کے گھر نہ بس سکے، سارے خاندان والے کہتے ہیں کہ یہ صرف سود لینے کی وجہ سے ہو رہا ہے، ویسے تو سب لوگ اخلاق کے بہت اچھے ہیں مگر سود کی لعنت نے انکا گھر اُجاڑ دیا اِن حادثات نے (ع) کے سابقہ ساس، سسر کو ذہنی مریض بنا دیا ہے۔ یہ مکافات عمل ہے یا والدین کے گناہوں کی سزا کوئی نہیں جانتا بس مجھے صرف اتنا علم ہے کہ اس واقعے نے (ع) کو بہت توڑ دیا ہے، وہ بے جان لاش نظر آتی ہے اس نے خود کو گھر میں قید کر لیا ہے، عبقری کے قارئین سے (ع) کیلئے دعا کی استدعا ہے، اس واقعے کو تحریر کرنے کا مقصد کسی کے عیبوں کو فاش کرنا نہیں بلکہ والدین کو یہ ترغیب دلانا ہے کہ براہ کرم کبھی بھی کسی کے بارے میں غلط نہ سوچیں۔ حدیث مبارکہ ہے کہ کسی کی تکلیف کو دیکھ کر اس پر خوش نہ ہو ہوسکتا ہے اللہ اُسے نجات دے دے اور تمہیں اُس مصیبت میں مبتلا کر دے (ترمذی) اس معاشرے میں بہت سی (ع) کی سی لڑکیاں موجود ہیں جو جانے انجانے میں والدین کی غلطیوں کی سزا بھگت رہی ہیں میری تمام والدین سے استدعا ہے کہ براہ کرم اپنی اولاد پر رحم کریں حرام سے دور رہیں اور اپنے بچوں کو اُن کے ناکردہ گناہوں کی سزا بھگتنے پر مجبور نہ کریں۔ (پوشیدہ)

## مجھ پر ہنستے ہو یا میرے بنانے والے پر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں ''نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج'' میں ایک صاحب کا خط شائع ہوا کہ ایک صاحب نے لکھا تھا کہ ''لوگ مجھ پر ہنستے ہیں'' جب میں نے یہ پڑھا تو مجھے ایک سچا واقعہ یاد آگیا' ہمارے گاؤں میں ایک چوک بنا ہوا ہے' آبادی کے درمیان میں' مین راستہ بھی وہیں پر آتا ہے ایک دفعہ ایک اجنبی پتہ نہیں کون تھا' شاید گاؤں میں کسی کے ہاں مہمان آیا ہوا تھا اس کی رنگت بہت زیادہ ہی سیاہ تھی' وہ وہاں چوک پر جب پہنچا تو وہاں چند نوجوان لڑکے بیٹھے ہوئے تھے جب انہوں نے اس کو دیکھا تو اس کو دیکھ کر ہنسنے لگے اور مذاق اڑانے لگے' جب اس شخص کو محسوس ہوا کہ یہ لڑکے مجھ پر ہنس رہے ہیں تو اس نے ان کو بلا کر کہا بیٹا ذرا میری بات سننا' جب لڑکے ہچکچاتے ہوئے اس کے قریب پہنچے تو اس نے بہت خوبصورت بات کہی کہ ''بیٹا! آپ مجھ پر ہنس رہے ہو یا میرے بنانے والے پر'' تو سب یوں خاموش اور شرمندہ ہوئے کہ پھر نہ بولے اس نے کہا کہ ''آپ کو بھی وہی بنانے والا ہے اور مجھ کو بھی'' اس لیے لوگ احمق ہیں جو دوسروں کی بناوٹ' معذوری' رنگ شکل پر ہنستے ہیں' میرا ذہن یہ کہتا ہے کہ کسی کو دیکھ کر ہنسنا نہیں چاہیے بلکہ اس ذات کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ اس کریم ذات نے پر کتنا کرم کیا کہ ایسا نہیں بنایا اور کسی کو معذوری کی یا بُری حالت میں دیکھ کر استغفار پڑھنی چاہیے کہ یااللہ ہم کو ایسی معذوری سے محفوظ رکھا اور یااللہ تیرا شکر ہے کہ تو نے ہم کو ایک مکمل اور خوبصورت انسان بنایا کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ یہ معذوریاں' رنگت' تنگدستی جو کچھ ہم دوسروں میں دیکھتے ہیں یہ اس مالک کا امتحان ہوتی ہیں کہ میرا بندہ کیا کرتا ہے اور ڈرتے رہنا چاہیے کہ سب کچھ اس کے ہاتھ میں ہے' وہ جب چاہے جو چاہے کر سکتا ہے' شاید گلے لمحے کہیں ہم ایسی خامی ایسی معذوری کا شکار نہ بن جائیں۔ اس لیے ایسے لوگوں کو پریشان نہیں کرنا چاہیے اور نہ جن پر لوگ ہنستے ہیں ان کو پریشان ہونا چاہیے بس اللہ کا شکر ادا کر کے ایسی باتوں سے درگزر کر دینا ہی اچھا ہے۔ (پوشیدہ' تلہ گنگ)

جملہ ضرورتوں سے بے نیاز: اگر کوئی شخص اسم الٰہی یَابَاسِطُ کا بعد نماز فجر اپنے دونوں ہاتھ پھیلا کر دس بار ورد کرے اور اس کے بعد دونوں ہاتھ اپنے منہ پر پھیر لے تو وہ اپنی جملہ ضرورتوں سے بے نیاز ہوجائیگا۔

| | | |
|---|---|---|
| کالے جادو اور روزگار کا مسئلہ حل | الرجی کیلئے اس سے بہتر نسخہ نہیں | گرتے بالوں کا مسئلہ حل |
| ماہواری کی بے قاعدگی کا حل | شک ٹینشن ڈیپریشن کا حل بتائیے | منہ پر لاک لگ جاتا ہے! |

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## دسمبر کے سوالات

**1۔ پیشاب نے تنگ کر رکھا ہے:** محترم قارئین! میری عمر اٹھارہ سال ہے میرا مسئلہ یہ ہے کہ پیشاب کرنے کے بعد تھوڑی دیر بعد ایک یا دو قطرے پیشاب کے نکل جاتے ہیں جس کی وجہ سے کافی پریشانی ہوتی ہے۔ میری اکثر نمازیں اس بیماری کی وجہ سے قضا ہوجاتی ہیں۔ اگر کسی کے پاس میرے مسئلے کا حل ہو تو ضرور بتائیے گا۔ **(علی احمد قصور)**

**2۔ شک ٹینشن ڈیپریشن کا حل بتائیے:** میں ڈیپریشن کے مرض میں مبتلا ہوں ذہن اٹک سا گیا ہے جو خیال آجائے اس سے نکل ہی نہیں پاتی بہت پریشان ہوں مرنے کو دل کرتا ہے براہ مہربانی اس مسئلے کا حل بتائیے خدارا میری مدد کریں اور دعائیں لیں۔ (ش۔ش)

**3۔ بند کان:** محترم قارئین! السلام علیکم! میری عمر 17 سال ہے میں سیکنڈ ایئر کی طالبہ ہوں چھ مہینے سے زائد عرصہ ہوچکا ہے مجھے کم سنائی دیتا ہے میرے کان ہر وقت بند رہتے ہیں پیپ نہیں ہے بہتے بھی نہیں ہیں کان کی نالیاں ہر وقت بند رہتی ہیں۔ کان میں مکھی کے بھنبھنانے اور ڈرم کی آوازیں بھی آتی ہیں۔ نہاتے ہوئے اچھی طرح دھوتی ہوں پھر بھی نہیں کھلتے۔ ہر وقت میل سے بھرے رہتے ہیں۔ زکام بھی بہت شدید ہوتا ہے اور ٹھیک بھی ہوجاتا ہے۔ ناک منہ کی مناسبت سے بڑا ہو رہا ہے لمبا اور موٹا بھی ہے۔ ناک بھی کبھی بند ہوجاتا ہے سب میری ناک کا مذاق اڑاتے ہیں براہ مہربانی ان مسائل کا حل بتا دیجئے۔ (پوشیدہ، لاہور)

**4۔ منہ پر لاک:** محترم قارئین! میرا دائیاں "جبڑا" عموماً تالے کی طرح لاک یعنی بند ہوجاتا ہے اور بڑی مشکل سے کھلتا ہے اس کی وجہ سے منہ بھی ٹھیک طرح سے نہیں کھلتا کھانا بھی نہیں کھایا جاتا وجہ یہ ہے کہ میں ایک مرتبہ سردی کی رات میں ٹھنڈے پانی سے نہایا تھا میں کانپنے لگا اور دائیاں جبڑا لاک ہوگیا۔ جب بھی اسے کھولتا ہوں تو "کڑاک" کی آواز آتی ہے۔ اس کے علاوہ جسمانی لحاظ سے بھی کمزور ہوں اور مہینے میں دو سے تین بار مجھ سے گناہ ہوجاتا ہے۔ بری طرح عادت بد میں گرفتار ہوں۔ لاکھ چھوڑنے کی کوشش کی مگر نہیں چھوڑ پا رہا۔ قارئین خدارا میرے مسائل کا حل بتائیں۔ (ع۔م گوجرانوالہ)

## نومبر کے جوابات

1۔ بھائی! آپ یہ نسخہ استعمال کریں: ھوالشافی: تقریباً دو لیٹر پانی میں 250 گرام بنفشہ کے پھول اور 50 گرام پرساؤ شیاں 24 گھنٹے کیلئے بھگو دیں۔ پھر اس پانی میں ایک لیٹر تلوں کا تیل شامل کردیں اور چولہے پر دھیمی آنچ سے اس وقت تک پکائیں کہ پانی نصف جل جائے۔ اب اس تیل کو چھان کر ٹھنڈا کرکے تیل بوتل میں محفوظ کرلیں اور روزانہ رات کو سوتے وقت اچھی طرح سر میں جذب کرلیں۔ اس سے آپ کے بال جلد ہی خوبصورت اور گھنے ہوجائینگے۔ **(ع ملتان)**

2۔ غلام محمد صاحب! آپ کی الرجی کیلئے اس سے بہتر نسخہ نہیں آپ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا لیں اور ایک چمچ چائے والا دن میں تین بار استعمال کریں۔ یاد رہے خمیرہ کسی اچھے دیانتدار طبیب کا بنا ہوا ہو اور اسکے ساتھ ساتھ اطریفل اسطخدوس ایک چمچ چائے والا اور کلونجی پاؤڈر ایک چوتھائی چمچ استعمال کریں۔ غذا میں کھٹی چیزیں، اچار وغیرہ سے پرہیز کریں۔ میرے والد صاحب کا آزمودہ ہے آپ بھی آزمائیے اور دعاؤں میں یاد رکھیے۔ **(شہزاد بٹ راولپنڈی)**

3۔ محترمہ ک بی بی! کالے جادو یا سحر سے بچنے کیلئے آپ یہ عمل ضرور آزمائیے! سورۂ کہف کی آخری 9 آیات 7 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پھر اس پانی کو دیواروں پر چھڑکیں بھی اور اس پانی کو روزانہ پئیں۔ بہن! روزگار کیلئے آپ سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں باوضو صرف پاک حالت میں وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ ۵﴾ پڑھیں۔ **(محمد زاہد علی گجرات)**

4۔ محترم بہن! میری بیٹی کے ساتھ بھی یہی مسئلہ تھا ماہواری کی وجہ سے وہ بہت پریشان اور تکلیف میں مبتلا تھی۔ مجھے میری ایک جاننے والی نے یہ نسخہ لکھوایا میں نے بنوا کر اسے چند ہفتے استعمال کروایا۔ الحمدللہ آج میری بیٹی بالکل ٹھیک ہے۔ آپ بھی یہی نسخہ استعمال کیجئے۔ ھوالشافی: ریوند عصارہ مصبر منقیٰ سقمونیا نمبر 1۔ ہموزن لے لیں۔ چاروں کو کوٹ پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح و شام نیم گرم دودھ کے ہمراہ۔ اگر پاخانے پتلے ہوں تو گھبرائیں نہیں۔ جس نے بھی مستقل دو ماہ استعمال کیا ہے انشاء اللہ فائدہ ہوا ہے۔ **(بیگم محمد عظیم لاہور)**

# مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوا (دیکھا کہ) حسن و حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین آپ ﷺ کے سامنے یا گود میں کھیل رہے تھے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ ان سے محبت کرتے ہیں؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں ان سے محبت کیوں نہ کروں حالانکہ میرے گلشنِ دُنیا کے یہی تو دو پھول ہیں جن کی مہک کو سونگھتا رہتا ہوں (اور اُنہی پھولوں کی خوشبو سے کیف و سرور پاتا ہوں)۔" (امام طبرانی)

سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک روز حضور نبی اکرم ﷺ میرے ہاں تشریف لائے اور فرمایا: میرے بیٹے کہاں ہیں؟ میں نے عرض کیا: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کو ساتھ لے گئے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ ان کی تلاش میں متوجہ ہوئے تو انہیں پانی پینے کی جگہ پر کھیلتے ہوئے پایا اور ان کے سامنے کچھ کھجوریں بچی ہوئی تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے علی! خیال رکھنا میرے بیٹوں کو گرمی شروع ہونے سے پہلے واپس لے آنا۔ (امام حاکم)

### جو کام بس سے باہر ہوں! انہیں کرنے کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک آزمودہ روحانی عمل بھیج رہی ہوں۔ ہمارے گھر میں وائرنگ کا کام ہو رہا تھا جب الیکٹریشن بھائی کام کر رہا تھا تقریباً سارا کام مکمل ہوگیا ایک جگہ پر رکاوٹ پڑ گئی بجلی کی تاریں آگے نہیں آرہی تھیں اس بھائی نے بہت کوشش کی کہنے لگے باجی کل آؤں گا اور اس جگہ کو مکمل توڑوں گا اور تاریں گزار کر دوبارہ سیمنٹ سے پلستر کردوں گا۔ یہ میرے بس سے باہر ہے اس کے جانے کے بعد میں نے اول و آخر درود شریف کے ساتھ 4 مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر اس جگہ پر پھونک ماری تو آپ یقین کریں ابھی میں اندر کمرے میں آئی تھی کہ میرے بیٹے نے ایسے ہی تاروں کو آگے کی طرف دھکیلا تو تاریں بالکل آرام سے دوسری طرف سے باہر آگئیں میرا بیٹا بھاگتا ہوا میرے پاس آیا امی جان کمال ہی ہوگیا۔ صبح جب الیکٹریشن بھائی آئے تو وہ جگہ توڑنے کا مکمل سامان ساتھ لائے تھے جب انہوں نے آکر دیکھا کہ تاریں تو دوسری طرف سے نکلی ہوئی ہیں تو بولے یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ میں نے انہیں سورۂ قریش کی برکت بتائی تو بہت خوش ہوئے۔ (ی، اٹک)

اقوال فرید رحمۃ اللہ علیہ: ہنر ذلت سے سیکھو یعنی ہنر سیکھنے میں ذلت اٹھانی پڑے تو اٹھالو۔ عاقل نما نادان سے پرہیز کر۔ مہمانوں کی خدمت کیلئے اسراف بے جا نہ کرو۔ دشمن کی دشمنی اس سے مشورہ کرنے سے ٹوٹ جاتی ہے۔

خواب اور تعبیر

☆بزرگ کا بتایا وظیفہ ☆اپنی صفائی میں کچھ نہ بول سکی ☆پرس لانا بھول گئی! ☆خواب میں جوتیاں دیکھتی ہوں! ☆مجھے چاند دیکھنا ہے ☆خواب کے مطابق اچھا رشتہ نصیب ہوگا ☆رس ملائی اور چھپکلی کی دم ☆جلد آپ کی پریشانیاں دور ہونے والی ہیں ☆بندش چالیس دن میں ختم

**بزرگ کا بتایا وظیفہ:** میں نے دیکھا کہ ایک بزرگ مجھے کہہ رہے تھے کہ ہر نماز کے بعد دس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھا کرو پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (ش۔ز۔لکی مروت)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کو بیماری اور پریشانی سے خلاصی نصیب ہو گی۔ یہ ایک غیبی اشارہ ہے، آپ اس پر عمل کرلیں تو ہر اہم کام میں غیبی مدد ملتی رہے گی، ان شاء اللہ۔ واللہ اعلم۔

**پریشانیاں دور:** میں نے دیکھا کہ میری پھوپھی زاد بہن بہت سے سوٹ لاتی ہے اور کہتی ہے جو اچھا لگے لے لو۔ میں بلیک سوٹ جس پر اورنج پھول بنے ہوئے ہیں، پسند کرتی ہوں اور میری بہن شاید آف وائٹ لیتی ہے۔ (ثمینہ، ملتان)

**تعبیر:** آپ کا خواب اچھا ہے اور اس بات کا اشارہ ہے کہ انشاء اللہ جلد ہی آپ کی پریشانیاں دور ہونے والی ہیں۔ آپ آخری تین قل سات سات مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

**پرس لانا بھول گئی!:** میں نے دیکھا کہ ایئرپورٹ کے لاؤنج میں کھڑی ہوں، سب مجھے چھوڑنے آئے ہیں۔ ایک آدمی کہتا ہے کہ بورڈنگ شروع ہونے والی ہے۔ میں اپنا سامان اُٹھاتی ہوں تو خیال آتا ہے کہ پرس گھر پر ہی رہ گیا ہے۔ سوچتی ہوں ابھی تو بورڈنگ میں 15 منٹ باقی ہیں، جا کر لے آتی ہوں۔ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ اسکول میں اسمبلی ہورہی ہے، شاید صبح کا وقت (میں دوپہر کے اسکول میں پڑھاتی ہوں) میں سائیڈ کے دروازے سے اپنی دو ساتھی ٹیچرز کے ہمراہ باہر نکلتی ہوں جو مجھے ایئرپورٹ چھوڑنے جا رہی ہیں۔ دروازے کے باہر کئی گاڑیاں اور دو رکشے کھڑے ہوتے ہیں، ایک رکشے والا جانے سے منع کردیتا ہے جبکہ دوسرا تیار ہو جاتا ہے۔ میں ایئرپورٹ کے لاؤنج میں پہنچ جاتی ہوں تو خیال آتا ہے کہ پرس میں پھر لانا بھول گئی ہوں۔ (پوشیدہ)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق آپ کے کاموں میں بندش لگی ہوئی ہے جس کی وجہ سے آپ کے ہوتے ہوئے کام ادھورے رہ جاتے ہیں۔ آپ حسب توفیق کچھ صدقہ دیں اور یَاجَامِعُ یَابَدِیْعُ ہر نماز کے بعد 21/21 مرتبہ پڑھ کر تمام امور کے لیے دعا کریں۔ واللہ اعلم۔

**اپنی صفائی میں کچھ نہ بول سکی:** میں اکثر خود کو گھٹ گھٹ کر روتا ہوا دیکھتی ہوں۔ کبھی دیکھتی ہوں کہ میرے گھر والے میرے ساتھ کسی بات پر غصے کا اظہار کرتے ہیں اور ان کی اپنی صفائی میں کچھ کہہ نہیں سکتی اور اگر ان کو کہنے کی کوشش کروں تو وہ دھیان نہیں دیتے۔ کبھی میں دیکھتی ہوں کہ میں پریشان ہوں یا مجھے کوئی تکلیف ہے اور میں اپنے گھر والوں کو بتانے کی کوشش کرتی ہوں تو وہ دھیان نہیں دیتے، پھر میرا دل چاہتا ہے کہ میں اونچی آواز میں دل کھول کر روؤں لیکن نہیں روسکتی۔ (آئینہ، راولپنڈی)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کو، آپ کے گھر والوں کی طرف سے جلد ہی خوشی کی خبر ملے گی، نیز گناہوں سے معافی اور توبہ کی توفیق کا بھی اشارہ ہے۔ واللہ اعلم

**خواب میں جوتیاں دیکھتی ہوں!** اکثر میں جوتیاں دیکھتی ہوں جو کبھی سائز میں چھوٹی بڑی ہوتی ہے یا کبھی بہت خوبصورت میری من پسند جوتی مجھے مل جاتی ہے۔ اب اکثر خواب میں میں اپنی بڑی سے چھوٹی بہن کی شادی دیکھتی ہوں (جو پہلے سے ہی شادی شدہ ہے) اور خود کو بنا سنوارا دیکھنا چاہتی ہوں کہ بہن کی شادی ہے۔ (آفریں، لاہور)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ کہ جلد ہی آپ کا رشتہ کسی اچھی جگہ پر طے پا جائے گا اور ان شاء اللہ ازدواجی زندگی بہت اچھی ہوگی۔ واللہ اعلم۔

**رس ملائی اور چھپکلی کی دُم:** میں نے دیکھا کہ ہم سب گھر والے بیٹھے ہوئے رس ملائی کھا رہے ہوتے ہیں، اتنے میں میرے بھائی کی سالی آجاتی ہے تو میری بڑی بہن مجھ سے کہتی ہے، جاؤ کچن سے چمچہ پیالہ لے آؤ، یہ بھی کھالے گی۔ میں کچن میں جاتی ہوں تو وہاں سوچتی ہوں کہ لاؤ شربت بھی بنالوں ورنہ دوبارہ اُٹھنا پڑے گا۔ شربت بناتی ہوں اور اسی دوران شربت بھی چکھتی ہوں، پاس ہی شاید چینی اور شہد بھی رکھا ہے پھر اچانک میری نظر پڑتی ہے تو سامنے پردے کی طرف ایک چھپکلی کی بڑی سی دم نظر آتی ہے۔ میں اسے بھگاتی ہوں تو وہ بھاگ جاتی ہے۔ (ز۔و، کراچی)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کاموں میں کسی حاسد دشمن کی طرف سے بندش عائد کی گئی ہے، تاہم آپ سورۂ کافرون، سورۂ فلق اور سورۂ ناس ہر نماز کے بعد سات، سات مرتبہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ ان شاء اللہ بندش چالیس دن میں ختم ہوجائے گی۔ واللہ اعلم۔

**مجھے چاند دیکھنا ہے!:** میں نے دیکھا کہ میری ایک جاننے والی کی بیٹی میرے گھر آئی ہے۔ اس نے پنک کلر کا سوٹ پہنا ہوا ہے اور اس کی ناک میں لونگ، گلے میں ہار اور کانوں میں بندے ہیں۔ وہ آکر مجھے کہتی ہے۔ آنٹی، میں نے آپ کو کہا تھا کہ مجھے چاند دیکھنا ہے تو میں کہتی ہوں، چاند تو بہت دور ہے۔ وہ کہتی ہے بس مجھے چاند دیکھنا ہے تو میں کہتی ہوں، جا، جا کے اپنے میاں کے ساتھ دیکھ لے پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (عالیہ شہریار، حیدرآباد)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ جس لڑکی کو آپ نے خواب میں دیکھا ہے، وہ اپنے شوہر کے ساتھ زیارت حرمین شریفین کی سعادت حاصل کرے گی۔ واللہ اعلم

**اچھا رشتہ نصیب ہوگا:** میں نے دیکھا کہ بڑا ہال ہے جس میں ایک طرف بہت ساری لڑکیاں کھڑی ہیں اور دوسری طرف میں اور میری سہیلی ہے اور دو ٹیچرز کھڑی ہیں، ان کے ہاتھ میں فائل ہے۔ ٹیچر کہتی ہیں کہ تم سب ایف اے میں پاس ہوگئی ہو تو سبؔ خوش ہو کر جانے لگتی ہیں پھر ٹیچر ہماری طرف ہو کر کہتی ہے تو ہم جلدی سے دل میں کہتی ہوں کہ یااللہ، میرے نمبر سہیلی سے زیادہ آئیں تو ٹیچر میرے نمبر 183 اور سہیلی 181 بتاتی ہیں تو میں بہت خوش ہوتی ہوں۔

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق جو کہ آپ نے 13 سال قبل دیکھا تھا۔ تعبیر تو یہ ہی ہے کہ آپ کو اچھا رشتہ نصیب ہوگا لیکن بعض اوقات تعبیر واقع ہونے میں دیر لگ جاتی ہے۔ آپ بہر حال مایوس نہ ہوں اور بتائے ہوئے عمل پابندی سے کریں اور حسب توفیق صدقہ دیتی رہا کریں، ان شاء اللہ ضروری مراد پوری ہوگی۔ واللہ اعلم

## نارمل ڈیلیوری کیلئے میرا اور میری بہن کا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس بچہ کی آسانی سے پیدائش کیلئے ایک ہے۔ یہ عمل مجھے کسی نے بتایا تھا جو میں نے خود پر آزمایا الحمدللہ! اللہ نے انتہائی آسانی اور سہولت فرمائی۔ اسی طرح جب یہ وقت میری بہن پر آیا تو میں نے اسے بھی درج ذیل عمل بتایا۔ ڈیلیوری والے دن بھی میری بہن صبح سے بہت تکلیف میں تھی میں نے شام کو یہ سورۂ پڑھی اور خیریت کے ساتھ میری بہن کے گھر بیٹا پیدا ہوگیا۔ الحمدللہ۔ عمل یہ ہے:۔ قرآن پاک کے پارہ 30 میں سورۂ المطففین ہے ڈیلیوری سے پہلے ستر بار پڑھنا ہے۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔ (شہناز منظور)

**کمزوری ختم:** بڑی الائچی کے دانے اور موصلی سفید ہم وزن لے کر سفوف تیار کر کے اگر ایک ماشہ سفوف ہمراہ مصری چند روز تک ضعف باہ کا مریض استعمال کرے تو اس کی قوت باہ مضبوط ہو جاتی ہے۔

# ماں کی ممتا تڑپتی سسکتی اور بیٹے کی بے حسی

مہردین میانوالی

**اُس بڑھیا کی زندگی تو اُس وقت ہی ختم ہوگئی تھی جب اس کے شوہر نے اپنا رخ عالم لافانی کی طرف موڑا اور منوں مٹی کے نیچے دفن ہوگیا۔ باپ کو تمنا تو تھی کہ مرنے سے پہلے بیٹے کا سہرا دیکھ سکے۔**

ماں ایک عظیم ہستی ہے میں ماں کو فقط ایک لفظ نہیں سمجھتا کیونکہ ایک لفظ کے ایک یا ایک سے زیادہ معنی ہوتے ہیں لیکن ماں تو اپنے اندر بے پناہ مفہوم اور بے شمار معانی لئے ہوئے ہے تو پھر ہم اسے ایک لفظ سے کیسے سمجھ سکتے ہیں ماں ایک سایہ دار درخت کی مانند ہے ماں سراسر محبت ہے اس کے پاس محبت کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں ہے ماں ایک خزانہ ہے بہار کا۔ جس کی ماں نہیں اُس سے پوچھیے ماں کیا ہوتی ہے۔ جس کے پاس ماں جیسی عظیم ہستی ہو اُس کو چاہیے کہ اسے کبھی نظر انداز نہ کرے تاکہ اسے پچھتاوہ نہ اٹھانا پڑے۔ ایک واقعہ مکمل تبدیل کر کے لکھ رہا ہوں:۔

ایک ہمارے جاننے والے صاحب تھے شادی کے بعد وہ کافی دور ہوگئے مجھے یاد نہیں کہ میری ان سے آخری ملاقات کب ہوئی تھی، شادی کے بعد میں ان کے گھر گیا ماں گھر کے آخری کمرے میں تنہا رہتی تھی اس کی شادی کے ایک ماہ بعد ہی بیوی نے یہ کمرہ ماں کے حوالے کرتے ہوئے کہا امی جی آپ یہاں رہیے تاکہ آپ کی عبادت میں کوئی خلل نہ پڑے۔ بہو کی یہ بات سُن کر ماں نے پُرنم آنکھوں سے پاس کھڑے بیٹے کی طرف دیکھا تو وہ بھی کچھ نہ کہہ سکا، باپ کے انتقال کے بعد ماں نے اُسے بڑی محنت سے پالا تھا جب وہ نوکری پر لگ گیا تو ماں نے بڑے ارمانوں آرزوں سے اُس کی شادی کی تھی بوڑھی ماں کے چہرے پر زمانے کی گردشوں نے کچھ زیادہ ہی جھریاں پیدا کردی تھیں، بہو کے گھر آنے پر اس کا چہرہ کھِل گیا اس کے ماتھے پر پڑی لکیریں کچھ کم نظر آنے لگی تھیں ماں کے چہرے پر مسکراہٹ زیادہ دنوں تک قائم نہ رہ سکی، بہو نے کبھی اُسے اپنائیت کا احساس نہ دلایا بلکہ اُس کا رویہ ماں کے ساتھ ہمیشہ سخت گیر رہا، ماں جو اپنے خاوند کے گزر جانے کے بعد دکھ سہنے کی عادی ہوگئی تھی یہ غم بھی بڑی ہی خاموشی کے ساتھ اپنے سینے میں اس طرح اُتار لیا کہ کسی کو بھی اس کا احساس نہ ہونے دیا، اُس بڑھیا کی زندگی تو اُس وقت ہی ختم ہوگئی تھی جب اس کے شوہر نے اپنا رخ عالم لافانی کی طرف موڑا اور کئی من مٹی کے نیچے دفن ہوگیا۔

باپ کو تمنا تو تھی کہ مرنے سے پہلے بیٹے کا سہرا دیکھ سکے۔ خدا نے اُس کی تمنا تو پوری کر دی مگر شادی کے چند دن بعد ہی سب کو روتا ہوا چھوڑ کر اس دنیا سے دوسری دنیا میں چلا گیا، افسوس تو اس بات کا تھا کہ بہو نے اس کے دکھوں میں اور اضافہ کر دیا تھا، ماں کے کمزور ناتواں سینے سے ایک آہ اُس وقت اُٹھی جب بہو نے ماں اور بیٹے کے مقدس رشتے کی ڈوروں کو کاٹ کر آہستہ آہستہ اُسے ماں سے لاتعلق ہونے پر مجبور کر دیا تھا، رفتہ رفتہ بیٹے نے بھی بے اعتنائی برتنی شروع کر دی، سب کچھ جانتے ہوئے سب کچھ سمجھتے ہوئے بھی ماں نے کبھی کچھ نہ کہا صبر کا دامن کبھی نہ چھوڑا۔ شادی سے پہلے جب وہ تھکا ہارا ڈیوٹی سے آتا اُسے ماں سے مل کر بڑی راحت محسوس ہوتی تھی، ماں اس کے سر پر شفقت کا ہاتھ پھیرتی اور دعائیں دیتی تو اُسے سکونِ قلب ملتا اور دن بھر کی ساری تھکن بھول جاتا تھا۔ مگر اب اُسے ماں سے ملنے کا اتفاق ہی ہوتا تھا، مگر اب ڈیوٹی سے واپسی کے بعد اُس کا سارا وقت بیوی اور بچوں میں ہی صرف ہو جاتا تھا، پھر چند دن بعد ماں بیمار رہنے لگی اور اپنے کمرے سے بہت کم ہی باہر نکلتی تھی، ایک رات جب وہ سونے کی تیاری کر رہا تھا تو اُس کی بیوی نے اُسے بتایا کہ ماں کی طبیعت اچانک بگڑ گئی ہے، آپ چل کر دیکھ لیں جب وہ ماں کے کمرے میں گیا تو اُس کے پیروں کے نیچے سے زمین تھرتھراتی محسوس ہوئی اُسے احساس نہ ہوا کہ ماں کی حالت اتنی بگڑ گئی اُس کی سانسیں دم توڑ رہی تھیں، بیوی نے اُسے کبھی نہیں بتایا کہ ماں اس قدر بیمار ہوگئی ہے، کچھ دن پہلے پوچھنے پر صرف اتنا بتایا کہ ماں کی صحت کچھ ٹھیک نہیں ہے پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے، میں دیکھ بھال کر رہی ہوں، اس وقت اُسے بیوی کے سفید جھوٹ پر بہت غصہ آرہا تھا، اس نے کبھی ماں کو اہمیت ہی نہیں دی بلکہ ایک بوجھ سمجھتی رہی، وہ تو ہمیشہ اس خیال میں رہتی تھی کہ کیسے کب اس سے نجات ملے اور آج بیوی کی سوچیں پوری ہوتی نظر آرہی تھیں مگر وہ بھی اس میں برابر کا شریک تھا، اُس نے کبھی ماں کی خیریت نہیں پوچھی تھی اُسے اب ماں کی ضرورت ہی کیا تھی بڑا ہو گیا تھا، وہ نہایت افسردگی کے ساتھ اس عظیم ہستی کے آگے نظریں نیچے کیے کھڑا تھا، جس نے برے حالات میں اس کی پرورش کیلئے اپنا سب کچھ قربان کر دیا تھا، جس نے بے پناہ محبت واُلفت کے موتی اس پر نچھاور کیے (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

# دکھی دل اور روتی آنکھوں کو سکون

**محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم!** میں پانچ سال سے آپ کے عبقری کی قاری ہوں، پڑھ کر بہت مزہ آتا ہے، ماشاء اللہ عبقری میگزین نے ہمیں انسان بنا دیا ہے، میری دلی دعا ہے کہ عبقری کو اللہ تعالیٰ دن دگنی رات چگنی ترقی دے، دنیا و آخرت میں سرخرو رکھے، عبقری سے اتنا کچھ سیکھا کہ اب محسوس ہوتا ہے کہ گزشتہ تمام زندگی اندھیروں میں گزر گئی، اٹک سے لاہور آپ کے درس میں شرکت کی، زندگی میں سکون ملا، زندگی بدل گئی۔ اس کے علاوہ پندرہ سال سے لیکوریا کی بیماری تھی میں نے عبقری سے درج ذیل نسخہ استعمال کیا میری بیماری ہمیشہ کیلئے دور ہوگئی۔ **ھوالشافی:** کیکر کے پھول، گوند کتیرا، چھوٹی الائچی، موصلی سفید، سرمہ سفید، مغز بادام تمام ایک ایک پاؤ اور مصری ایک کلو لے لیں، ان تمام اشیاء کو کوٹ پیس کر پھکی بنالیں۔ ایک چمچ چائے والا صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ۔ اگر مسئلہ زیادہ ہو تو رات کو بھی کھاسکتے ہیں۔ **(عائشہ، اٹک)**

**ذکر نماز والی بن گئی ہوں!** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ تندرست رکھے اور آپ ہمیشہ مخلوق خدا کی خدمت کرتے رہیں، اللہ تعالیٰ آپ سے راضی ہو جائے۔ آمین ثم آمین! جب سے عبقری سے تعارف ہوا ہے، بہت زیادہ ذکر کرنے کی کوشش کرتی ہوں، نماز بھی پابندی سے پڑھتی ہوں اور تلاوت بھی، سنتوں کو اپنی زندگی میں نافذ کرنے کی بھرپور کوشش کرتی ہوں اب تو الحمدللہ ہر وقت باوضو رہنے کی بھی عادت اپنالی ہے، اللہ کا شکر ہے زندگی میں سکون آ گیا۔ **(پوشیدہ)**

**دکھی دل اور روتی آنکھوں کو سکون:** محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری اللہ پاک سے دلی دعا ہے کہ وہ آپ کو اور آپ کی اس قابل تحسین تحریک عبقری کو سدا سلامت رکھے جس کی وجہ سے لاکھوں دکھی دلوں اور روتی آنکھوں کو سکون ملا۔ آمین!۔ میں پہلے بھی چند ایک بار اپنے مسائل آپ کے گوش گزار کر چکی ہوں اور اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میرے بہت سے مسائل بھی حل ہوگئے ہیں، میں "عبقری" کی تقریباً دو سال سے مستقل قاری ہوں اور بہت سے وظائف بھی اپنی زندگی کا حصہ بنا چکی ہوں۔ میں اپنے شوہر کے رویہ کی وجہ سے بہت پریشان تھی، عبقری میں چھپے ایک وظیفہ اپنانے سے بہت زیادہ بہتری آگئی ہے۔ وظیفہ یہ ہے:۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (الفرقان 74) (ش، غ)

حاسدین اور دشمنوں سے نجات: جو شخص تین دن روزہ رکھے اور چوتھے روز مجمع (چند افراد مل کر) میں اس اسم یَاحَافِظُ کا ستر ہزار مرتبہ ورد کرے تو اسے اپنے حاسدین اور دشمنوں سے نجات مل جائے گی۔ ان شاء اللہ

| | | |
|---|---|---|
| ناک میں نیم کے پتوں سے ابلا پانی ڈالنے کا کمال | ملازمت پر جانے والی شدہ شادی خواتین کیلئے خاص مشورے | فرسٹ ایئر کی طالبہ ہوں! بال بہت گرتے ہیں! |

**یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں**

**سائنوسٹس کی تکلیف:** میری عمر زیادہ نہیں مگر میں ناک کی وجہ سے بہت پریشان رہتی ہوں، کبھی ایک طرف کا نتھنا بند ہو جاتا ہے کبھی دوسری طرف کا، سردی میں مجھے سانس نہیں آتا، ایلوپیتھی، یونانی، ہومیوپیتھی، دوائیں بہت کھائیں مگر ذرا بھی آرام نہیں آیا۔ دوسرا مسئلہ چہرے پر دانے اور سیاہ بالوں کا ہے، تیسرا مسئلہ سر کے بالوں کا ہے، آپ مجھے بتائیں میں کیا کروں۔ (سویرا شہباز، لالہ موسیٰ)

**مشورہ:** سویرا بی بی! آپ کا تفصیلی خط دعاؤں کے ساتھ میرے سامنے ہے۔ آپ یوں کیجئے، نیم کے تازہ پتے تھوڑے سے لے کر ڈیڑھ گلاس پانی میں اُبالیئے، پھر اُسے کپڑے میں چھان کر چٹکی بھر نمک ملایئے اور صبح شام یہ پانی ہاتھ میں لے کر ناک میں وضو کی طرح ڈالیے۔ اس طرح کرنے سے تین سے چار ہفتے میں آپ کو آرام آجائے گا، ناک میں کبھی کبھی سوتے وقت زیتون کا تیل لگایا کیجئے۔ چہرے کا رواں اگر سیاہ بالوں میں بدل جائے تو اس کو دور کرنا مشکل ہوتا ہے، آپ تھریڈنگ کر سکتی ہیں، اوپر لگانے کیلئے دوائیاں استعمال نہ کیجئے، اس سے نقصان ہوگا، بال دور نہیں ہوں گے۔ چنبیلی کی کھل ابٹن کی طرح استعمال کیجئے، عبقری دواخانہ کی خون صفاء استعمال کیجئے، خون صاف ہوگا تو دانے نہیں نکلیں گے، ناک کے اوپر والے دانوں کو زیادہ نہ چھیڑیئے۔ سر کے بالوں کیلئے آپ شیمپو استعمال نہ کیجئے، آملوں سے سر دھویئے، زیتون کا تیل لگایئے، مٹھی بر آملوں میں ایک چمچ میتھی دانہ پیس کر سر پر لگایئے اور آدھ گھنٹے بعد سر دھو لیجئے، طرح طرح کے بازاری تیل اور شیمپو سے بھی بال گرنے لگتے ہیں۔

**حشرات الارض کی یلغار کا علاج:** مچھر، مکھیوں اور دوسرے حشرات الارض کے بارے میں ضرور بتایئے، مجھے کسی نے ان کے خاتمہ کیلئے صعتر فارسی کے پتے بولا تھا مگر مجھے کہیں سے نہیں ملے۔ (شہزادی، گجرات)

**مشورہ:** شہزادی! کمال ہے۔ گجرات میں آپ کو صعتر فارسی کے پتے دستیاب نہیں ہوئے، یہ ایک قسم کی بوٹی ہے اس کے پتے گول اور پودینے سے بڑے ہوتے ہیں، یہی خشک پتے بازار میں کسی بھی بڑے دواخانے سے خرید سکتی ہیں، رسول اللہ ﷺ نے اسے مرکی اور الشبح کے ساتھ ملا کر دینے کی ہدایت فرمائی ہے۔ آپ ﷺ کا فرمان کوئی جھٹلا نہیں سکتا، جدید تحقیق سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ صعتر ایک طاقتور جراثیم کش دوا ہے، صعتر کے پتے اور تھوڑی سی مرکی ملا کر کوئلوں پر ڈال کر رات کو کمرہ بند کر کے دھونی دینے سے صبح کمرے سے مچھر، مکھیاں، لال بیگ اور چھپکلیاں مرے ہوئے ملیں گے۔ لوبان درخت سے نکلنے والی گوند ہے، لوبان اور الشبح کی دھونی بھی دی جاتی ہے، الشبح کو پھلیاں لگتی ہیں، اور ان کے گلابی رنگ کے چھوٹے چھوٹے بیج ہوتے ہیں، ان کو حب الرشاد اور ہالیون بھی کہتے ہیں، احادیث کا مفہوم ہے کہ اپنے گھروں میں حب الرشاد، مرکی، صعتر سے دھونی دیتے رہا کرو، پنجاب میں ہالیون کے نام سے بیج مل جاتے ہیں۔ صعتر ایک عام سی بوٹی ہے اور اس کے پتے کسی بھی بڑے دواخانے سے مل جاتے ہیں۔

**بال گرتے ہیں:** میں فرسٹ ایئر کی طالب علم ہوں، میرے بال بہت گر رہے ہیں جن کی وجہ سے میں سخت پریشان ہوں۔ مجھے مشورہ دیجئے جس سے میرے بال گرنا بند ہو جائیں۔ (م۔ا، لاہور)

**مشورہ:** بالوں کا مسئلہ واقعی ٹیڑھا ہے، ایک ہی دوا سب کو موافق نہیں آتی، آپ عبقری دواخانہ کے طب نبوی ہیئر آئل اور طب نبوی ہیئر پاؤڈر منگوا لیجئے اور لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ بالوں میں جڑوں کے اندر یہ تیل لگائیں۔ امید ہے بال گرنے بند ہو جائیں گے، اگر آپ کو خوبانی کا تیل مل جائے تو وہ بھی استعمال کیجئے،

**نوکری چھوڑ دوں یا نہیں:** میرے شوہر کی تنخواہ ساڑھے دس ہزار روپے ہے اور میری تنخواہ بارہ ہزار ہے، میں ایک پرائیویٹ ادارے میں کام کرتی ہوں۔ اگلے ماہ میرے بچے کی ولادت متوقع ہے، اب میں نوکری چھوڑتی ہوں تو گھر کے اخراجات میں کمی ہوگی، میں کیا کروں۔ (ارم شہریار، پشاور)

**مشورہ:** ارم بی بی! آپ کو میں نے پہلے بھی تفصیلی جواب دیا تھا، اب مجھے یہ معلوم نہیں کہ آپ کس ادارے میں کام کرتی ہیں، اگر آپ سلائی وغیرہ جانتی ہیں اور محلے میں آپ کے اچھے تعلقات ہیں تو سلائی گھر میں کر سکتی ہیں، اس طرح گھر کا بجٹ بھی صحیح رہ سکتا ہے اور بوڑھی ساس کی ذمہ داری جو آپ پر ہے وہ بھی پوری ہو سکتی ہے، آپ کا کوئی عزیز رشتہ دار آپ کے پاس رہ سکتا ہو وہ بھی بچے اور ساس کی ذمہ داری اُٹھا سکتا ہے، آج کل بچے کے اچھے خاصے اخراجات ہوتے ہیں اور اس کا خرچہ گھر کے بجٹ کو بڑھا دیتا ہے، آپ ایک دم نوکری چھوڑیں گی تو مسئلہ بن جائے گا، بیوی اگر شوہر کے دوش بدوش کام کر کے گھر کا بجٹ متوازن رکھے تو اس میں کوئی برائی نہیں اور نہ ہی ایسی کوئی گناہ والی بات ہے، ہاں عورت پر دوہری ذمے داری آجاتی ہے، اپنے آپ اس وقت کو صحیح طرح استعمال کریں اور اس مشکل پر قابو پا سکتی ہے شام کو گھر کا کھانا وغیرہ بنا کر اگلے دن کیلئے محفوظ کر لیں، پورے ہفتے کی دھلائی چھٹی کے دن کر لیجئے، بوڑھی ماں کی دیکھ بھال آپ اپنی ماں سمجھ کر کریں گی، آپ کو اس نیکی کا اجر ضرور ملے گا، ان کی دعائیں آپ کا ساتھ دیں گی، اسے ایک ہزار بھی دیں گے تو آپ کا بہت بوجھ ہلکا ہو جائے گا، وہ گھر کے سارے کام کرے گی اور بچہ بھی سنبھالے گی، بارہ ہزار کی یکمشت رقم ختم ہونے سے گھر کے حالات بگڑ سکتے ہیں، پھر لڑائی شروع ہو جائے گی آپ اپنے شوہر سے مشورہ کر کے کوئی قدم اُٹھایئے۔

**سبز عقیق:** میری ایک دوست میرے لئے سبز عقیق کا ہار لائی ہے، سنا ہے یہ پتھر منحوس ہوتے ہیں، اس ہار کو پہنتے ہوئے گھبراتی ہوں، میں نے پہلی بار سبز عقیق کا نام سنا ہے کیا سبز عقیق ہوتے ہیں۔ (ش۔ مردان)

**مشورہ:** عقیق کے رنگ بے شمار ہیں ہلکے، گہرے، لہروں اور دھاریوں والے عقیق مل جاتے ہیں، سبز عقیق کے زیور دکانوں پر نظر آتے ہیں، برازیل اور آسٹریلیا میں سبز عقیق بڑی مقدار میں حاصل ہوتا ہے، اس کی مالا اور کانوں کے ٹاپس بہت خوبصورت بنتے ہیں، ہم لوگ مسلمان ہیں اور ہمیں پتھر کی نحوست اور غیر نحوست کے بارے میں نہیں سوچنا چاہیے، جیسے اور زیورات پہنتی ہیں ایسے یہ مالا بھی پہن لیجئے، ہندو لوگ پتھروں کو مقدس اور غیر مقدس سمجھ کر پہنتے ہیں، کبھی ان کو چاولوں میں رکھ کر ان کی نحوست اتارتے ہیں، کبھی کبھی مختلف دالیں اور اناج دان کرتے ہیں، ہمارے مذہب میں یہ نہیں ہے، اللہ پاک کا نام لے کر پہن لیجئے، اللہ پاک ہر چیز پر قادر ہے، اسی کے حکم سے سب کام ہوتے ہیں، جو لوگ پتھر بیچتے ہیں وہ اتنے خوشحال نہیں ہوتے، ان پتھروں نے کبھی تقدیر نہیں بدلی، ایسا ہوتا تو آج ہر شخص لکھ پتی بن جاتا، سبز عقیق تو عام ملنے والا پتھر ہے۔

جن خواتین کے شوہر پردیس کاٹ رہے ہیں ان کیلئے کچھ خاص باتیں اور چھوٹا سا آسان وظیفہ اور اس کے علاوہ بے شمار نسخہ جات اور وظائف جاننے کیلئے
جنوری 2018 کا خواتین خاص نمبر پڑھنا ہرگز نہ بھولیے گا!

مچھلی ضرور کھائیے مگر کالی مرچ کے ساتھ: مچھلی کے ساتھ کالی مرچ کھانے سے مچھلی کے نقصان دہ اجزا نقصان نہیں پہنچاتے اس کے علاوہ کالی مرچ دمہ' کھانسی' زکام اور بدہضمی میں مفید ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| درد دانت کیلئے طلسماتی لوشن | دل کے ہاتھوں مجبور' شوگر سے نڈھال افراد کیلئے | گھر میں خوشیاں اور سکون پانے کا راز | سودی کاروبار کیسے بربادی لاتا ہے؟ |

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں' آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ' ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے' یہ دوسروں کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ' چاہے بے ربط ہی لکھیں' صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

## دانت درد کیلئے طلسماتی لوشن

جادوئی اثر رکھنے والا یہ لوشن درد دانت سے نجات دلاتا ہے۔اس کے اجزاء اس کی صداقت کی گواہی دیتے ہیں۔

**اجزاء:** ست اجوائن، ست پودینہ، کافور ہر ایک ایک تولہ، روغن لونگ، روغن دارچینی کاربالک ایسڈ ایک دو دو تولہ، ریکٹی فائیڈ اسپرٹ 10 تولہ شامل کریں،دس دن کے بعد دوا قابل استعمال ہوگی، تھوڑی سی روئی سے تر کر کے دانتوں پر لگائیں۔گھڑی میں وقت دیکھیں 5 منٹ میں دانت درد ختم ہو جائے گا۔**سوڑھوں کے امراض کیلئے اکسیر مرہم:** پیلو کے درخت کے خشک پتے 50 گرام، میٹھا سوڈا 50 گرام دونوں باریک پیس کر ڈبیہ میں ڈالیں اور پھر اتنی مقدار میں شہد ڈالیں کہ مرہم کی طرح پیسٹ بن جائے کچھ دیر انگلی کی مدد سے ملیں پھر دس منٹ بعد کلی کر لیں۔

### دانتوں اور مسوڑوں کے امراض کیلئے اکسیر نسخہ جات

**نسخہ 1:** شہد میں لہسن کا رس ملا کر دانتوں پر ملیں اس سے دانتوں میں سفیدی آجاتی ہے، پیلے دانت چمکدار ہو جاتے ہیں۔**نسخہ 2:** اجوائن خراسانی کو پیس کر منجن بنالیں، جہاں درد ہو وہاں لگائیں، اگر دانت کے اندر گڑھا ہو اس کو گڑھے میں بھر دیں، بہت جلد آرام آجائے گا۔**نسخہ 3:** کافور اور نوشادر ہم وزن لیکر پیس لیں اور پھر آہستہ آہستہ مسوڑوں پر ملیں چند روز میں مسوڑوں کا ورم ٹھیک ہو جائے گا۔**نسخہ 4:** خشک آملہ کا سفوف تیار کر کے باریک کپڑے میں چھان لیں اس سفوف کو انگلی یا کپڑے کی مدد سے دانتوں اور مسوڑھوں پر اچھی طرح ملیں، روزانہ یہ عمل کرنے سے دانتوں سے خون آنا بند ہو جاتا ہے، دانتوں کی میل صاف ہو جائے گی، اگر دانت ہلتے ہوں گے تو طاقتور اور مضبوط ہو جائیں گے۔**نسخہ 5:** لہسن کی ایک تری کو چھیل کر اگر دانت کے سوراخ میں بھر دیا جائے تو درد دانت فوراً بند ہو جاتا ہے، اور دانت کا کیڑا ختم ہو جاتا ہے۔**نسخہ 6:** دانت درد کیلئے چلکا انار، پھول انار، ہلدی' پھٹکری بریاں، مازو پھل ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور اسے بطور منجن لگانے سے دانت درد ختم ہو جاتا ہے اور دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔**نسخہ 7:** آج کل سوڑھوں کی شکایات عام طور پر نوجوانوں میں بہت پائی جاتی ہیں، سوڑھے پھول جاتے ہیں، برش کرنے سے خون نکلتا ہے، سیب کھانے سے مسوڑھوں سے خون آتا ہے، زبان کٹی رہتی ہے، گاجروں کے موسم میں چھوٹی نرم گاجریں صبح وشام چبا چبا کر کھانے سے یہ تکلیف دور ہو جاتی ہے، سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ کھانا کھانے کے بعد چار پانچ گاجریں آہستہ آہستہ چبا کر کھائی جائیں اس سے سوڑھے مضبوط ہو جاتے ہیں۔**نسخہ 8:** ہینگ 1 تولہ، عقر قرحا 1 تولہ، کالی مرچ 1 تولہ، کافور 1 تولہ، باؤبڑنگ 1 تولہ نیم کے خشک پتے 1 تولہ نمک لاہوری ایک تولہ ان سب کو پیس کر بطور منجن استعمال کرنے سے دانتوں کے کیڑے مر جاتے ہیں، نیز درد ختم ہو جاتا ہے۔**نسخہ 9:** اگر کچی گاجر کا ایک چھٹانک رس روزانہ پی لیا جائے تو مسوڑھوں اور دانتوں کی بیماریاں آسانی سے پیدا نہ ہوں گی، خون صاف رہے گا پھوڑے پھنسیاں اور خارش نہ ہو گی دل و دماغ اور انسانی مشین کے دیگر کل پرزے صحیح حالت میں رہیں گے اور ٹھیک طرح کام کریں گے۔**نسخہ 10:** جامن کی چھال کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر کپڑے میں چھان کر دونوں وقت صبح وشام بطور منجن دانت اور مسوڑوں پر مل کر منہ کو پانی سے صاف کر دیا کریں، اس سے دانتوں اور مسوڑھوں کے تمام روگ دور ہو جائیں گے۔**نسخہ 11:** انار کے پھول سایہ میں سکھا کر خوب باریک پیس لیں، صبح وشام منجن کے طریقے سے دانتوں پر لگایا کریں، دانتوں سے خون آنا بند ہو جائے گا، اس طرح ہلتے دانت بھی مضبوط ہو جائیں گے۔**نسخہ 12:** لونگ کا سفوف ایک چٹکی بھر ایک لیموں کے رس میں خوب ملا کر دانتوں پر ملنے سے درد دور ہو جاتا ہے۔**نسخہ 13:** آم کے پتے سایہ میں خشک کیے ہوئے جلا کر کپڑے میں چھان کر رکھ لیں، صبح وشام دونوں وقت انگلی کے ساتھ دانتوں اور مسوڑھوں کیلئے بطور منجن استعمال کریں، دانتوں کے بہت سے امراض ٹھیک ہو جاتے ہیں۔**نسخہ 14:** مسوڑھوں اور دانتوں کے تمام امراض کیلئے عبقری کی دوا "سچا منجن" اعتماد کے ساتھ استعمال کریں، اس کے استعمال سے آپکے دانتوں اور مسوڑوں کی تمام بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔

(حکیم محمد فاروق' چڑھوے والا' مظفر گڑھ)

## "سودی کاروبار سے نکلیں"

اللہ تعالیٰ نے سود کو حرام قرار دیا ہے۔سودی کاروبار کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے خلاف جنگ قرار دیا ہے۔کیونکہ اسلام جس انداز میں انسان کے معاشی معاملات کی تنظیم کرتا ہے۔اس میں سود کی کوئی گنجائش نہیں۔ہمارا فرض ہے کہ ہم اسلام کے اصولِ معیشت کو اس کی حقیقی روح کے ساتھ سمجھیں اور سود کی تمام صورتوں کو حرام جانتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے جنگ ختم کریں۔کوئی بیس، پچیس، سال قبل بندہ اپنی بچت بینک میں رکھتا تھا۔اُس رقم سے جو سود ملتا تھا اُسے بغیر ثواب کے حاجت مندوں میں تقسیم کر دیتا تھا۔کسی دوست نے مشورہ دیا کہ بینک کی بجائے ڈاک خانے میں رقم رکھو۔وہاں یہ رقم ڈیفنس وغیرہ کے منصوبوں میں لگاتے ہیں نیز یہ سود نہیں ہے بندہ اُن کی باتوں میں آگیا اور ڈاک خانے میں اکاؤنٹ کھلوایا۔وہاں ڈاک کے عملے نے بتایا کہ ہماری ایک سکیم میں کچھ عرصے کیلئے رقم فکس کی جاتی ہے اور چھ ماہ بعد معقول آمدنی بن جاتی ہے۔بندہ نے اُسی سکیم میں رقم رکھوائی۔چھ ماہ کے بعد بینک کے مقابلے میں معقول رقم موصول ہوئی مگر اُس رقم کی پاداش میں جو خواب دیکھا وہ بتانے کے قابل نہیں۔خواب بتاتے ہوئے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں حوصلہ نہیں کر پا رہا کہ خواب کیسے بیاں کروں۔خواب میں غزوہ بدر برپا ہے اور بندہ ابوجہل اینڈ کمپنی کے ساتھ حضور ﷺ اور اُن کے جانثار صحابہ اکرامؓ کے خلاف جنگ کر رہا ہے۔اُسی وقت میری چیخ نکل گئی خواب ٹوٹ گیا اور قرآن پاک کے اُس نافرمان کی طرف عقل گھومنے لگی۔اے مسلمانوں اللہ سے ڈرو اور بقیہ سود چھوڑ دو اگر تم دل سے ایمان لائے ہو تو اللہ کے حکم کی تعمیل کرو اگر تم نے سود نہ چھوڑا تو آگاہ ہو جاؤ اللہ اور اُس کے رسول ﷺ سے جنگ کرنے کیلئے تیار ہو جاؤ۔بندہ نے فوراً توبہ کی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رُو رُو کے اپنے گناہوں کی معافی مانگی اور اپنی بچت المیزان بینک میں رکھی جہاں منافع کی رقم فکس نہیں نیز بڑے بڑے علمائے کرام کی راہنمائی اور مشاورت سے یہ اسلامی بینک چل رہے ہیں۔

سود کھانے والوں کو یہ وعید سنائی گئی ہے کہ اگر تم

**لوگوں میں باعزت اور باوقار بننے کیلئے:** جو شخص پیر یا جمعہ کے دن بعد نماز مغرب ایک سو چالیس مرتبہ اسم **یَامُعِزُّ** پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ لوگوں میں باعزت اور باوقار بنادیں گے۔

نے سود نہ چھوڑا تو اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی طرف سے اعلانِ جنگ سُن لو۔ یہ وعید ایسی شدید ہے کہ کفر کے سوا اور بڑے سے بڑے گناہ پہ ایسی وعید نہیں آئی۔ سورۃ آلِ عمران میں ارشاد ہے کہ اے ایمان والو! سود مت کھاؤ۔ حصے سے زائد اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو امید ہے تم کامیاب ہو۔ انسانی اخلاق میں سب سے بڑا جوہر ایثار وسخاوت کا ہے۔ خود تکلیف اُٹھا کر دوسرں کو فائدہ دیا جائے۔ سودی کاروبار میں یہ جذبہ فنا ہو جاتا ہے۔ وہ مصیبت زدہ پر رحم کھانے کی بجائے اُس کی مصیبت سے ناجائز فائدہ اُٹھانے کی فکر میں رہتا ہے۔ ایک دفعہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ایک جنازے میں شامل ہوئے۔ نماز جنازہ کے بعد باقی لوگ ایک دیوار کے سائے میں بیٹھ گئے مگر آپ دھوپ میں ہی کھڑے رہے کسی نے آواز دی کہ سائے میں آجائیں فرمایا اس دیوار کا مالک میرا مقروض ہے۔ اگر میں اس دیوار سے فائدہ اُٹھاؤں تو یہ اللہ تعالیٰ کی نظر میں سود شمار ہوگا۔ **(پرنسپل (ر) غلام قادر ہراج، جھنگ)**

## دل کے ہاتھوں مجبور‘ شوگر سے نڈھال افراد کیلئے

**محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم!** ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں‘ ہمارے بھیجے ٹوٹکے اور آزمودہ وظائف اکثر ماہنامہ عبقری کی زینت بنتے ہیں‘ الحمدللہ جیسے ہی ہمارے پاس کوئی تجربہ‘ کسی کا بتایا نسخہ یا مشاہدہ آتا ہے ہم فوراً ماہنامہ عبقری کو لکھ بھیجتے ہیں اور اپنے لیے صدقہ جاریہ کا سامان کرتے ہیں۔ میرے پاس شوگر اور امراض قلب کے ازالہ کیلئے کچھ ٹوٹکے ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں:۔ انار دانہ عام مل جاتا ہے اور بازار میں انار بھی دستیاب ہیں‘ انار اور اس کے دانوں میں اللہ تعالیٰ نے شفاء رکھی ہے۔ قرآن پاک میں انار کا ذکر ہے‘ پہلے زمانہ میں لوگ بیماری میں ایک انار روزانہ چند دن کھاتے تھے وہ بھی اس طرح کہ انار کے دانے پلیٹ میں نکالتے اور ایک بھی دانہ باہر گرنے نہ دیتے‘ ان کا خیال تھا کہ انار جنت کا پھل ہے اور اس کے ہر دانے میں شفاء ہے‘ آپ یہ پڑھ کر حیران ہوں گے کہ یورپ اور امریکہ میں بھی انار دانہ استعمال کیا جارہا ہے۔ **دل کیلئے:** دل کے مریضوں کے لیے دو ٹیبل سپون انار دانہ دو گلاس پانی میں اتنا ابالیے کہ ایک گلاس رہ جائے‘ صبح نہار منہ نیم گرم انار دانہ کا قہوہ چھان کر پی لیجئے۔ دل کی تکالیف میں موثر علاج ہے‘ شریانوں کو کھولتا ہے‘ رکاوٹیں دور کرتا ہے۔ **شوگر کیلئے:** شوگر کیلئے ایک چٹنی بنا کر کھا سکتے ہیں۔ دیسی پودینہ کے پتے صرف سو گرام لیں اور تازہ انار کے دانے سو گرام‘ ادرک سو گرام لے کر پیس کر رکھ لیں۔ ایک چمچ روزانہ کھانے کے ساتھ یہ چٹنی کھالیں۔ دوا بالکل نہ چھوڑیں۔ انار دانہ سوکھا‘ پرانا کیڑے والا نہ خریدیئے‘ کچھ لوگ سرخ رنگ میں انار دانہ رنگ دیتے ہیں وہ کبھی نہ لیں۔ تازہ انار دانہ دیکھنے سے پتہ چلتا ہے اچھے سٹور سے خریدیئے۔ انار دانہ ہاضم ہے۔ بھوک لگاتا ہے معدے کو تقویت دیتا ہے۔ انار دانہ کی چٹنی سب کو پسند آتی ہے۔ آلو کے کٹلس‘ بیسن کے پکوڑوں میں انار دانہ کو شامل کیا جارہا ہے۔ آج کل تو ویسے بھی جھاڑوں کا موسم آرہا ہے جب بھی گھر میں کوئی چٹ پٹی چیز بنایئے انار دانہ ضرور شامل کیجئے اور ذائقہ اور صحت ساتھ ساتھ پایئے۔ **ہاضمہ اور بھوک لگانے کیلئے:** ہاضمہ کیلئے درج ذیل چٹنی بہت ہی مفید ہے۔ **ھوالشافی:** آدھ کپ انار دانہ‘ اس میں سفید زیرہ دو بڑے چمچ ڈال کر ملائیں‘ کالی مرچ ایک چمچ‘ ہری مرچ ایک عدد‘ پودینہ اور سبز دھنیا آدھ کپ ملا کر چٹنی پیس لیں۔ تھوڑا سا نمک ملا کر رکھ لیں۔ دوپہر کو کھانے کے ساتھ لیں۔ شام کو بھی کھا سکتے ہیں‘ بھوک بہترین لگے گی‘ ہاضمہ بہت کمال کا بنے گا۔ **اسہال اور پیچش کیلئے:** پنساری کی دکان سے سونٹھ‘ ہلیلہ سیاہ اور انار دانہ ہم وزن لے کر پیس کر رکھ لیں‘ چائے کے چمچ کے برابر لے کر صبح شام پانی کے ساتھ کھائیں اور روزانہ ایک کپ انار‘ نمک‘ کالی مرچ چھڑک کر کھایئے۔ پیٹ صحیح رہے گا‘ اسہال او رپیچش کیلئے بہترین ہے۔ **چہرے کے دانوں کیلئے:** جن کے چہرے پر گرم چیزوں کے کھانے سے دانے بن جاتے ہیں‘ اس کا مطلب ہے کہ کچھ لوگ گرم چیزوں سے الرجک ہوتے ہیں‘ سال بھر میں کبھی بھی گرم چیز کھالیں تو چہرے پر دانے نکل آتے ہیں اور خاص طور پر موسم گرما میں حالت بہت ہی بُری ہوجاتی ہے۔ اس مرض کا آسان علاج بھی لے لیجئے۔ **ھوالشافی:** کسی اچھے دواخانہ سے شربت مصفی خون لے کر دو چار شیشیاں پینے سے فرق پڑ جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایرانی عناب پانچ دانے لے کر آدھ گلاس پانی میں بھگودیں تو دس دانے گل منڈی کے بھی ملائیں‘ رات کو بھگو یئے صبح نو یا دس بجے چھان کر تھوڑی سی چینی ملا کر پی لیجئے۔ بازار میں شربت عناب بھی ملتا ہے‘ دوسرے مشروبات کی جگہ آپ وہ پینا شروع کردیں۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ گرم چیزوں سے الرجی بہت جلد ختم ہوجائے گی۔ **(فرحت‘ لاہور)**

## گھر میں خوشیاں اور سکون پانے کا راز

**محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے تمام اہل وعیال کو لمبی زندگی‘ صحت وتندرستی اور خوشیوں بھری زندگی عطا فرمائے۔ آمین! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں‘ ایک بار آپ نے درس میں سورۂ قریش کے کرشمات بتائے تھے۔ میں نے سورۂ قریش کو پڑھنا شروع کردیا ہے۔ محترم شیخ الوظائف! سورۂ قریش میرا اتنا ساتھ دیتی ہے کہ کیا بتاؤں؟ مجھے جب بھی کسی چیز کا ڈر ہوتا ہے یا کوئی بھی بات سمجھ نہیں آتی تو بس سورۂ قریش پڑھنا شروع کردیتی ہوں آپ یقین کریں ساتھ ہی وہ مشکل حل ہوجاتی ہے۔ میرا ماننا ہے کہ کوئی بھی مشکل ہو سورۂ قریش کافی ہے۔ اس کے علاوہ احسبتم اور اذان والا عمل بھی کرتی ہوں‘ مگر جب کوئی مشکل ہو تب‘ ویسے روزانہ نہیں۔ اس کے علاوہ میں سورۂ کوثر 129 مرتبہ صبح وشام پڑھتی ہوں جس سے میرے پیسوں میں برکت رہتی ہے۔ اس کے علاوہ جب گھر میں راشن آتا ہے تو وہ ڈبوں میں ڈالنے کی ذمہ داری بھی میری ہے‘ میں تب بھی سورۂ کوثر پڑھتی جاتی ہوں‘ آپ یقین کریں وہ ماہانہ کی بجائے دو ماہ آرام سے گزر جاتے ہیں اور سکون رہتا ہے۔ الحمدللہ! رسالہ عبقری پڑھنے سے بہت اچھے اچھے وظائف اور ٹوٹکے ملتے ہیں‘ وظائف کی برکت کی وجہ سے ہم بہت خوش اور پرسکون ہیں۔ **(آمنہ منصور‘ لاہور)**

## گنٹھیا اور بے اولادی سے پریشان خواتین کیلئے

**محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم!** آپ کو میں نے اپنے مسائل کے حل کیلئے خط لکھا تھا آپ نے مجھے جواب میں دو انمول خزانہ اور روحانی غسل کرنے کا حکم فرمایا تھا‘ میں وہ کررہی ہوں الحمدللہ فائدہ ہورہا ہے۔ درس روزانہ سنتی ہوں۔ میں آپ کو دو نسخے بھیج رہی ہوں‘ گنٹھیا اور لیکوریا اور بچے ہونے کا ہے۔ **گنٹھیا:** منقیٰ‘ جائفل گری نکال کر دونوں کو ہم وزن لے کر پیس لیں‘ پھر چنے کے برابر ان کی گولیاں بنالیں اور ایک گولی صبح وشام چائے کے ساتھ اور چائے کے کپ میں ایک چمچ دیسی گھی ڈالیں۔ ان شاء اللہ گنٹھیا کا درد ختم ہوجائے گا‘ یہ ہمارے بڑوں کا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔ نوٹ: دوران نسخہ بادی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔ **لیکوریا کا نسخہ:** **ھوالشافی:** تین تولہ ہاتھی کے دانت کا برادہ اور تین درجن چاندی کے ورق اور چھٹانک چھوٹی الائچی اور اس کے بیج نکال کر چھوٹی الائچی‘ ہاتھی کے دانت کا برادہ چاندی کے ورق سب کو اچھی طرح پیس لیں اور آدھا چمچ صبح نہار منہ باسی پانی سے اور آدھا چمچ رات کو دودھ کے ساتھ کھالیں‘ یہ ٹوٹکہ لیکوریا کیلئے بہت فائدہ مند ہے اور جس کا بچہ نہ ہو اس کیلئے بھی کمال ہے۔ میری بہو کے ہاں صرف ایک بیٹی تھی‘ چار سال کے بعد میں نے اسے یہ دوائی بنا کردی تو اللہ تعالیٰ نے اسے ایک اور بیٹی دی اور میں نے اپنی بھانجی کو بنا کردی تو اس کو بھی اللہ نے اولاد سے نوازا۔ **(ش‘ فیصل آباد)**

تین ہفتے میں موٹاپا دور: صبح نہار منہ دو چمچ شہد ایک گلاس پانی میں حل کر کے چار قطرے تازہ رس لیموں کے ملا کر پینے سے موٹاپا دور ہوجاتا ہے۔ پرہیز کیساتھ کم از کم تین ہفتے بلاناغہ کریں۔

نثار احمد خان، ایبٹ آباد

# بارگاہ نبوت میں مقام پاکستان اور پاک فوج

میں پاکستان سے ہوں" خادم مسجد نبوی ﷺ نے ان سے پوچھا پاکستانی فوج کے میجر ضیاالدین عباسی شہید کا نام آپ نے سنا ہے، شہید کے والد کو حیرت ہوئی مگر انہوں نے خادم کو بتایا کہ میں ہی میجر ضیا الدین عباسی شہید کا والد ہوں۔

محترم حضرت حکیم صاحب اسلام علیکم! ماہنامہ عبقری میگزین کا عرصہ دراز سے قاری ہوں۔ آپ جو خدمتِ خلق بنی نو انسان کی کررہے ہیں، یہ بہت کم لوگوں کے حصے میں آتی ہے۔ ہماری دعائیں ہروقت آپ کے ساتھ ہیں۔آپ کے ارسال کردہ قیمتی وظائف میں پڑھتا رہتا ہوں۔

یہ خط عبقری میگزین میں چھپنے والے سچے واقعات (پاک فوج کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات) سے متاثر ہوکر لکھ رہا ہوں اور عبقری رسالہ میں لگانے کیلئے میجر ضیا الدین عباسی شہید (ستارہ جرأت) اور والدِ بزرگوار جناب کا سچا واقعہ جو کہ مظہر برلاس صاحب نے ایک مقامی اخبار میں (دربار رسول ﷺ میں پاکستان) کے عنوان سے شائع کیا تھا۔اس کی کاپی ارسال کررہا ہوں۔امید ہے آپ اس کو عظیم رسالے عبقری کے صفحات میں جگہ دے کر ہمارے ایمان کو تازہ کردیں گے شکریہ۔قارئین! پاکستان اللہ تعالیٰ کا خاص تحفہ ہے یہ ملک سرکار مدینہ ﷺ کی محبت سے بنا۔ رسول ﷺ اور اہل بیت سمیت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو اس پاک وطن سے خاص انسیت ہے۔پاکستان کی بنیادوں میں کئی شہیدوں کا لہو شامل ہے اسی طرح پاکستان کی حفاظت کے لئے ہمارے کئی جوان شہید ہوئے، کبھی اتفاق ہو تو قائداعظم کے زندہ خوابوں کا مطالعہ کیجئے،آپ کو پتہ چلے گا کہ کس طرح قائداعظمؒ برطانیہ سے واپس آئے حالانکہ وہ تو مایوس ہوکر انگلستان چلے گئے تھے،انہیں کس طرح پاکستان بنانے کیلئے چنا گیا اور اللہ نے ایسے حالات بنائے کہ یہ برطانیہ چھوڑ کر واپس ہندوستان پہنچ گئے اور انہوں نے کیسے پھر پاکستان کے لئے جدوجہد کی۔آپ کو یاد ہوگا کہ امیر ملت پیر جماعت علی شاہؒ سمیت وقت کے کئی ولی پاکستان کی حمایت میں جدوجہد کرتے رہے۔بعض اہل تصوف کے مطابق پاکستان کے حوالے سے ایک ایک لمحے کی رپورٹ دربار رسول ﷺ میں پہنچتی رہی ہے،خوبصورت اور اہم بات یہ ہے کہ یہ سلسلہ قیام پاکستان سے لے کر اب تک جاری ہے اور ان شاء اللہ عزوجل جاری رہے گا۔ایک واقعہ رقم کررہا ہوں تاکہ پاکستان اور اس کی بہادر فوج کے مخالفین کو بات اچھی طرح سمجھ آجائے۔

1965ء کی پاک بھارت جنگ ختم ہوچکی تھی،اسی جنگ میں میجر عزیز بھٹی شہید ہوئے تھے،اسی جنگ میں چونڈہ کے مقام پر ہمارے بہادر جوانوں نے بھارتی ٹینکوں کا قبرستان بنادیا تھا۔اس جنگ کے چند ماہ بعد مدینہ منورہ میں ایک عمر رسیدہ پاکستانی رسول اللہ ﷺ کے روضہ اقدس کے سامنے خاموش بیٹھا آنسو بہائے جارہا تھا، آنسو بہانے والے کی نگاہیں روضہ رسول ﷺ پر جمی ہوئی تھیں، یہ بوڑھا شخص میجر ضیا الدین عباسی شہید کا والد تھا، میجر ضیا الدین عباسی شہید (ستارہ جرأت) انفنٹری سکول کوئٹہ کے انسٹرکٹر تھے۔ گیارہ ستمبر 1965ء کو سیالکوٹ میں پھلورا کے محاذ پر دشمن کی توپ کا گولہ میجر عباسی کے ٹینک کو آلگا جس سے میجر ضیاء الدین عباسی شہید ہوگئے۔انہیں بعد از شہادت ستارۂ جرأت دیا گیا جب یہ ایوارڈ لینے کے لئے میجر عباسی کے والد صدر جنرل ایوب خان کے پاس گئے تو ایوب خان نے ان سے خواہش پوچھی تو میجر عباسی کے والد نے عمرہ کرنے کی خواہش کا اظہار کیا جسے صدر ایوب نے فوراً قبول کرتے ہوئے عمرہ کا بندوبست کروادیا جس وقت میجر عباسی شہید کے والد روضہ رسول ﷺ پر تھے تو ایسے میں خادم مسجد نبوی ﷺ تشریف لائے اور وہاں بیٹھے ہوئے لوگوں سے پوچھا کہ "آپ میں سے کوئی پاکستان سے تعلق رکھتا ہے؟" میجر عباسی کے والد خاموش رہے، خادم مسجد نبوی ﷺ نے دوبارہ پکارا "آپ میں سے (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

اگلے ماہ: پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد انوکھے واقعات" جو سو فیصد سچے اور آپ بیتے ہیں۔ پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

## پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں، ضرور لکھیں۔

ملفوظات کشف المحجوب

# عمل کے بغیر علم، علم نہیں کہلاتا

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

ہم "کشف المحجوب" کتاب کا باب "ثبوت علم" کا خلاصہ بیان کررہے ہیں گزشتہ دو ماہ سے اسی پر بات ہوئی آگے مزید ملاحظہ فرمائیں:۔حضرت پیر مہر علی شاہ صاحبؒ کی یادداشتوں میں ایک بات ملتی ہے، عجیب بات لکھی ہے۔ فرمایا کہ میں نے دنیا کے ایسے لوگ دیکھے جن کے پاس علم کے سمندر تھے لیکن اس سمندر میں لوگ ڈوب گئے پار نہ اتر سکے کہ اس علم کی وجہ سے وہ گمراہ ہوگئے۔خود قرآن کہتا ہے "یضل به کثیرا و یهدی به کثیرا" اس قرآن کو پڑھ کے بہت سے لوگ ہدایت پاجائیں گے اور بہت سے گمراہ ہوجائیں گے۔خدا جانے قرآن سے بھی کوئی گمراہ ہو سکتا ہے۔نہیں ہوسکتا، قرآن راہ ہدایت ہے۔لیکن قرآن خود فرمارہا۔اسکی وجہ کیا ہے؟ سمجھنے کی بات ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ قرآن تو سراپا ہدایت ہے۔قرآن تو نور ہدایت ہے لیکن اس سے گمراہ وہ ہوتے ہیں جو اس کو اپنے مزاج سے، اپنی سمجھ سے، بیٹھ کر پڑھتے ہیں۔قرآن سے لے کر حدیث، حدیث سے لے کر فقہ، فقہ سے لے کر تفسیر، تفسیر سے لے کر سوانح، ملفوظات و معقولات کسی اللہ والے کی یہ ایسی چیزیں ہیں جو انسان خود نہ پڑھے بلکہ کسی سے پڑھے۔اسی بات کو پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرمارہے ہیں: عمل اس وقت ہوتا ہے جب علم اسکے ساتھ شامل ہوتا ہے۔انسان اس وجہ سے ثواب کا مستحق ہوسکے۔جیسا کہ مثال دے رہے کہ:" جب تک انسان کو اپنے ارکانِ طہارت، پاک پانی کی پہچان، قبلہ کی شناخت، نیت کی کیفیت اور نماز کے ارکان کا علم نہ ہو تو نماز ہی نہیں ہوتی۔ پس وہ نماز ہی نہیں ہوتی۔ پس جب عمل درحقیقت علم ہی سے حاصل ہوسکتا ہے تو کس طرح جاہل عمل کو علم سے جدا کرسکتا ہے۔ جو لوگ علم کو عمل پر فضیلت دیتے ہیں تو یہ بھی صحیح نہیں کیونکہ عمل کے بغیر علم، علم نہیں کہلاتا۔اللہ جل شانہٗ نے قرآن پاک میں فرمایا اہل کتاب میں ایک گروہ نے اللہ کی کتاب کو پس پشت ڈال دیا گویا کہ وہ اسے جانتے ہی نہیں۔(جاری ہے)

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ "ملفوظات کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں

**مضرتوں اور حاسدین کی ایذا رسانیوں سے نجات:** جو شخص اسم مبارک یَامُذِلُّ کا 75 بار روزانہ ورد کرے وہ مضرتوں اور حاسدین کی ایذا رسانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 98

# جناتِ کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر بچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

**شاید اس کی بیٹیاں بدکار تھیں:** میری نسلیں ویران ہوگئیں' میری سوچیں اداس ہوگئیں' مجھ سے میرے عزیز واقارب نے ملنا چھوڑ دیا' ہر شخص مجھ پر انگلی اٹھاتا ہے لوگ سمجھتے ہیں شاید اس کی بیٹیاں بدکار تھیں اور خود بخود گھر سے نکل گئی ہیں اور یہ ڈھونگ رچاتے ہیں کہ کوئی شریر جادوگر ان کی بیٹیاں اٹھا کر لے گیا ہے۔ کوئی ہماری بات ماننے کو تیار نہیں کوئی ہماری بات سننے کو تیار نہیں' کوئی ہمیں ملنے اور دیکھنے کو پسند نہیں کرتا۔ ہم کہاں جائیں؟ وہ جننی چیخی' اس نے دونوں ہاتھ اوپر اٹھائے اور کہنے لگی: اے خدا! یا آسمان ہمارے اوپر توڑ دے یا زمین پھاڑ دے ہمارا سارا خاندان نگل جائے اور ہم زمین میں دفن ہوجائیں' ہم اس دنیا میں رہنے کے قابل نہیں ہیں۔ ہمیں مدد دے' ہماری مدد کر' میری بیٹیاں مجھے مل جائیں' میرے سروں کے تاج اور میرے سروں کی عزتیں مجھے واپس مل جائیں۔ مجھے میرا کھویا ہوا جو دل جائے' وہ عورت روئے جارہی تھی' سسک رہی تھی' تڑپ رہی تھی' ظالم جادوگر جن کی طرف اس کے ہاتھ اٹھتے تھے اس کی مٹھیاں بھینچتی تھی' غصہ تھا' غم تھا' نفرت تھی اور وہ مسلسل اسی غصے غم اور نفرت میں تڑپ رہی تھی۔ حالات بتارہے تھے کہ اگر اس عورت کو کچھ دے دیا جائے تب بھی یہ راضی نہیں ہوگی۔ اسے صرف جادوگر چاہیے اس کے جسم کے ٹکڑے چاہئیں اس کا غم درد اور نفرت بتارہی تھی کہ اگر اس جادوگر کا کلیجہ بھی اس کو دے دیا جائے اس کو چبا کر پیس کر رکھ دے۔ **عزت' سکون ختم:** وہ عورت مزید کہنے لگی بادشاہ سلامت میرے گھر میں رزق لٹ چکا ہے' بیماریوں نے ڈیرے ڈال دیئے ہیں' حسرتیں بڑھ گئی ہیں' تنہائیوں کے پہاڑ بہت اونچے ہوگئے ہیں' میرے تین بیٹے برسرروزگار تھے' دو بیٹے پڑھ رہے تھے تینوں کا روزگار کیسے ختم ہوا' کس طرح ختم ہوا تینوں لٹ گئے' برباد ہوگئے اور تینوں ویران ہوگئے' تینوں تنہائیوں میں چلے گئے اور وہ تینوں زندگی کے دن رات کھو بیٹھے۔ میں بہت پریشان ہوں میرے گھر کا رزق گیا' میرے گھر کی عزتیں گئیں میرے گھر کا سکون گیا میری زندگی کا چین گیا میں معاشرے سے کٹ گئی۔ **کعبہ شریف کے اندر چالیس دن کا چلہ:** جنات کی بستیوں کی بستیاں مجھ سے دور ہوگئیں خود میرے ماں باپ مجھ سے نفرت کرنے لگے' وہ سمجھتے ہیں کہ شاید اس نے اپنی بیٹیوں کی نگرانی نہیں کی اور اس کی بیٹیاں بدچلن ہوگئیں اور گھر کی دہلیز سے قدم باہر نکال بیٹھیں۔ میں کیا کروں؟ مجھے انصاف چاہیے' وہ جننی مزید کہنے لگی: میں نے اس کے جادو کے توڑ کیے' بہت بڑے بڑے خود کالے جادو کے عاملوں کے پاس گئی' وہ انسان بھی تھے اور جنات بھی تھے' جنات زیادہ تھے ایک جن نے مجھے جو کہ خود بہت بڑا عالم ہے ایک بات کہی کہ اس کا جادو اس کا عمل کوئی نہیں توڑ سکتا ہاں ایک شخص وہ توڑ سکتا ہے جس نے کعبہ کے اندر بیٹھ کر چالیس دن عبادت کی اور یہ کیسے ممکن ہے کہ کعبہ کا دروازہ تو بہت مدت کے بعد کھلتا ہے اور چالیس دن عبادت کرنے والا اس دنیا میں کیسے ملے گا۔ بس مجھے اس جادوگر نے یہی بات کہی ورنہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ جو جادوگر اس جادو پر ہاتھ ڈالتا اس کا خود نظام خراب ہونا شروع ہوجاتا' اس کے معاملات خود بخود بگڑنا شروع ہوجاتے۔ اس کی زندگی میں ویرانی' پریشانی' بیماریاں آجاتیں' وہ خود دکھ اور درد کا مجموعہ بن جاتا۔ **تباہ کن نظام:** وہ تھوڑی پریشانی سے بڑی پریشانی کی طرف بڑھتا چلا جاتا' وہ دکھوں سے مزید دکھوں کی طرف اڈتا چلا جاتا' ہر وقت اس کا نظام تباہ کن ہوتا جاتا' وہ پریشان اور ہر وقت مایوس رہنا شروع ہوجاتا۔ حتیٰ کہ وہ عامل میرا علاج چھوڑ دیتا اور اپنی میں پڑجاتا' نامعلوم اس کالے جادوگر کو کیسے پتہ چل جاتا کہ ہم نے اپنا علاج شروع کردیا ہے یا کسی عامل کے پاس جانا شروع ہوگئے ہیں۔ **یمنی نیک عامل:** تھوڑا عرصہ پہلے کی بات ہے کہ ایک مسلمان نیک عامل کے پاس میں یمن میں گئی' وہ ایک مسجد کے کونے کے ساتھ ایک کمرے میں بیٹھے اللہ اللہ کرتے جاتے' صرف روزانہ عصر سے مغرب لوگوں سے ملاقات کرتے ہیں' میں لمبا سفر کرکے ان کے پاس پہنچی' میں نے جاکر انہیں سارا حال سنایا' میرا حال سنتا تھا کہ وہ رونے لگے ان کے آنسو نہیں تھمتے تھے۔ فرمانے لگے مجھے پینسٹھ سال سے زیادہ عرصہ ہوگیا میں لوگوں کے دکھ درد اور پریشانیوں میں ان کا ساتھ دے رہا' اللہ ان کی پریشانیاں حل کردیتا' میں نے غم کی بہت کہانیاں اور درد کے بہت واقعات سنے لیکن کوئی ایک شخص بھی ایسا نہیں ملا جو اس دکھ سے زیادہ دکھی' اس غم سے زیادہ غمزدہ ہو اور اس تکلیف سے زیادہ پریشان کوئی ایک بھی نہیں ملا جس کا غم اتنا بڑا غم ہو اور جس کا دکھ اتنا بڑا دکھ ہو اور جس کی تکلیف اتنی بڑی تکلیف ہو۔ **گندگی اور پیشاب میں لتھڑا جن:** انہوں نے اپنے روحانی استخارے میں جب معلوم کیا وہ ہاتھ روک کر بیٹھ گئے کہنے لگے بیٹا یہ گندگی اور پیشاب کا لتھڑا ہوا ایک جن ہے جس پر ہاتھ ڈالنے سے میں خود گریز کررہا ہوں کہ یہ اتنا بڑا شیطان ہے کہ میری روحانیت اور عبادات پر رکاوٹیں ڈالے گا اور مجھے تکلیف دینے میں یہ گریز نہیں کرے گا اور میرے غم بڑھادے گا' لہٰذا میں کبھی بھی یہ نہیں کروں گا۔ میں آپ سے معذرت چاہتا ہے' وہ بار بار مجھ سے معافی مانگ رہے تھے کہ میں کسی بھی شکل میں اگر مجھ سے کچھ ہوسکتا تو ضرور میں آپ کا ساتھ دیتا لیکن میں معذور ہوں یا مجبور' بس مجھے معاف کردیں۔ **بس مجھے میری بیٹیاں چاہئیں:** وہ بوڑھی عورت اپنے غم بتارہی تھی اور کہہ رہی تھی بس مجھے میری بیٹیاں چاہیے اس کے بعد اس ظالم کو قتل کردیا جائے' آپ جلاد کو حکم دیں وہ ابھی ٹھہر جائے ابھی تو اور لوگوں نے اپنے واقعات غم کی کہانیاں اور مشکلات کی داستانیں سنانی ہیں' کیا دنیا میں کوئی ایسا شخص نہیں جس نے کعبہ کے اندر چالیس دن عبادت کی' کیا دنیا میں کوئی ایسا فرد نہیں جو اس ظالم کا کوئی توڑ کرسکے' وہ رو رہی تھی' سسک رہی تھی اور سسکتے سسکتے وہ نیچے گر گئی' لوگوں نے اس کو اٹھایا لیکن پتہ چلا وہ تو فوت ہوگئی ہے' وہ مرگئی ہے اور بیٹیوں کا غم سینے میں لیے خود اس دنیا سے رخصت ہوگئی ہے تو پورے مجمع میں کہرام مچا' بادشاہ کھڑا ہوگیا خود موقع پر پہنچا بادشاہ نے اسے دیکھا وہ خاتون دم چھوڑ چکی تھی حیرت انگیز بات یہ ہے کہ اس کا نقاب اترا نہیں تھا اس کے جسم پر چادر ڈالدی گئی اس کے بیٹے فوراً اس کو اٹھا کر لے گئے' پورے مجمع نے پہلی مرتبہ بادشاہ کو تڑپ کر روتے دیکھا۔ **دل کے دورے میں مبتلا:** میرا خیال ہے اگر یہ غم آج کے کمزور دل ڈیپریشن اور ٹینشن اور مارے ہوئے انسانوں کو سنائے جاتے اور وہاں شاہ جنات کی نگرانی روحانی حصار اور کڑا نہ ہوتا تو کئی لوگ دل کے دورے میں مبتلا ہوجاتے اور انہیں ہارٹ اٹیک ہوجاتا۔ جتنا غم' جتنی تڑپ' جتنی آہ وفغاں اور جتنا زاروقطار رونا' آنسوؤں کا سمندر' ہچکیوں کا سیلاب اور دردوں کا پہاڑ اس وقت موجود تھا شاید ہی کوئی درد بھرا انسان اس کو سنبھال سکتا۔ **شہنشاہ جنات کی دبنگ آواز:** ہر شخص فکرمند تھا اور پریشان تھا اے کاش! اس کا درد سنا جاتا اور اس کا غم بھی بیان ہوتا' اس کی بھی پتا سنتا شاید اس کی دردوں کا مرہم ہوجاتا' ہر شخص اپنی چیخ وپکار میں تھا اپنی فریاد میں تھا' شور بڑھ گیا' ہنگامہ بڑھ گیا کہ

اسی دوران میں جنات کے شہنشاہ نے اپنی گرجدار اور دبنگ آواز میں سب کو خاموش کرایا' آواز ہی کیا تھی اور اس میں طاقت ہی کیا تھی کہ ایک پل میں خاموشی اور سناٹا چھا گیا۔ خاموشی کے بعد شاہ جنات نے کچھ الفاظ کہے جن الفاظ کو شاید کوئی اگر درد بھرا انسان سنتا یا بیہوش ہوجاتا یا مرجاتا کیونکہ ان لفظوں میں درد سوز اور گداز اتنا تھا کہ میں خود بیٹھا زاروقطار رورہا تھا اور میں خود بیٹھا اس درد کو محسوس کررہا تھا کہ یہ درد کیسا ہے؟ یہ سوز کیسا ہے؟ یہ آوازیں کیسی ہیں؟ بادشاہ نے جو تقریر کی وہ قارئین غور سے پڑھیں اور توجہ سے سنیں: **شاہ جنات کی تقریر:** شاہ جنات مخاطب ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! تم جانتے ہو مجھ سے پہلے میرا والد اس تخت پر تھا اور میرے والد نے سات سو چوہتر سال حکومت کی ہے' میں اپنے والد کا وارث ہوں' اور اس وقت اپنے تخت پر بیٹھے مجھے دو سو تیرہ سال ہوگئے ہیں تم جانتے ہو میں نے کبھی خیانت نہیں کی' بددیانتی نہیں کی' کسی کو درد نہیں دیا' کسی کو دکھ نہیں دیا۔ **جواہرات سے بھرے سات خچر:** تمہارے سامنے اس وقت وہ لوگ بھی موجود ہیں جنہوں نے میرے دادا اور پڑدادا کو بھی دیکھا ہے' وہ جانتے ہیں کہ میرے دادا کے ساتھ ایک واقعہ ہوا تھا ایک انسان سات خچر جواہرات کے بھرے جارہا تھا ایک جن انسانی شکل میں ڈاکو بن کر اس کو لوٹنے لگا' یہ قدرت کا راز ہے کہ اچانک میرے دادا یہ سارا منظر دیکھ رہے تھے کہ وہ قدرتی ان راہوں سے اپنے شاہی قافلے کی شکل میں گزر رہے تھے' انہوں نے اس انسان کی بے بسی دیکھی جس کو تہہ زمین سے یہ خزانہ ملا تھا وہ پرانے شاہی کھنڈرات سے یہ خزانہ بھر کر لا رہا تھا' اس نے ایسا کیا کہ نیچے سونے جواہرات کی تہہ لگائی اور اوپر اس نے کوئلے بچھادیئے تھے تاکہ ہر شخص یہ سمجھے کہ یہ کوئلہ بھر کرلے جارہا ہے لیکن چونکہ جنات یہ حس رکھتے ہیں اور یہ طاقت اور قوت رکھتے ہیں اس لیے اس جن نے انسانی شکل میں آکر خنجر سے اس کو قتل کرنا چاہا اور اس سے یہ مال لوٹنا چاہا حالانکہ مال اس کا حق تھا کوئی بھی خزانہ زمین سے اس وقت تک برآمد نہیں ہوتا جب تک کہ اللہ کے امر اور حکم سے اس کے اوپر سے جنات کی لگی ہوئی ڈیوٹی ہٹانہ دی جائے اور جنات جو اس پر مسلط ہوتے ہیں وہ وہاں سے فارغ نہ کردیئے جائیں۔ **حفاظت کا نظام:** لوگو! آپ جانتے ہو کہ جنات کو اللہ نے طاقتیں اور قوتیں دی ہیں پھر ان کی حفاظت کا نظام رکھا گیا ہے جس وقت میرا اللہ چاہتا ہے ہوجاتا ہے اور ان کی ڈیوٹی لگ جاتی ہے اور جس وقت میرا رب نہیں چاہتا تو ان کی ڈیوٹی ختم ہوجاتی ہے لوگو! میرے دادا نے بھی انسانی شکل اختیار کی اور ایک خچر پر بیٹھ کر تلوار لہراتے ہوئے وہاں نمودار ہوئے جب اس ڈاکو جن نے یہ منظر دیکھا تو وہ پہچان نہ سکا کہ یہ کوئی انسان ہے یا جن۔ **انسانی اور جناتی وار:** اس نے تو پہلے اس پر وار کیے انسانوں والے لیکن انسانوں والے تمام وار میرے دادا ایسے سہہ گئے جیسے کہ پتھر پر پانی گرتا ہے اور پتھر کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا بلکہ پتھر ڈھل جاتا ہے بس یہی نظام وہاں تھا اس کے بعد وہ ڈاکو جن اپنے ڈاکے کو بچانے کیلئے جناتی داؤ پر آ گیا اس کو یہ خبر ہی نہیں تھی کہ میرے سامنے خود میرا بادشاہ ہے' شہنشاہ ہے اور جدی پشتی گزشتہ انیس نسلوں سے جنات کا بادشاہ ہے۔ **خطرناک جناتی لڑائی:** جب وہ اپنے جناتی داؤ پر آیا اور جناتی داؤ اس کو بہت آتے تھے میرے دادا نے مجھے یہ بات خود بتائی تھی کہ مجھے بعد میں احساس ہوا کہ وہ ڈاکو جن دراصل جادوگر بھی تھا شہنشاہ جنات تمام مجمع سے بات کررہے تھے اور مجمع سناٹے میں یہ ساری باتیں بہت زیادہ توجہ سے سن رہا تھا اور سناٹا کچھ ایسا تھا کہ جیسے چیونٹی کے چلنے کی آواز بھی نہیں آرہی تھی۔ **جادوگر جن کا جادوئی وار:** شہنشاہ اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے بولا کہ لوگو! میرے دادا نے اس جادوگر جن کا جادوئی وار نہ صرف برداشت کیا بلکہ اسے کلام الٰہی کے ایک خاص لفظ سے جو کہ میرے دادا کے دادا نے انہیں سکھائے تھے اس وار کو خطا کیا اور راکھ بنا دیا۔ جادوگر جن حیران کہ کیسے ممکن ہوا؟ اور یہ کیسے حیرت انگیز طور پر میرا وار خطا گیا۔ وہ ایک نیا وار لایا اور اس نے نئے وار سے ایک بہت بڑا آگ کا شعلہ پھینکا اس آگ کے شعلے سے اتنی طاقت اور آگ نکلی اور اس کی اتنی طاقتور چنگاریاں تھیں شاید آج کی ایٹمی آگ بھی اس کا مقابلہ نہ کرسکے وہ ایک میل لمبی اور تین میل کشادہ بہت بڑی آگ تھی' اس کا نقصان یہ ہوا کہ قریب کے جتنے درخت' سبزہ اور شاخیں پتے سب جل گئے اگر وہاں قریب کی آبادی ہوتی تو وہ راکھ اور خاک ہوجاتی لیکن یہ سب وار بھی میرے دادا کی ایک پھونک سے خالی گئے یعنی جب انہوں نے پھونک ماری تو ان کی پھونک سے ٹھنڈی بھاپ نکلی اور اس ٹھنڈی بھاپ نے اس سارے کے سارے جادو کو ایک پل میں ختم کردیا اور وہ آگ بادل بن گئے اور بادل بن کر ساتھ ہی ایک بہت بڑا گڑھا تھا اس پر برسی اور وہ صدیوں پرانا پڑا ایک گہرا گڑھا جھیل بن گیا اور یہ جھیل آناً فاناً ایسی بنی کہ گمان ہی نہیں تھا کہ یہاں آج تک پانی تھا۔ **پتھروں کی بارش:** جب اس جادوگر جن نے اپنا یہ وار بھی مایوس کن حد تک خطا دیکھا تو اس نے اپنا ایک اور طاقتور وار کیا اس نے اپنے طاقتور وار سے یکایک پہاڑوں کے پتھر منگوائے یہ پتھر نہیں تھے بلکہ بڑی بڑی چٹانیں اور ان میں کوئی پتھر بھی ایسا نہیں تھا کہ جو دس بیس من سے کم ہو اور وہ پتھروں کی پوری بارش تھی اور وہ بارش ایسی تھی کہ جو اگر کسی انسان کو ہلکا سا چھو بھی جاتی تو اس کا قیمہ بن جاتا بلکہ وہ راکھ ہوجاتا۔ **سچائیوں اور صداقتوں کے رہبر:** لوگو! شہنشاہ جنات نے تمام مجمع کو متوجہ کرتے ہوئے کہا یہ واقعہ جو میں اپنے دادا کا سنا رہا ہوں آج بھی اس کے گواہ موجود ہیں ہمارا خاندان سچائیوں اور صداقتوں کا ہمیشہ رہبر اور رہنما رہا ہے' ہمارا خاندان دیانتوں اور صداقتوں کا ہمیشہ پیروکار رہا ہے ہمارا خاندان مخلوق خدا کی راحتوں اور خوشیوں کو بانٹتا رہا ہے میرے دادا پڑدادا اور میرے بڑے آج تک لٹیرے نہیں رہے بلکہ رہبر رہے ہیں' چور نہیں رہے بلکہ دوست اور محافظ رہے ہیں۔ لوگو! جب اس جادوگر جن نے پتھروں کا وار کیا تو میرے دادا نے اچانک علم الٰہی اور کلام الٰہی سے اس کا رد کیا اس کا رد ایسے کیا کہ انہوں نے ایک تیز ہوا چلائی اور تیز ہوا ایسی طاقتور تھی جنہوں نے پتھروں کے رخ موڑ دیئے اور بڑے بڑے پتھروں کو چھوٹے پتھروں میں اور چھوٹے پتھروں کو کنکروں میں اور کنکروں کو ریزوں میں اور ریزوں کو ذروں میں تقسیم کردیا اور وہ تقسیم ایسے ہوئی کہ پتھروں کا آیا ہوا تمام طوفان ایک پل میں ہواؤں میں تحلیل ہوگیا اور جہاں سے پتھر آئے تھے واپس اسی طرف پلٹ گئے۔ **میں ایک چوکیدار ہوں!** جب جادوگر جن اپنے تین خطرناک ترین وار کرچکا تو ایک پل کیلئے ٹھٹک گیا اپنی پھٹی پھٹی آنکھوں سے وہ یہ سارا منظر دیکھنے لگا اور بولا: تو کون ہے؟ اس کے لہجے میں بے ادبی گستاخی اور بغاوت تھی (جاری ہے)

**موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ**

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج ذیل نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ **0343-8710009**

مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

**حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل**

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 56 پر دیا گیا کوپن پر کرکے بھجوا دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

**اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔**

سانس کی گھٹن دور: دمہ کے اکثر مریضوں کو بلغم کی زیادتی کی وجہ سے سانس کی تنگی کی تکلیف ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں ابلتے ہوئے پانی میں ایک چمچ شہد ملا کر پینا انتہائی مفید ہے۔ بلغم دور ہوتی ہے مریض کو سکون ملتا ہے۔

## فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت کیسے ملی؟

# آفس بوائے کروڑپتی اور بزنس مین کیسے بنا؟

انوکھی سچی داستان

بلال چوہدری شالیمار لاہور

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں' ان کی مشکلات 'فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں جتلا' دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنایا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ جولائی 2012ء سے مسلسل پڑھ رہا ہوں اس میں موجود تمام مضامین بہت ہی کمال کے ہوتے ہیں' رسالے میں لکھا ایک ایک لفظ ہمارے لیے نئی نئی راہیں کھول دیتا ہے۔ عبقری رسالے میں کچھ چند ماہ سے ایک مضمون "فاقے ختم' عزت' برکت اور دولت کیسے ملی؟" کے نام سے چھپ رہا ہے' لوگوں کی داستانیں پڑھیں تو مجھے نظروں میں ایک شخص گھومنے لگا اور دل سے ایک آہ کے ساتھ یہ الفاظ نکلے واقعی اس میگزین میں لکھا ایک ایک لفظ سچ ہے' واقعی کسی وظیفے یا انسان کے کسی نیک کام کے وسیلے سے اللہ انسان کے فاقے ختم کر دیتا ہے اور اسے عزت' برکت اور سکون سے نواز دیتا ہے۔ آج میں بھی اسی طرح کی ایک تحریر ماہنامہ عبقری کیلئے لکھنے بیٹھا ہوں اور زندگی میں پہلی مرتبہ کسی میگزین کیلئے لکھ رہا ہوں۔

واقعہ کچھ یوں ہے کہ میں لاہور کا رہائشی ہوں اور میرے گھر کے قریب ہی ایک بہت بڑی آٹو مارکیٹ ہے جہاں سے پورے پاکستان میں آٹو سپلائی ہوتے ہیں اور وہاں ہر وقت گہما گہمی رہتی ہے۔ میرے وہاں چند دوست ہیں جن کے اپنے شوروم ہیں۔ ایک دن میں اپنے دوست کے پاس بیٹھا گپ شپ لگا رہا تھا کہ بڑی سی گاڑی میں ایک شخص آیا سب سے بڑے اخلاق سے ملا' چند کاروباری باتیں کیں ہنستا ہنساتا سب سے گلے مل کر واپس گاڑی کی طرف چلا' ڈرائیور نے دروازہ کھولا' وہ صاحب گاڑی میں بیٹھے اور یہ گئے وہ گئے۔ میں بڑی حیرانی سے اسے دیکھتا رہا' جب وہ چلا گیا تو میں نے اپنے دوست سے پوچھا یار یہ کون تھا؟ اس نے میری طرف دیکھا اور مسکراتے ہوئے بولا یہ فلاں شوروم کے مالک ہیں (اس شخص اور شوروم کا نام لکھنا مناسب نہیں سمجھتا)۔ بہت نیک اور اچھے انسان ہیں۔ پھر میرے پوچھے بغیر ہی ان کے بارے میں جو ان کی معلومات تھیں وہ بتانا شروع ہوئے۔ کہنے لگے:۔

یہ شخص فلاں شوروم پر آفس بوائے کے طور پر معمولی تنخواہ پر کام کرتا تھا' سارا دن صفائی ستھرائی' چائے' کھانا لانا' جب کوئی گاڑی بک جاتی تو اس کو بھی معمولی کمیشن (مٹھائی کے نام پر) مل جاتا تھا۔ یہ انتہائی ایماندار تھا کبھی بھی اس نے شوروم سے کوئی چیز نہ چرائی نہ کسی کام میں بے ایمانی کی۔ اس کے مالک اس پر اندھا اعتبار کرتے اور اس نے کبھی بھی ان کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچائی تھی۔ اس کے مالک پورا ہفتہ شوروم کھولتے تھے یعنی بروز اتوار بھی چھٹی نہ کرتے مگر یہ جمعۃ المبارک کو لازمی چھٹی کرتا۔ اب میں آپ کو اس کا وہ عمل بتاتا ہوں کہ جس کے کرنے سے اس شخص کو آج یہ مرتبہ' عزت' دولت اور سکون ملا ہے۔ اس شخص کی بچپن سے عادت ہے کہ یہ جمعۃ المبارک کو صبح نماز فجر کی ادائیگی کے بعد علاقہ کی تمام مساجد کو دھوتا ہے۔ مساجد کے ساتھ بنے ہوئے باتھ رومز کو دھوتا ہے۔ یعنی پہلے ایک مسجد میں جاتا ہے' صفیں وغیرہ اکٹھی کر کے پانی سے اچھی طرح دھو کر وائپر لگا کر صفیں دوبارہ بچھا کر' پھر دوسری میں جاتا ہے اسی طرح پھر تیسری میں' جب تک جمعۃ المبارک کا وقت نہ ہو جائے یہ مساجد کو دھوتا ہے۔ بقول اسی شخص کے اس کے اس عمل کرنے اللہ نے اس کے دن رات پھیر دیئے' اس کے رزق میں اتنی برکت اور اضافہ ہوا کہ آج یہ اپنے شوروم کا مالک ہے' اپنا بڑا سا گھر ہے' بچے اچھے سکولوں میں پڑھ رہے ہیں' بہت زیادہ خوشحال اور پرسکون ہے۔ میں اپنے دوست کی یہ باتیں سن کر اش اش کر اٹھا اور میرے دل میں خدا کے گھر کی عظمت مزید بڑھ گئی۔

ابھی میں اس شخص کے بارے میں سوچ ہی رہا تھا کہ میرا دوست مزید بولا کہ جناب آپ کو ایک اور حیرت کی بات بتاتا ہوں یہ آج بھی جمعۃ المبارک کو اپنا شوروم بند رکھتے ہیں اور صبح فجر کے بعد مساجد اور ان کے ساتھ بنے باتھ رومز کی جم کر صفائی کرتا ہے۔ مساجد کا خوب خیال رکھتا ہے' کوئی چیز ٹوٹی ہو' خراب ہو' فوراً لا کر نئی لگواتا ہے یا مرمت کرواتا ہے۔

مجھے اپنے دوست کی باتیں سن کر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے وہ دروس یاد آگئے جن میں آپ نے مساجد کی خدمت کرنے والوں کے حالات بیان فرمائے کہ کیسے مسجد کی خدمت سے لوگوں کے دکھ درد دور ہو گئے اور آج میں یہ تمام چیزیں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں۔ سبحان اللہ!

**اگلے مہینے "فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت کیسے ملی؟" کے حوالے سے ایک نیا سچا واقعہ اور ایک نیا آزمودہ عمل پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!**

# بیٹا! یہ حرام کا کمال ہے

عدیل احمد۔ لاہور

جب میں اپنے شیخ کے ساتھ تھا تو انہوں نے مجھے مزدوری پر لگا دیا، میں بحری جہازوں میں لوڈنگ ان لوڈنگ کرتا تھا، میں سارے دن کی محنت کے بعد جتنے پیسے کماتا تھا، میرا استاد ان میں سے دو وقت کے کھانے کی رقم رکھ کر میری باقی کی کمائی خیرات کر دیتے تھے، میں نے ایک دن ان سے اس حکمت کی وجہ پوچھی، وہ مسکرا کر بولے، تم گیارہ مہینے یہ کام کرو میں تمہیں اس کے بعد اس کا جواب دوں گا۔ میں گیارہ مہینے لوڈنگ کا کام کرتا رہا، میرا گیارہ ماہ کا وظیفہ مکمل ہوا تو میں اپنے شیخ کے پاس واپس گیا، تو میرے شیخ نے مجھ سے کہا آج مزدوری کیلئے جاؤ کام شروع ہو جائے تو جھوٹ موٹ کے بیمار ہو جانا، سارا دن کام کو ہاتھ نہ لگانا، شام کو اپنا معاوضہ لینا اور واپس آ جانا۔ میں نے شیخ کے حکم پر عمل کیا، میں سارا دن پیٹ درد کا بہانہ بنا کر جہاز پر لیٹا رہا، شام کو معاوضہ لیا اور شیخ کے پاس آ گیا، شیخ نے فرمایا، اب تم دو وقت کھانے کے پیسے رکھ کر باقی رقم خیرات کر دو، آپ یقین کریں گیارہ ماہ میں وہ پہلا دن تھا جب میرا دل خیرات کو نہیں چاہ رہا تھا، میں نے اُس رات خوب سیر ہو کر کھانا لیکن میری بھوک ختم نہیں ہوئی، میں نے اُس رات پہلی بار اپنے کمرے کی کنڈی لگائی، میں گھوڑے بیچ کے سویا مگر میری نیند پوری نہیں ہوئی، مجھے اگلے دن اپنے جسم سے بُو آئی اور مجھے پہلی بار اپنے کپڑوں پر پرفیوم لگانا پڑی اور مجھے پہلی بار نماز میں لذت محسوس نہ ہوئی، مجھے عبادت میں سُرور نہ آیا، دل بہت بے چین رہا، ایسے جیسے میرا دل کہیں قید ہو گیا ہو، میں نے بہت سوچا پر کچھ سمجھ نہ آیا، اگلے دن میں نے شیخ کو اپنی ساری کیفیات بتائیں، وہ مسکرائے اور بولے بیٹا یہ حرام کا کمال ہے۔ حرام آپ کی زندگی کی تمام نعمتوں کو دیمک لگا دیتا ہے۔ آپ انسان سے جانور بن جاتے ہیں، میرے شیخ نے بتایا، عبداللہ حرام ہمیشہ آپ کی بھوک بڑھا دیتا ہے، یہ آپ کی نیند میں اضافہ کرتا ہے، یہ آپ کے جسم میں بُو پیدا کرتا ہے، یہ آپ کا دل تنگ کر دیتا ہے، یہ آپ کی سوچ کو چھوٹا کر دیتا ہے، یہ آپ کی نیند کو پھیلا دیتا ہے اور یہ آپ کی روح کا سکون کھینچ لیتا ہے۔ میرے شیخ نے مجھے فرمایا،

آپ کو ایک دن کا حرام چالیس دنوں تک ستائے گا، آپ ان چالیس دنوں میں جھوٹ کی طرف بھی مائل ہوں گے، آپ غیبت بھی کریں گے، آپ کے دل میں لالچ بھی آئے گا، آپ دوسرں کو دھوکا بھی دیں گے اور آپ کے دل کے اندر امیر بننے کی خواہش بھی پیدا ہوگی، آپ کا نماز پڑھنے کو بھی دل بھی نہیں کرے گا، (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

دعائیں قبول کروانے کا نسخہ آگیا: جو شخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو یا پچاس بار (جتنی سہولت ہو) اسم الٰہی یَاسَمِیْعُ پڑھے گا ان شاء اللہ اس کی دعائیں قبول ہوں گی۔

# صحت کو پکڑنا اور بیماریوں سے بچنا ہے تو پھر بھاگیئے!!!

(مرسلہ: طارق، کراچی)

یہاں اس غلط فہمی کا ازالہ ضروری ہے کہ صحیح دوڑ اور کھلاڑیوں کی ریس میں بڑا فرق ہے۔ صحیح دوڑ وہ ہوتی ہے جس میں آپ سو گز دوڑنے کے بعد پھر سو گز پیدل چلتے ہیں، اسی طرح باری باری دوڑ کر اور چل کر اسے مکمل کرتے ہیں۔ یہ دوڑ آہستہ آہستہ ہوتی ہے۔

بیسویں صدی میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی برکات مثلاً موٹر گاڑیوں، میکانکی اور برقی مشینوں اور آلات کے روز افزوں استعمال نے طرز حیات کو سراسر بدل دیا ہے۔ صنعتوں کی وجہ سے کام ایک ہی جگہ پر کھڑے کھڑے یا بیٹھے بیٹھے ہوتا رہتا ہے۔ جسمانی حرکت بہت کم ہوگئی ہے۔ متمول اور خوش حال طبقہ جس آرام کوشی کی زندگی بسر کرتا ہے اس کا تو ذکر ہی کیا، مزدور اور غریب آدمی بھی ایک اسٹاپ سے دوسرے اسٹاپ تک پیدل چلنے کی زحمت گوارا نہیں کرتا۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ جسم بے ڈول ہوتے جارہے ہیں۔ قلب کے امراض کی تعداد بڑھتی جارہی ہے۔ ہضم بگڑ گئے ہیں، سینے کم زور ہو گئے ہیں راتوں کی نیندیں اڑ گئی ہیں۔ جسے دیکھو اسپرین، نوولجین اور ویلیم گولیاں کھا رہا ہے۔ ان سب باتوں کا اگر کوئی ایک سبب ہوسکتا ہے تو وہ جسم کی بے حرکت ہے اور جسم کی بے حرکت کا سبب علم صحت سے ناواقفیت یا اس کی ناقدر شناسی ہے۔ لوگ ٹی وی اور فلم کے ڈائیلاگ پر کان دھرتے ہیں اور انھیں دل میں جگہ دیتے ہیں لیکن اگر معالج ان کی زندگی کی سب سے قیمتی شے صحت کے بارے میں مشورہ دیتا ہے۔ تو اس میں دِل چسپی نہیں لی جاتی۔ اگر کسی کو ورزش کی قدر و قیمت کا صحیح احساس ہوجائے تو وہ اسے عبادت کی طرح فرض جاننے لگے گا۔ ورزش ہی ایک ایسی چیز ہے جس سے جسم کے پٹھے ٹھیک کام کرتے ہیں۔ ورزش کی وجہ سے آپ کی انگلیوں کی پوروں تک دوران خون میں باقاعدگی پیدا ہوتی ہے، پھیپھڑوں کو تقویت حاصل ہوتی ہے، نظام ہضم باقاعدہ اور مؤثر ہوجاتا ہے اور ان سب چیزوں کا مجموعی اثر آپ کے ذہن اور آپ کی شخصیت پر پڑتا ہے۔

**دوڑ آسان ترین اور بلاخرچ ورزش:** ورزش کی کئی اقسام ہیں۔ کھیل مثلاً ہاکی، فٹ بال وغیرہ کشتی، تیراکی، ٹینس، اسکواش، لیکن ان کے لیے شوق، وقت اور پیسے کی بھی ضرورت ہوتی ہے، اور ان کے اور بھی کئی لوازم ہیں۔ سب سے آسان، سب سے کم قیمت اور سب سے کم وقت کی ورزش دنیا میں اگر کوئی ہے تو وہ دوڑ ہے۔ کوئی رُت ہو، کوئی موسم ہو، کوئی عمر ہو، آپ پارک میں، اسکول کے میدان میں، سڑک پر اور اگر یہ بھی نہیں تو گھر کے صحن ہی میں دوڑ لگا سکتے ہیں۔ یورپ اور امریکا میں جن لوگوں کو اس کی قدر معلوم ہوتی ہے وہ صبح یا شام جماعتوں اور گروہوں میں پارکوں، میدانوں اور خالی سڑکوں پر دوڑتے نظر آتے ہیں۔

**معقول پروگرام کی ضرورت ہے:** انسان کی زندگی معین ہے اور اس کا انحصار بلکہ اس کی تمام تر مسرتوں اور کامیابیوں کا انحصار صحت پر ہے۔ اپنی صحت کو بلایئے پھسلایئے نہیں۔ اس سے خلوص کا معاملہ کیجیے۔ پہلے آپ ایک معقول پروگرام بنا لیجیے۔ معقول اِس لیے کہ آپ اپنے وقت 'فرصت' عمر وغیرہ کے مسائل پر غور کرکے ایک قابل عمل منصوبہ بنایئے۔ یہ کام دن دو دن کا نہیں عمر بھر کا ہے۔ اگر قلب علیل ہو تو مہینہ بھر میں ہمیشہ کے لیے تن درست نہیں ہوسکتا۔ اگر سینہ کم زور ہے تو چند دِن کی دوڑ سے پھیپھڑوں کی کایا نہیں پلٹ سکتی، اسے باقاعدگی سے کرنا پڑے گا۔ مگر اس میں ایسی سخت پابندیاں نہیں۔ آپ چاہیں تو روزانہ کے بجائے ہر دوسرے دن دوڑ لگا سکتے ہیں۔ صبح اور شام بجائے صرف صبح یا شام کو دوڑ سکتے ہیں۔ گھنٹے کے بجائے آدھ گھنٹا خرچ کرسکتے ہیں۔

**فاصلہ کم کیجیے:** اگر آپ کا قلب کم زور ہے، سینے کی شکایات رہتی ہیں، ٹانگوں یا پاؤں میں کبھی کوئی تکلیف رہی ہے تو پہلے اپنے معالج سے مشورہ کرلیجیے۔ آپ کو یہ بتائیں گے کہ کتنی تکان آپ ابتدا میں برداشت کرسکیں گے۔ ٹانگوں یا پاؤں یا ٹخنے کی تکالیف میں بھی آپ کو دوڑ سے قبل کی ورزش تجویز کریں گے۔ یہ احتیاط اس معقول پروگرام کا لازمی حصہ ہے جس کا ذِکر کیا جاچکا ہے۔

**صحیح دوڑ ہوتی کیا ہے؟:** یہاں اس غلط فہمی کا ازالہ ضروری ہے کہ صحیح دوڑ اور کھلاڑیوں کی ریس میں بڑا فرق ہے۔ صحیح دوڑ وہ ہوتی ہے جس میں آپ سو گز دوڑنے کے بعد پھر سو گز پیدل چلتے ہیں، اسی طرح باری باری دوڑ کر اور چل کر اسے مکمل کرتے ہیں۔ یہ دوڑ آہستہ آہستہ ہوتی ہے۔

**ایک ماہر معالج کے مشورے:** اگرچہ بہ ظاہر یہ سادہ اور آسان کام ہے۔ لیکن مشورہ اس میں بھی مفید ثابت ہوگا۔ اب ہم آپ کو نیویارک ہاسپٹل کے ڈاکٹر رابرٹ اسرائیل ایم۔ ڈی کے مشوروں سے متعارف کراتے ہیں۔ ڈاکٹر موصوف کھلاڑیوں کے معالج ہیں اور خود بھی صبح کی دوڑ کے عادی ہیں۔ ڈاکٹر اسرائیل نے صحیح دوڑ کے لیے چند باتوں پر زور دیا ہے وہ ہیں: مناسب جوتوں کی فراہمی، بدن گرمانے کی ورزشیں، دوڑ کا خوب صورت اسٹائل، اور دوڑ میں تدریج کا اصول۔

**جوتوں کے معاملے میں فیاضی سے کام لیجئے:** دوڑ میں واحد سامان جس کی آپ کو ضرورت ہوگی جوتے ہیں۔ اگر جوتے پاؤں کے عین مطابق اور آرام دہ ہوں تو دوڑ بے ضرر اور صحت بخش ہوگی۔ نصف گھنٹے میں آپ کا پاؤں تقریباً 3 ہزار مرتبہ زمین پر لگے گا۔ آرام دہ جوتا ہر بار پاؤں کی زمین پر ضرب کو جذب کرے گا۔ تنگ جوتا یا بہت ہی فِٹ جوتا ٹھیک نہیں رہتا کیوں کہ پاؤں گرم ہوکر کسی قدر پھیل جاتے ہیں اور پھر وہ جوتا جو بہت ہی فٹ ہو پاؤں میں آبلے پیدا کرسکتا ہے۔ اگر کبھی آبلے آ بھی جائیں تو نائیلون کے موزے بدل کر سُوتی یا اُونی موزے استعمال کیجئے۔

**بدن گرمانے کی ورزشیں:** ڈاکٹر اسرائیل دوڑ سے پہلے چند منٹ کی بدن کو گرمانے کی ورزشوں کو ضروری سمجھتے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ کھلاڑی میدان میں آتے ہی طرح طرح کی ورزشی حرکات سے پہلے اپنے بدن کو گرم کرتے ہیں۔ طبی لحاظ سے اس کا مقصد ہوتا ہے کہ اگر آپ کسی چیز پر یک لخت زور ڈالیں تو وہ ٹوٹ جائے گی لیکن اگر وہی طاقت بتدریج استعمال کریں تو وہ چیز نہیں ٹوٹے گی۔ قدرت نے پٹھوں میں لچک کی گنجائش رکھی ہے۔ بدن کے گرماؤ سے وہ مناسب حد تک پھیل جاتے ہیں اور پھر دوڑ لگانے سے ان پر یک لخت دباؤ نہیں پڑتا۔

**اسٹائل کی ضرورت:** اسٹائل کا تعلق اگرچہ خوب صورتی اور خوش ذوقی سے بھی ہے، لیکن یہاں اس کا مقصد خالصتہً ، طبی ہے، لمبے لمبے ڈگ بھرنا، دائیں اور بائیں طرف لہک لہک کر دوڑنا، یا کمر میں خم ڈال سکتے ہیں۔ ہوسکتا ہے پاؤں میں موچ آجائے، ہوسکتا ہے بعد میں آپ کی کمر میں درد پیدا ہو۔ اس لیے آپ فطری طریقے سے اپنے قد کے مطابق قدم اُٹھا کر دوڑیئے۔ بدن کو اکڑایئے نہیں۔ کمر کو سیدھا اور سر کو اُونچا رکھیے۔

**دوڑ میں درد بھی ہوتا ہے:** دوڑ میں آپ اپنے بدن سے ایک زائد مطالبہ کرتے ہیں۔ اس سے آپ کے بدن کے تمام پٹھے عام حالات کی نسبت کئی گنا زیادہ حرکت کرتے ہیں۔ لہٰذا درد تو ہوگا مگر یہ درد آپ کی طاقت کو بتدریج بڑھائے گا۔ اسے بالکل ختم نہیں کیا جاسکتا۔ البتہ جن احتیاطوں کا ذکر کیا گیا ہے ان پر عمل کرنے سے اس میں کمی آسکتی ہے۔ اس مسئلے میں ایک بات اور قابل غور ہے۔ اگر آپ کو درد ستاتا ہے تو پہلے ہی دن معالج کے پاس زحمت نہ کیجئے۔ تین دن تک احتیاطی تدابیر پر عمل کرکے دیکھیے۔ اگر کم ہوجائے تو بہتر اور اگر برابر بڑھتا چلا جائے تو پھر اپنے معالج سے مشورہ کیجئے۔

**بتدریج کا اصول قائم رکھیے:** دوڑ لگانے سے پہلے اس بات پر غور کرلیا جائے کہ پہلے دن آپ کس قدر فاصلے تک دوڑ کو برداشت کرسکیں گے۔ اگر آپ کو قلب کی تکلیف رہتی ہو تو پہلے روز دوڑ اور پیدل چلنے کا فاصلہ کم سے کم رکھیے۔

ان سے کنارہ ہی بہتر ہے: زندگی کو رائیگاں کرنے والے (ساری زندگی کچھ بھی نہ کرنے والے) کبھی بھی محسن انسانیت نہیں ہو سکتے ان سے کنارہ ہی بہتر ہے۔ (شیخ محمود نصیر الدین چراغ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

# آیئے! اپنے رب کی دہلیز پر ہمیشہ کیلئے سر رکھ دیں

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

انہوں نے دیکھا' اس کی ماں بچہ کو مارتی ہوئی گھر کے دروازہ سے باہر آئی اور بچہ کو گھر سے باہر نکال کر اس نے دروازہ اندر سے بند کرلیا' بچہ گھر سے ذرا دور تک گیا اور پھر واپس لوٹ آیا کچھ دیر تک دروازہ کھٹکھٹایا اور جب دروازہ نہیں کھلا تو گھر کے دروازہ کی دہلیز پر سر رکھ کر لیٹ گیا' علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ بچہ کچھ دیر روتا رہا اور پھر اس کی آنکھ لگ گئی کچھ دیر بعد حضرت نے دیکھا کہ ماں نے گھر کا دروازہ کھولا' تو دیکھا کہ بچہ دہلیز پر سر رکھ کر سو رہا ہے اور بچہ کی معصوم آنکھوں پر آنسو لگے ہیں' بس بے تاب ہوگئی' محبت اور مامتا سے بچہ کو گود میں اٹھایا' سینہ سے لگایا اور اپنے دوپٹہ کے پلو سے بچہ کی آنکھوں اور چہرہ سے آنسو اور جو گرد و مٹی لگی تھی اس کو صاف کیا' اور بے اختیار اپنے لال کو بوسے دینے لگی' بچہ کی آنکھ لگ گئی تھی ماں نے لاڈ سے پوچھا' جب تجھے گھر سے ڈانٹ مار کر نکالا تھا تو تو دور جا رہا تھا' پھر گھر کی دہلیز پر آکر کیسے سو گیا؟ بچہ نے معصومیت سے کہا: ماں! جب آپ نے مجھے دھکے دے کر نکال دیا تھا تو کوئی ٹھکانہ تلاش کرنے چل دیا تھا' مگر مجھے خیال آیا کہ دنیا میں کہیں نہ کہیں کھانا پینا اور رہنے سہنے کا ٹھکانہ تو مل جائے گا مگر ماں کی چاہت کہیں نہیں ملے گی اس لیے میں لوٹ آیا اور جب دیر تک دروازہ کھٹکھٹانے کے باوجود دروازہ نہیں کھلا تو دہلیز پر سر رکھ کر لیٹ گیا کہ ماں کی ممتا صرف اسی دہلیز سے ملے گی' ماں کو بچہ پر بہت پیار آیا' وہ بلائیں لے کر بچہ کو پیار کرتی رہی اور کہتی رہی میرے لاڈلے جب تجھے یہ خیال ہے کہ ماں کی مامتا میرے علاوہ تجھے اور کوئی نہیں دے سکتا تو میں بھی اپنے لال کو کبھی اپنے کلیجہ سے جدا نہیں کروں گی۔

علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں اس منظر نے مجھے تڑپا کر رکھ دیا' میرے رحمٰن رحیم رب کی رحمت کے سمندر سے رحمت اور ممتا کا ایک قطرہ ساری ماؤں کو عطا کیا گیا ہے اس رحمت سے رب کا اپنے اس نافرمان بچہ کے ساتھ عنایت اور ممتا کا یہ حال ہے کہ اس کی شرارتوں سے عاجز آکر اسے گھر سے نکالا مگر بچہ اس خیال سے کہ ممتا صرف اسی در سے مل سکتی ہے دہلیز پر سر رکھ کر سو گیا تو ماں ساری شرارتوں کو بھول کر بلک بلک کر پیار کرنے لگی تو وہ رب جو رحمٰن و رحیم ہے تواب کریم ہے غفور رحیم ہے' بندہ اس احساس کے ساتھ کہ ساری نافرمانیوں اور گناہوں کے باوجود میرے لیے رحمت' مغفرت اور عفو درگزر کیلئے اس در کے علاوہ کوئی اور در نہیں' اس کے حضور اس ندامت کے ساتھ ہاتھ پھیلاتا ہے اور چند قطرے آنسوؤں کے احساس ندامت کے ساتھ اس کے در پر ٹپکاتا ہے تو رحمٰن و رحیم رب کی رحمت اپنے بندہ کی بلائیں لے کر اپنی ردائے رحمت سے اس گنہگار چہرہ سے گناہوں کی گندگی کو پونچھ دیتی ہے اور نہ صرف یہ کہ بڑی سی بڑی غلطی و خطا اور کبیرہ گناہوں کو معاف فرما دیتی ہے بلکہ رحمت اور کرم سے اپنے بندوں کو نواز دیتی ہے کریم رب نے اپنے کلام مقدس میں قانون اور منشور کا اعلان فرما دیا: ان اللہ یحب التوابین و یحب المتطھرین یہ نہیں فرمایا ہم معاف کر دیتے ہیں یا مغفرت فرما دیتے ہیں توبہ کرنے والے کو' بلکہ فرمایا ہم توبہ کرنے والے کو محبوب بنا لیتے ہیں۔اسی لیے زبان رسالت مآب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر دنیا میں کوئی انسان گناہ کرنے والا نہ ہوتا تو اللہ تعالیٰ ایک دوسری مخلوق کو پیدا فرماتے جو گناہ کرتی اور توبہ کرتی' جب اس کریم رب کو توبہ اتنی محبوب ہے تو پھر ہم ساری دنیا سے زیادہ خطا کار' گنہ گار کیوں نہ ہوں' ساری دنیا کی ماؤں کو مامتا دینے والے رحمٰن و رحیم رب کے دروازے کو اس جذبہ سے کھٹکھٹائیں کہ ہم گنہگاروں کیلئے اس در کے علاوہ کسی در سے ماں کی ممتا' رحمت' مغفرت اور عفو درگزر کی بھیک ملنے والی نہیں اور پھر زندگی کی شام تک اسی کریم کے دروازہ کی دہلیز پر سر رکھ دیں یہاں تک کہ موت کی نیند آجائے اور وہ مامتا بھری ذات اپنے دروازہ کی دہلیز پر سر رکھے نادان بندوں کو اپنی آغوش رحمت میں اٹھا کر محبوبیت اور ممتا کے خلعت فاخرہ سے نواز دے۔

## آیئے! آپ کا ہی انتظار ہو رہا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے پڑھ رہے ہیں' اس میں بہت ہی کمال کی باتیں لکھی ہوتی ہیں۔ ہمارے خاندان کا ایک آزمودہ عمل ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں:۔ اگر سواری نہ مل رہی ہو یا گاڑی میں سواریاں کم ہوں' خواہش ہو کہ گاڑی جلدی چل پڑے تو تیسرے کلمہ کا مسلسل ورد کریں' ان شاء اللہ گاڑی جلد سواریوں سے بھر جائے گی' یہ عمل ہمارے خاندان کے چند افراد کا بار بار کا آزمایا ہوا ہے۔مزے کی بات یہ ہے کہ سٹاپ پر پہنچنے تک تیسرا کلمہ پڑھتے رہیں تو یوں لگے گا کہ آپ کا ہی انتظار ہو رہا تھا اور گاڑی چل پڑے گی' یہ بھی آزمودہ ہے۔ (شازیہ)

# خواتین کے مسائل اور بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے

**جن کے چہرے پر دانے ہیں صرف ان کیلئے:** آپ تلی ہوئی چیزیں زیادہ نہ کھایئے۔چکنی چیزوں سے دانے زیادہ نکلتے ہیں۔بیسن کے ساتھ منہ دھویا کیجئے۔گل منڈی خرید لیجئے۔گول گول پھولوں کی شکل میں ہوتی ہے۔رات کو سترہ منڈیاں ایک گلاس پانی میں بھگو دیجئے۔صبح ان کو ہاتھ سے مل اور چھان کر ایک چمچ شہد ملا کر پی لیا کیجئے۔اس سے خون صاف ہوگا' دانے نہیں نکلیں گے۔ **چہرے کے کیل مہاسوں کیلئے بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے:** بچیاں جب جوان ہوتی ہیں تو چہرے پر کیل نکلنے لگتے ہیں۔ہماری جلد کے نیچے لاتعداد چربیلے غدود ہوتے ہیں جن میں سے ایک قسم کا تیل نکلتا رہتا ہے جب ان میں ذرا سی بھی چھوت لگتی ہے تو کیل نمایاں ہو جاتے ہیں۔آپ چاکلیٹ بھی کھاتی ہیں' چاکلیٹ اور میٹھی چیزیں بالکل نہ کھایئے۔دیسی گندم کا آٹا بغیر چھنا استعمال کریں چینی سے بنی چیزیں کھانی چھوڑ دیجئے۔فائدہ یہ ہوگا کہ آپ کی جلد میں سے تیل کی نکاسی کم ہو جائیگی اور کیل بہت کم دکھائی دیں گے۔تیسری اہم بات یہ کہ روزانہ کم از کم آٹھ دس گلاس پانی پینا شروع کر دیں۔ علاوہ ازیں جو بچیاں نماز کی پابندی کرتی ہیں تو پانچوں وقت وضو کرتی ہیں۔وضو کی برکت سے ان کے چہرے پر دانے بہت کم نکلتے ہیں۔ایک گھریلو ٹوٹکہ یہ ہے کہ تازہ پودینہ مع ڈنڈیوں کے پیس کر اس کا رس نکال لیجئے۔بیسن سے منہ دھو کر خشک کر کے رات کو پودینہ کا رس اچھی طرح کیلوں پر لگایئے اور صبح دھو لیجئے۔کیل پھنسیاں اور جلد کی سوزش دور کرنے کیلئے پودینہ بہت اچھی دوا ہے۔رات کو چنے کی دال بھگو کر رکھ دیجئے۔صبح پیس کر اس میں تھوڑا سا دہی ملا کر چہرے پر ماسک لگایئے اور بیس منٹ بعد دھو لیجئے۔چند روز میں آپ کا چہرہ صاف ہو جائیگا۔جن بچیوں کے چہرے پر کیل مہاسے نکلتے ہوں انہیں چاہیے کہ وہ بیسن سے منہ دھویا کریں اور صابن لگانا بند کریں۔ **مزید کمالات جاننے کیلئے درج ذیل کتاب کا مطالعہ کریں:۔**

**"خواتین کے مسائل اور بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے"**

**خواتین کے ہر طبی' روحانی' نفسیاتی ظاہر و پوشیدہ مسئلے کا آسان گھریلو علاج اور کچھ۔۔۔اس کتاب میں پڑھیں!**

عبقری کی تمام کتب اور ادویات گھر بیٹھے حاصل کرنے کیلئے صرف اس نمبر پر رابطہ کریں: 0332-7552382

دیسی براؤن گڑ کے چند فوائد: کھانا ہضم کرتا ہے' طبیعت کو نرم کرتا ہے' بلغم کو چھانٹتا اور رحم کو گرم کرتا ہے' جسم کو طاقت دیتا ہے اور موٹا کرتا ہے۔ ایک سال پرانا گڑ خون صاف کرتا اور باہ کو بڑھاتا ہے۔

# مہنگائی کے جن کو قابو میں کرنے کا آزمودہ ترین ٹوٹکہ

منصور علی بیگ

اگر رہن سہن میں سادگی اپنائی جائے تو بہت سے مسائل خود بخود حل ہو سکتے ہیں اور یہ سادگی لباس کی گھر پر تیاری کی صورت میں ہو تو کیا کہنے، خصوصاً بچوں کے کپڑے تو بڑی آسانی کے ساتھ گھر میں بھی سل سکتے ہیں اور لڑکیوں کے کپڑوں کی گھر پر تیاری میں ہی فائدہ ہے

مہنگائی کا جن کسی طرح قابو میں نہیں آ رہا بلکہ اس کی جسامت میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے غریب تو کیا متوسط طبقہ بھی بری طرح متاثر ہے اور حد تو یہ ہے کہ اب کھاتے پیتے گھرانوں میں بھی مہنگائی کی بازگشت سنائی دے رہی ہے۔ جب حالات ایسے ہوں تو گھریلو خواتین کی ذمہ داریاں مزید بڑھ جاتی ہیں جنہیں محدود وسائل کے مدنظر مسائل کو حل کرنا پڑتا ہے۔ آمدنی میں اضافہ یقینی طور پر مرد حضرات کا کام ہے لیکن اخراجات میں کمی کر کے خاندان کو متوازن انداز سے چلانا بھی ہر ایک عورت کا فرض ہے جو اگر کوشش کرے تو گھریلو امور کی سلیقہ مندی سے بجا آوری کے دوران بھی خرچ گھٹا کر زندگی کو سہل بنا سکتی ہے۔

**گیس کے چولہے احتیاط کے ساتھ استعمال کریں:** عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ خواتین گیس کے چولہے استعمال کرتے ہوئے ایندھن کے ضیاع کا قطعی خیال نہیں رکھتیں ان کے ذہنوں میں صرف یہ بات بیٹھی ہوئی ہے کہ قدرتی گیس ایک کم خرچ ایندھن ہے۔ اسکول جانے والے بچوں کو ناشتہ کراتے ہوئے وہ چولہا دھیما کر کے چھوڑ دیتی ہیں کہ تھوڑی دیر کے بعد شوہر کے لیے ناشتے کی تیاری کی غرض سے دوبارہ جلانا پڑے گا۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ دوپہر کے کھانے کی تیاری کے آغاز پر پڑوسن سے گفتگو شروع ہو گئی اور چولہا جلتا رہا، گیس ضائع ہوتی رہی۔ کوشش کریں کہ کام ختم ہوتے ہی سب سے پہلے چولہا بجھائیں اور صرف اس وقت جلائیں جب اس کی ضرورت ہو، یقینی طور پر ماہانہ بل میں کسی حد تک کمی واقع ہو جائے گی۔ اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ گیس کے چولہے یا لیمپ کا پائپ لیک تو نہیں کر رہا اور گیس بلاوجہ ضائع تو نہیں ہو رہی ہے۔ ایسا کرنے سے نہ صرف غیر ضروری خرچ کم ہوگا بلکہ متوقع حادثات سے بھی بچاؤ ممکن ہوگا۔

**بجلی بچانے میں کاہلی نہ برتیں:** شہروں میں بجلی کی فراہمی کے ادارے ذرائع ابلاغ پر مسلسل بجلی بچانے کی ترغیب دیتے رہتے ہیں تاہم عام طور پر اس جانب دھیان نہیں دیا جاتا۔ آج کے دور میں غذا اور لباس کے بعد بجلی پر سب سے زیادہ اخراجات آتے ہیں اور عام افراد زائد بلنگ اور اوسط کی بنیاد پر قائم طریقہ کار کے تحت بلوں کی ادائیگی سے تنگ آ چکے ہیں لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ اس ضمن میں بلوں کی رقم میں کمی کی خواہش تو ہر کوئی کرتا ہے مگر بجلی کم سے کم استعمال کرنے کی زحمت میں کوئی مبتلا نہیں ہونا چاہتا۔ دن کے اوقات میں کمروں کی کھڑکیاں یا روشندان کھلے رکھیں تا کہ تازہ ہوا کا گزر بھی ہو سکے اور بلب یا ٹیوب لائٹ بھی نہ جلانا پڑے۔ شام کے اوقات میں گھر کے تمام افراد حتی الامکان طور پر ایک ایسے کمرے میں وقت گزاریں جہاں تفریح کا سامان بھی موجود ہو اس طرح مختلف کمروں میں بلب اور پنکھے چلانے سے نجات مل جائے گی۔ کوشش یہ بھی ہو کہ جس جگہ آپ موجود ہوں صرف وہاں بلب یا پنکھا استعمال ہو اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ گھر کے کسی دوسرے حصے میں جانے سے قبل بلب اور پنکھا بند کرنا نہ بھولیں۔ استری کرتے وقت دھیان رکھیں کہ جلد از جلد کام مکمل کریں اور اس دوران گفتگو کرنے یا دوسری کسی مصروفیت میں خود کو قطعی نہ الجھائیں کیونکہ استری بہت زیادہ بجلی خرچ کرتی ہے۔ یاد رہے کہ ایک مخصوص حد تک بجلی کے استعمال پر ٹیکس اور سرچارج بھی محدود رہتا ہے مگر مقررہ حد کے بعد بلاوجہ اضافی خرچہ اٹھانا پڑتا ہے یوں بجلی کی بچت کئی طرح سے سودمند ثابت ہو سکتی ہے۔ چلتے چلتے یہ بات بھی ذہن نشین کر لیں کہ الیکٹرونکس کے آئٹم مثلاً جوسر، گرائنڈر یا ٹوسٹر کے بجائے دوسرے طریقے اپنائیں کیونکہ مسالہ تو سل پر بھی پیسا جا سکتا ہے اور ڈبل روٹی کے سلائس توے پر بھی سینکے جا سکتے ہیں اور لسی یا شربت کے لیے رئی کا استعمال بھی ناممکن نہیں ہے جبکہ کھانا مائیکرو ویو کے بجائے چولہے پر بھی گرم کیا جا سکتا ہے۔

**کپڑوں کی دھلائی اور سلائی گھر میں کریں:** یہ کوئی زیادہ پرانی بات نہیں ہے کہ گھریلو خواتین کپڑوں کی دھلائی اور سینے پرونے میں طاق ہوا کرتی تھیں اور انہیں یہ کام بطریق احسن آتے تھے اور جسے نہیں آتے تھے اسے پھوہڑ کا لقب مل جاتا تھا اور یہ لفظ اس وقت کی خواتین کے لیے کسی گالی سے کم نہیں تھا مگر آج حال یہ ہے کہ نوجوان لڑکیاں گھریلو نوعیت کے کاموں میں دلچسپی ہی نہیں لیتی ہیں اور پرائے گھروں میں جا کر گھریلو ملازمین کی دست نگر بن کر رہ جاتی ہیں۔ کپڑوں کی دھلائی ڈرائی کلینر اور سلائی درزیوں کے حوالے کر دی گئی ہے حالانکہ کہیں کم خرچ پر یہ کام بڑی آسانی سے گھر میں بھی ہو سکتے ہیں۔ آج کل دھوبی' سوڈا، صابن یا واشنگ پاؤڈر کے بجائے تیزاب یا بلیچ کا سہارا لیتے ہیں کپڑوں کے ساتھ وہ اٹھا پٹخ ہوتی ہے کہ سال دو سال چلنے والا سوٹ چھ ماہ میں داغ مفارقت دے جاتا ہے اور اگر پھٹنے یا گلنے سے بچ بھی جائے تو اس کا رنگ ضرور پھیکا پڑ چکا ہوتا ہے۔ فی زمانہ کپڑا کس قدر مہنگا ہے اس سے ہر کوئی واقف ہے لہٰذا کپڑوں کی عمر بڑھانے اور دھلائی کی مد میں اٹھنے والے بے جا اخراجات سے بچاؤ کے لیے ضروری ہے کہ کپڑے گھر میں دھوئے جائیں اور اس میں قطعی حیرانگی نہیں ہونا چاہیے کہ جتنی رقم خرچ کر کے دو جوڑے دھوبی سے دھلوائے جاتے ہیں اتنے پیسے گھر میں 30 سے زائد کپڑے دھونے کے لیے کافی ہیں خواہ اول درجے کا واشنگ پاؤڈر اور واشنگ مشین کا استعمال ہی کیوں نہ کیا جائے!

اگر رہن سہن میں سادگی اپنائی جائے تو بہت سے مسائل خود بخود حل ہو سکتے ہیں اور یہ سادگی لباس کی گھر پر تیاری کی صورت میں ہو تو کیا کہنے، خصوصاً بچوں کے کپڑے تو بڑی آسانی کے ساتھ گھر میں بھی سل سکتے ہیں اور لڑکیوں کے کپڑوں کی گھر پر تیاری میں ہی فائدہ ہے کیونکہ بچ جانے والے کپڑے کے ٹکڑوں کی مدد سے کمسن یا نومولود بچوں کے لباس کی تیاری میں مدد مل جاتی ہے ورنہ درزی سے لباس کی تیاری کی صورت بچا ہوا کپڑا کبھی واپس نہیں ملتا ہے۔ پرانے یا کسی وجہ سے کٹ یا پھٹ جانے والے لباس کو یونہی نہ پھینکیں بلکہ انہیں جھاڑنوں یا صافیوں کے طور پر استعمال کریں یا تھوڑی سی محنت مزید کر کے دروازوں کے باہر رکھے جانے والے میٹ تیار کر لیں۔ **غذائی ضروریات کے مطابق کھانا تیار کریں:** خواتین عام طور پر گھروں میں کھانا پکاتے وقت اس بات کا خیال نہیں رکھتی ہیں کہ انہیں کتنی مقدار میں سالن اور کتنی تعداد میں روٹیوں کی ضرورت ہے اور بیشتر گھروں میں یا تو سالن بچ جاتا ہے یا روٹیاں سوکھ کر ضائع ہوتی ہیں۔ لہٰذا یہ اندازہ کرنا بہت ضروری ہے کہ گھر میں موجود افراد کے لحاظ سے خوراک کی کتنی مقدار درکار ہے۔ یہ بالکل عام سی بات ہے کہ گھر میں بچے ایک سالن کو دوسرے یا تیسرے وقت کھاتے ہوئے منہ بناتے ہیں، لہٰذا کوشش یہ ہو کہ گزشتہ شب کے بچے ہوئے سالن کو اگلی دوپہر چاولوں کے ساتھ استعمال کر لیا جائے یا دال کو آٹے کے ساتھ گوندھ کر اس کے پراٹھے تیار کر لیے جائیں تا کہ پیسے کا ضیاع نہ ہو۔ اگر کسی وقت روٹیاں بچ جاتی ہیں تو انہیں سوکھنے سے بچانے کی حتی الامکان کوشش کریں اور یہ ممکن نہ ہو تو بچوں کے لیے ملیدہ یا میٹھے ٹکڑے تو تیار کیے ہی جا سکتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ انسان رزق کے لیے زمانے بھر کی خاک چھانتا پھرتا ہے لہٰذا حاصل ہونے والے رزق کی حفاظت کریں اور اسے ضائع نہ ہونے دیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہر قسم کے زخم بالخصوص کینسر کیلئے اکسیر اعظم | دماغی کمزوری دائمی نزلے کا علاج | کھوکھلی ڈاڑھ آج بالکل ٹھیک ہے! | ضدی بچوں اور صحت یابی کے انوکھے اعمال |

## قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

### ہر قسم کے زخم بالخصوص کینسر کیلئے اکسیر اعظم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت عرصہ سے انتہائی شوق کے ساتھ پڑھ رہے ہیں۔ میرے پاس ایک خاندانی مرہم کا نسخہ ہے۔ اس نسخے سے الحمدللہ کینسر اور سرطان کے زخم بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ یہ نسخہ میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں یقیناً وہ اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ زخم کوئی بھی ہو کسی بھی قسم کا ہو اس پر بس یہ مرہم لگائیں اور پھر اس کا کمال دیکھیں۔

**ھوالشافی:** سنگ جراحت تین ماشہ، دانہ الائچی تین ماشہ، سفید کافور چھ ماشہ، سفیدہ کاشغری پانچ ماشہ، پرانا ٹاٹ سوختہ کی راکھ ایک تولہ، پوست ہلیلہ پانچ ماشہ، انزروت تین ماشہ، کسی حلال جانور کے بالوں کی راکھ تین ماشہ، مردار سنگ چار ماشہ، کمیلہ تین ماشہ، زہر مہرہ خطائی ایک ماشہ، جند بیدستر تین ماشہ، افیون تین ماشہ، موم خالص پانچ تولہ۔ ترکیب: پہلے افیون کو سرسوں کے تیل میں حل کرلیں۔ پھر موم کو پگھلا کر ان میں ڈالیں پھر باقی دوا جو خوب باریک پیس لی گئی ہو میں ملا دیں مرہم تیار ہے۔ پھاہا بنا کر زخم پر لگائیں۔ ہر قسم کے زخم کیلئے اکسیر اعظم ہے۔ (پ۔ت)

### یہ ہے اصل تندرستی کا راز!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری رسالہ میں ایک ٹوٹکہ پڑھا تو ایسے ہی آزمانے کیلئے استعمال شروع کردیا۔ ٹوٹکہ یہ تھا کہ رات سونے سے پہلے جب بستر پر لیٹنے لگیں تو لیٹنے سے پہلے اپنے پاؤں کے تلوؤں کی کم از کم پانچ منٹ سرسوں یا کسی بھی دستیاب تیل سے مالش کرنی ہے۔ میں نے یہ ٹوٹکہ چند دن ہی استعمال کیا میری تو زندگی ہی بدل گئی' الحمدللہ پانچ وقت کی نماز پڑھتی ہوں' روزانہ فجر کی نماز کے بعد نماز فجر کے بعد واک کرتی تھی' پہلے میں صرف آدھ کلومیٹر پیدل چلنے کے بعد تھکن سے چور ہو جاتی تھی مگر اب تو پونے تین کلومیٹر تک چل لیتی ہوں اور تھکاوٹ نہیں ہوتی حالانکہ میری عمر 61 سال ہے اس کے باوجود تھکن نام کا احساس نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ پہلے میں برتن دھوتی تھی تو چند برتن دھونے کے بعد ہی کندھوں کے درمیان اتنا شدید درد ہوتا تھا کہ میں برتن دھو ہی نہ سکتی تھی اور فورا لیٹ جاتی تھی اور درد سے بعض اوقات کراہنے لگتی تھی مگر اب ڈھیروں برتن دھولوں کبھی درد ہوا ہی نہیں۔ حالانکہ برتن دھونے کے بعد بھی میں بالکل فریش رہتی ہوں۔ (رخسانہ ناہید' سرگودھا)

### عبقری ملا! منزل مل گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میرا تعلق عبقری سے بن گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت حکیم صاحب کو لمبی زندگی اور صحت دے۔ دو سال سے عبقری سے رابطہ ہے۔ آپ کی ایک بات ذل میں بیٹھ گئی کہ گرتے جاؤ اور پھر سے اٹھ جاؤ' گر گر کر پھر اٹھ جاؤ' ایک دن منزل ضرور ملے گی۔ میرے پاس بہت سے واقعات ہیں' ابھی عبقری سے ایک عمل پڑھا یاحفیظ یاسلام کے بارے میں لکھ رہا ہوں۔ حیران کردینے والا واقعہ ہوا۔ میں تو گنہگار ہوں لیکن یقین سے عمل کیا تو اللہ پاک نے کلام میں برکت ڈال دی۔ یہ آج (بوقت تحریر) ہفتہ پہلے کا واقعہ ہے۔ میں کسی عرب ملک میں جاب کرتا ہوں' کمپنی کے حالات بہت خراب ہیں' کمپنی ہر بندے کو چھٹی پر بھیج رہی تھی' میرا نام بھی آسکتا تھا' مجھے بہت ڈر تھا' میں ابھی پاکستان اپنے گھر نہیں جانا چاہتا تھا کیونکہ میرے گھر کے حالات بہت خراب تھے۔ میں نے مسلسل یقین کے ساتھ یاحفیظ یاسلام پڑھنا شروع کردیا۔ سارا دن خوب پڑھتا' نیت صرف یہ ہوتی کہ کمپنی مجھے نہ نکالے' بس پھر ایسا ہوا کہ میرا نام بھی ان افراد کی لسٹ میں آگیا جن کو نکالا جانا تھا۔ ایک دم پریشان ہوگیا' اللہ سے کہا: یااللہ تیرے ہر کام میں بہتری ہے' مجھے کہا گیا کہ آج آپ کا آخری دن ہے' کل سے آپ کام پر نہیں آؤ گے' بس پھر جو یاحفیظ یاسلام پڑھا تھا اس نے اپنا کام بھی تو دکھانا تھا۔ میرے منیجر کو پتہ چلا تو اس نے کہا کہ اس کو نہیں بھیجنا' کچھ کام ہے۔ ایک اور بات کہ ہمارا کمپنی کا مالک جو کہہ دیتا پھر وہ کسی کی نہیں سنتا تھا' بہت لوگوں نے روکنے کی کوشش کی لیکن وہ مالک کسی کی نہیں سنتا تھا۔ ضدی قسم کا انسان ہے۔ میرے اندر یقین تھا' اللہ مدد کرے گا۔ اللہ کا کرنا ہوا کہ منیجر نے مالک سے بات کی اور وہ پتہ نہیں کیسے مان گیا۔ میرے دفتر کے سب بندے حیران رہ گئے ''ارے یہ تو کسی کی سنتا ہی نہیں' تمہارا کام کیسے ہوگیا؟'' اللہ نے میری عزت یاحفیظ یاسلام کے ورد کرنے سے رکھ لی۔ گھر سے نکلتے وقت بھی پڑھتا ہوں کبھی کوئی حادثہ نہیں ہوا۔ بس میری اب اللہ سے دعا ہے کہ اللہ مجھے واپس میرے ملک پاکستان لے جائے اور وہاں مجھے اچھا سا روزگار مل جائے۔ ان شاء اللہ میری یہ دعا بھی ضرور قبول ہوگی اور میں بھی اپنے گھر جاسکوں گا۔ (احمد' عرب)

### کھوکھلی ڈاڑھ آج بالکل ٹھیک ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے تعلق گزشتہ چار سال پرانا ہے۔ عبقری چھپے طبی و روحانی ٹوٹکوں سے مجھے سو فیصد فائدہ ہوتا ہے۔ تین ماہ پہلے پانچ دن لگاتار میری ایک ڈاڑھ میں شدید ترین درد رہا' طرح طرح کی پین کلر کھا کھا کر معدہ خراب کر بیٹھا' دانتوں کے ایک بڑے ماہر کو دکھایا تو انہوں نے چیک کرنے کے بعد بتایا ڈاڑھ کی جڑ بالکل کھوکھلی اور بوسیدہ ہوچکی ہے یہ نکلوانا ہی پڑے گی اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں' انہوں نے یہ بات میری ڈاڑھ کا ایکسرے کروانے کے بعد ایکسرے چیک کرتے ہوئے بتائی۔ مگر میں نے عبقری شمارہ میں ایک عمل پڑھا تھا اسے آزمانے کا فیصلہ کیا' عمل یہ تھا: ایک کیل لے کر اس پر ایک بار درود شریف اور ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر کیل کو دم کرکے درد والے دانت کے باہر پھیرتے ہوئے پھر اول و آخر درود شریف اور سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور پھر کسی درخت میں ٹھونک دیں۔ اللہ کے فضل سے تین ماہ ہوچکے ہیں' درد کا نام و نشان نہیں' ہر چیز ٹھنڈی' گرم' سخت کھا پی رہا ہوں۔ (ارشد محمود' بھمبر آزاد کشمیر)

### دماغی کمزوری' دائمی نزلے کا علاج

**ھوالشافی:** سات عدد بادام' سات عدد کشمش رات کو پانی میں ڈال کر رکھیں' صبح نہار منہ بادام چھیل کر کشمش کے ہمراہ کھالیں۔ یہ ٹوٹکہ دو سے تین ماہ مسلسل استعمال کریں پھر اس کے نتائج ظاہر ہوں گے۔ اس کے علاوہ میں نے حضرت حکیم صاحب کے بتانے پر طلبینہ استعمال کیا' واہ کیا کمال کی چیز ہے' یادداشت پرفیکٹ ہوجاتی ہے' اگر خون کی کمی ہو تو اس سے بہتر کوئی ٹانک نہیں ہے۔ طب کی اہم باتیں: جب دوپہر کا کھانا کھالیں تو تھوڑا وقت قیلولہ کرلیں اور شام کا کھانا کھا کر چلیں اگرچہ آپ کو کانوں پر ہی کیوں نہ چلنا پڑے۔

جب تک پہلی غذا ہضم نہ کرلیں دوسری غذا نہ کھائیں اگرچہ آپ کو تین دن ہی کیوں نہ لگ جائیں۔ اس وقت تک سونے کیلئے مت لیٹیں جب تک بیت الخلاء سے فارغ نہ ہوجائیں۔ گوشت صرف جوان جانور کا کھائیں۔ (حبیب الرحمٰن، مانسہرہ)

## میری شوگر 400 سے کم نہ ہوتی مگر یہ نسخہ۔۔۔!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عرصہ 1995ء سے 2016ء تک شوگر کی تکلیف ہے' پہلے تو نارمل رہتی تھی کبھی زیادہ کبھی کم' مگر دو یا اڑھائی سو سے اوپر نہ ہوتی تھی' 2014ء میں (کاربنائل گڑھ) کی وجہ سے ہسپتال داخل ہونا پڑا' پندرہ دن داخل رہا مگر شوگر چار سو سے اوپر رہی' ڈاکٹروں نے انسولین کا عادی کردیا' مگر عبقری کے ایک نسخہ سے کچھ کمی ہوئی اور ہر روز جسم میں سوراخ کرنے سے جان چھوٹ گئی اور اب میں یہ نسخہ استعمال کررہا ہوں اور میری شوگر اب مکمل کنٹرول ہے۔ جو نسخہ میں نے عبقری کے ایک سابقہ شمارے سے لے کر استعمال کیا تھا وہ یہ ہے: **ھوالشافی:** تخم سرس' اندرائن' کلونجی' گوند کیکر تمام چیزیں ہم وزن لے کر کوٹ پیس لیں۔ صبح و شام ایک چمچ چائے والا سادہ پانی کے ساتھ۔ (افتخار احمد بھٹی' واہ کینٹ)

## میرا سب سے بڑا مسئلہ آسان ترین عمل سے حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا کرے اور آپ کی عمر دراز فرمائے۔ عبقری رسالہ سے میرا تعارف 2009ء سے ہوا تھا لیکن 2014ء سے میں اب باقاعدگی سے پڑھ رہی ہوں۔ بہت اچھا رسالہ ہے۔ مہنگائی کے اس دور میں مہنگے ڈاکٹری علاج سے بچت ہوئی ہے۔ میں نے عبقری 2008ء کے ایک شمارہ میں ایک عمل پڑھا کہ قرآن پاک کی ہر سطر پر انگلی پھیرتے ہوئے نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر مشکل کے حل کیلئے ہے' سات قرآن پاک پڑھنے ہیں۔ میں نے یہ پڑھنا شروع کردیا ہے۔ تقریباً میرا پہلا قرآن پاک مکمل ہونے والا ہے۔ جب یہ خط آپ کو ملے گا میں دوسرا قرآن پاک شروع کرچکی ہوں گی۔ قرآن پاک پڑھنے سے میرا سب سے بڑا مسئلہ میرے سانس کا پھولنا اور دھڑکن کا تیز ہونا حل ہوچکا ہے۔ جسمانی طور پر مضبوطی آئی ہے۔ حالانکہ ڈاکٹرز کے مطابق مجھے جلد از جلد دل کا آپریشن کروالینا چاہیے تھا کیونکہ میرے دل میں سوراخ ہے مگر جب سے میں نے یہ عمل آزمانا شروع کیا ہے میری صحت دن بدن بہتر ہوتی جارہی ہے۔ میرے اندر یقین کی قوت پیدا ہورہی ہے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی بدولت میں بغیر آپریشن کے ہی صحت یاب ہوجاؤں گی۔ اس کے علاوہ میں درج ذیل درود پاک بھی کثرت سے پڑھنے کی کوشش کرتی ہوں یہ درود پاک بھی عبقری میگزین سن 2008ء کے ایک شمارہ میں تھا کہ ''ہر قسم کی بیماری کیلئے مجرب درود پاک'': اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ۔ (راحیلہ فاطمہ)

## ضدی بچوں اور صحت یابی کے انوکھے اعمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک عورت آئی کہ ان کی بچی ہر روز تنگ کرتی ہے' کئی سکولز میں داخلہ کروایا مگر صرف ایک دن شوق سے جاتی ہے اور پھر بے وجہ ضد اور رونا' میں بہت پریشان ہوں' کچھ پڑھنے کیلئے بتائیں کہ شوق سے سکول جایا کرے' میں نے انہیں اپنا پاک آزمودہ وظیفہ جو اللہ کے ناموں میں سے ہے یَامُقِيْتُ سات بار پڑھیں اور ایک عبقری کا وظیفہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ روزانہ آٹے پر اکیس مرتبہ پڑھ کر پھونک ماردیں ایک ہفتہ کریں پھر کمال دیکھیں' اللہ کی قدرت صرف تین دن ہی وظیفہ کیا' تو وہ بچی خود کہنے لگی امی مجھے تیار کریں میں نے سکول جانا ہے اور ابھی تک ہر روز شوق سے جاتی ہے' جو بچے بے وجہ ضد کریں اور رونا بند نہ کریں یا بات نہ مانیں ان پر طاق عدد میں یامقیت پڑھ کر دم کیا کریں' ان شاء اللہ بے حد فائدہ ہوگا اور روزانہ آٹے پر اکیس مرتبہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھ کر پھونک دیا کریں۔ چند دنوں میں ہی آپ لوگ اس وظیفے کے کرشمات اور برکات حاصل کریں گے۔ **شفاء کی سوفیصد گارنٹی:** محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم! اللہ کے فضل و کرم سے جب کوئی بیمار ہوا ہے ان وظائف کی اور دعاؤں کی برکت سے اللہ نے بیمار کو ضرور شفاء دی ہے' قارئین! آپ بھی ان وظائف کو پڑھیں اور رب پر یقین کامل بنائیں کہ خدا کی ذات کے سوا کوئی بھی شفاء نہیں دے سکتا۔ روزانہ تین مرتبہ یہ کلمات ایک تسبیح ضرور پڑھیں۔ یَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ شِفَاءِ یَابَدِیْعُ مریض کو پانی پر دم کرکے شہد مع کلونجی استعمال کریں۔ اس کے علاوہ مریض کے پاس روزانہ ہزاروں مرتبہ یَاسَلَامُ پڑھیں اور مریض کو اس کی صحت یابی کا یقین کروائیں کہ آپ جلد ہی ٹھیک ہوجائیں گے یہ بیماری عارضی ہے اور بیمار خود بھی اپنے لیے دعا کرے کیونکہ حدیث مبارکہ میں ہے کہ بیمار کی دعا پر فرشتے بھی آمین کہتے ہیں۔ **آیات شفاء:** حضرت ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان کا بچہ بیماری کی وجہ سے قریب المرگ ہوگیا' میں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اور بچے کا عرض کیا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا'' تم آیات شفاء سے کیوں دور رہتے ہو' ان سے تمسک نہیں کرتے اور شفاء نہیں مانگتے'' میں بیدار ہوگیا اور اس پر غور کرنے لگا تو آیات شفاء کو قرآن پاک میں چھ جگہ پایا وہ یہ ہیں:۔ 1) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (سورۃ توبہ، آیت ۱۴) 2) وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ (سورۃ یونس، آیت ۵۷) 3) يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ (سورۃ نحل، آیت ۶۹) 4) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (سورۃ بنی اسرائیل، آیت ۸۲) 5) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (سورۃ الشعراء، آیت ۸۰) 6) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ (سورۃ حم سجدہ، آیت ۴۴) میں نے یہ آیات لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں تو بچہ صحت یاب ہوگیا۔ (معلمہ بنت حنیف' گاؤں سیدھڑی گجرات)

## بچے کے گلے میں سکہ پھنس جائے تو

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں انتہائی مفید ٹوٹکے ہوتے ہیں جن کو پڑھ کر اور آزما کر ہمارے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں۔ گزشتہ دنوں ہمارے ایک بچے نے اپنے گلے میں ایک سکہ پھنسا لیا بہت زیادہ پریشانی ہوئی' بچے کی حالت غیر ہوتی جارہی تھی' ایک ہمسائی فوری طور پر گھر سے کیلے لائی اور بچے کو کہا کہ اسے کھاؤ تم ٹھیک ہوجاؤ گے۔ بچے نے بمشکل ایک کیلا ہی کھایا تھا کہ اس کا سکہ گلے سے نکل کر معدے میں چلا گیا اور بچے کی حالت ٹھیک ہوگئی اور ہم ڈاکٹر کے پاس جانے سے بھی بچ گئے اور ہمارا بچے کی تکلیف بھی رفع ہوگئی۔ اس ٹوٹکہ کو بتانے کے ساتھ ہی میں قارئین سے بھی درخواست کروں گی کہ چھوٹے بچوں کو سکے ہرگز نہ دیں اور نہ ہی ایسی چیزیں پکڑائیں جن کے نگلنے سے انہیں نقصان کا اندیشہ ہو۔ (پوشیدہ)

## عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

### اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

# موتی مسجد جاکر نوافل کے ذریعے مرادیں پانے والے

**ابھی یہ عمل کرتے ہوئے مجھے دس دن ہی گزرے تھے کہ میرے شوہر خود ہی مجھے لینے آگئے اور میرے والدین سے پہلے اپنے کیے پر معافی مانگی اور آئندہ کبھی تشدد نہ کرنے کا وعدہ کیا اور مجھے باعزت طریقے سے واپس اپنے گھر لے گئے۔**

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سب سے پہلے آپ کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتی ہوں کہ آپ اتنا شاندار میگزین عبقری نکال رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر لمبی کرے اور خاتمہ ایمان پر کرے۔ آمین! میں گزشتہ چار سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں' ہر جمعرات کو درس روحانیت و امن سننے تسبیح خانہ میں حاضر ہوتی ہوں۔ ماہنامہ عبقری میں علامہ صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت شوق سے پڑھتی ہوں' اس میں موجود وظائف پڑھنے اور درس سننے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ہر پریشانی دور کی اور بے حد نوازا۔ علامہ صاحب نے اپنے مضمون میں موتی مسجد کا ذکر کیا ہے' میں موتی مسجد بھی جاتی ہوں' وہاں جاکر بتائے گئے نوافل بھی پڑھتی ہوں' بہت سکون ملتا ہے۔ ادھر جاکر نوافل کی ادائیگی کے بعد جو دعا مانگتی ہوں الحمدللہ قبول ہوتی ہے۔ ایک حیرت انگیز بات موتی مسجد میں جانے کے بعد میرے ساتھ ہونا شروع ہوگئی ہے وہ یہ ہے کہ جب سے میں موتی مسجد میں نوافل کی ادائیگی کرکے آئی ہوں جو شخص یا عورت میرے خلاف بات کرے یا میرے ساتھ بُرا سلوک کرے وہ یا تو بیمار ہوجاتا ہے یا پھر بے حد تنگی کا شکار ہوجاتا ہے۔ پہلے یہ میرا وہم تھا مگر اب میں نے باقاعدہ آزمایا ہے واقعی ہی ایسا ہورہا ہے۔ اللہ تعالیٰ گواہ ہے کہ میں نے کبھی دل سے کسی کو بُرا نہیں کہا اور نہ ہی کسی کیلئے بددعا کی ہے۔ میں ہمیشہ سب کو معاف کرتی ہوں کہ اللہ پاک سب پر کرم کرے اور خدا کسی کو کسی کا محتاج نہ کرے۔ آمین! (ف، لاہور)

## ناراض شوہر خود ہی لینے آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت زیادہ پریشان تھی' میرے سسرال میں کچھ اپنوں کی چالاکیوں اور نالائقیوں کی وجہ سے میرے شوہر نے مجھے روز روز کے لڑائی جھگڑوں سے تنگ آکر گھر سے نکال دیا تھا' میں نے تین مہینے روتے تڑپتے گزارے' میری والدہ کے گھر میری میں میری بھابی عبقری رسالہ پڑھتی ہیں' جب میں اپنی ماں گھر کے آئی تو یہاں مجھے عبقری ملا' میں نے پڑھنا شروع کردیا۔ رسالے سے مجھے موتی مسجد کے بارے میں معلوم ہوا' میں خود تو موتی مسجد نہ جاسکتی تھی موتی مسجد کی نیت کرکے گھر میں ہی بتائے گئے نوافل پڑھنا شروع کردیئے۔ میں روزانہ ایک مخصوص وقت پر یہ نوافل پڑھ کر اللہ رب العزت سے خوب دعائیں مانگتی تھی۔ ابھی یہ عمل کرتے ہوئے مجھے دس دن ہی گزرے تھے کہ میرے شوہر خود ہی مجھے لینے آگئے اور میرے والدین سے پہلے اپنے کیے پر معافی مانگی اور آئندہ کبھی تشدد نہ کرنے کا وعدہ کیا اور مجھے باعزت طریقے سے واپس اپنے گھر لے گئے۔ میرے شوہر نے مجھے بعد میں بتایا کہ نامعلوم مجھے کیا ہوگیا تھا؟ میرا دماغ میرے بس میں نہیں تھا' گزشتہ تین ماہ میں ایک مرتبہ بھی میرا دل نہیں چاہا کہ تم کو جاکر لے آؤں' مگر ایک ہفتہ ہوگیا ہے کہ میرا پل پل بے چینی میں گزر رہا تھا' بس میرا دل کررہا تھا کہ اڑ کر تمہارے پاس پہنچ جاؤں۔ نہ جانے کیسی طاقت تھی کہ مجھے تمہاری طرف کھینچ رہی تھی' میرا جسم بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا' مجھے ایسے لگ رہا ہے کہ جیسے میرے سر سے بہت بڑا بوجھ اتر گیا ہو۔ الحمدللہ! دو ماہ سے زیادہ عرصہ ہوگیا ہے میں اپنے گھر میں خوش و مطمئن ہوں۔ محترم حضرت حکیم صاحب میری یہ تحریر ماہنامہ عبقری میں ضرور شائع کروایئے گا اور براہ مہربانی میرا نام شائع مت کیجئے گا۔ (پوشیدہ)

## اللہ نے معذور بچہ صحت مند پیدا کرکے دکھا دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری سے ہمارا تعارف اس طرح ہوا کہ ایک آنٹی ہمارے گھر آتی تھیں وہ پہلی مرتبہ عبقری ہمارے گھر لائیں اور اس کی خوب تعریفیں کیں' ہم نے مذاق میں کہا آنٹی کیا آپ کو اس کے پھیلانے کا کمیشن تو نہیں ملتا تو کہنے لگیں: ہاں! جو بھی عبقری پھیلاتا ہے اس کو اللہ بہت دیتا ہے' ہم ان کی بات سن کر حیران ہوئیں' خیر ہم نے ان سے لے کر پڑھنا شروع کردیا' واقعی جو ہم سمجھ رہے تھے یہ ویسا میگزین نہ تھا' اس میں تو بہت راز چھپے ہوئے تھے۔ بس وہ دن اور آج کا دن ہمارے گھر عبقری ہر ماہ آتا ہے۔ اس میں موجود وظائف نے ہمارے بہت بڑے بڑے مسائل چٹکیوں میں حل کردیئے۔ اب میں اس بات کی طرف آتی ہوں جس کی وجہ سے میں نے قلم اٹھایا۔ میری بھابی امید سے تھیں تو ان کے چیک اپ کے بعد ڈاکٹرز نے کہا کہ آپ کا بچہ معذور ہے یہ یا تو پیدا ہوتے ہی مرجائے گا یا عمر بھر مفلوج رہے گا۔ جب ہم نے یہ سنا تو ہم بہت زیادہ پریشان ہوئے۔ میری والدہ مجھے لے کر موتی مسجد گئیں' ہم نے وہاں نوافل ادا کیے۔ وہاں جاکر خوب دعائیں مانگیں اور خاص طور پر بھائی کے دنیا میں آنے والے بچے کیلئے دعائیں کیں۔ جب ہم گھر واپس آگئے تو اسی رات میں نے خواب دیکھا کہ دو آدمی ہیں جنہوں نے مجھے ایک بچی دی اور بولے کہ یہ بچی تمہارے بھائی کی ہے۔ امی کو بتایا تو امی نے کہا کہ ان شاء اللہ ڈاکٹر جو مرضی کہیں سب کچھ ٹھیک ہی ہوگا۔ کچھ دنوں کے بعد اللہ نے میری بھابی کو چاند سی بیٹی عطا فرمائی جو کہ الحمدللہ بالکل صحت مند اور انتہائی خوبصورت ہے۔ (ا۔ق)

### (بقیہ: بارگاہ نبوتؐ میں مقام پاکستان اور پاک فوج)

کوئی پاکستان سے تعلق رکھتا ہے؟'' اس مرتبہ میجر عباسی شہید کے والد نے کہا کہ ''میں پاکستان سے ہوں'' خادم مسجد نبوی ﷺ نے ان سے پوچھا پاکستانی فوج کے میجر ضیاالدین عباسی شہید کا نام آپ نے سنا ہے، شہید کے والد کو حیرت ہوئی مگر انہوں نے خادم کو بتایا کہ میں ہی میجر ضیا الدین عباسی شہید کا والد ہوں۔ یہ سنتے ہی خادم کا ''چہرہ'' خوشی سے کھل کھلا اٹھا، انہوں نے مسرت سے لبریز ہوکر آگے بڑھ کر بوڑھے شخص کو گلے لگالیا، خادم بوڑھے شخص کا ماتھا چومتے ہوئے کہنے لگے! آپ یہیں رکیں، میں کچھ دیر بعد آتا ہوں'' میجر عباسی شہید کے والد محترم پھر وہاں بیٹھ گئے، کچھ دیر بعد وہ خادم خاص واپس آئے وہ انہیں اپنے گھر لے گئے، خادم خاص میجر عباسی کے والد کا احترام ایسے کررہے تھے جیسے لوگ اپنے پیر و مرشد کی عزت و اکرام کرتے ہیں، خادم خاص نے اپنے اہل و عیال کے ساتھ انہیں کھانا کھلایا، سب گھر والے اس عمر رسیدہ شخص کے ساتھ بڑے احترام سے پیش آرہے تھے۔ یہ سب کچھ دیکھ کر میجر عباسی کے والد بڑے حیران تھے اور سوچ رہے تھے کہ یاالٰہی! یہ ماجرا کیا ہے؟ کیونکہ میں تو ان صاحب (خادم خاص) کو جانتا تک نہیں ہوں بلکہ میں تو زندگی میں پہلی بار سرزمین حجاز پر آیا ہوں، ابھی سوچوں کا یہ سفر جاری تھا کہ خادم خاص مسجد نبوی ﷺ نے پھر سے بزرگ شخص کے ہاتھوں کے بوسے لینے شروع کردیئے۔ جب خادم نے دیکھا تو میجر عباسی شہید کے والد کے چہرے پر ایک حیرت ہے تو انہوں نے حیرانگی دور کرتے ہوئے کہا ''جب پاکستان اور ہندوستان کی جنگ ہورہی تھی تو گیارہ ستمبر کی رات میں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ وہ اپنے جلیل القدر صحابہؓ کے ساتھ تشریف فرما ہیں، کچھ لمحوں بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہاتھوں میں ایک لاشہ اٹھائے وہاں تشریف لاتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے فرمایا میجر شہید عباسی اس طرح بہادری کے ساتھ کفار کے خلاف جنگ لڑے ہیں جس طرح آپ میرے ساتھ غزوات میں کفار کے خلاف لڑتے رہے ہیں، پھر اس کے بعد رسول اکرم ﷺ سمیت سب نے میجر عباسی شہید کی نماز جنازہ پڑھی اور رسول اللہ ﷺ کے حکم پر انہیں جنت البقیع میں دفن کیا گیا'' میں یہ واقعہ صرف اس لئے لکھ رہا ہوں کہ یہ مجھ پر فرض ہے کہ میں ارض پاک کے لئے لکھوں، اس وطن پر قربان ہونے والوں کے لئے لکھوں۔

### (بقیہ: بیٹا یہ حرام کا کمال ہے!)

میں ڈر گیا، میں نے شیخ سے پوچھا میں اگر حرام کے اِن بُرے اثرات سے بچنا چاہوں تو مجھے کیا کرنا پڑے گا، وہ بولے، روزہ رکھو اور خاموشی اختیار کرو، یہ دونوں تمہیں اندر سے پاک کردیں گے۔ اُنہوں نے سر ہلایا اور بولے میں نے چالیس سال کی 'تپسیا' کے بعد جو سیکھا وہ میں تمہیں بتادیتا ہوں۔ **''یہ کائنات ایک صندوق ہے اِس صندوق پر اسرار کا موٹا تالا پڑا ہے، یہ تالا اسم اعظم سے کھلتا ہے اور وہ اسم اعظم ہے حلال''** آپ زندگی میں حلال بڑھاتے جاؤ کائنات کا صندوق کھلتا چلا جائے گا، اور حرام کی پہچان کیا ہے، میں نے عرض کیا شیخ نے فرمایا! دنیا کی ہر وہ چیز جسے دیکھنے، سننے، چکھنے اور چھونے کے بعد آپ کے دل میں لالچ پیدا ہوجائے وہ حرام ہے، آپ اِس حرام سے بچو، یہ آپ کے وجود کو قبرستان بنادے گا، یہ آپ کو اندر سے اُجاڑ دے گا، یہ آپ کو دیمک کی طرح کھوکھلا کردے گا۔

خالص شہد اور ایک آسان وظیفہ سے تمام جلدی مسائل اور چہرے کے موجود بال ختم۔ یہ تمام راز جاننے کیلئے ''عبقری جنوری 2018ء خاص نمبر پڑھنا کسی صورت نہ بھولیے گا''

آخری قسط

# بہنوں بیٹیوں کے رشتوں کی پریشانی درود شریف سے ختم

میں اپنے بہن بھائیوں میں سب سے بڑا ہوں اور اس وقت میڈیکل کا طالب علم ہوں' میرے بعد میری دو بہنیں ہیں میں نے اپنے والدین سے درخواست کی کہ میں اپنی بہنوں کی شادیاں کرنا چاہتا ہوں لہٰذا ان کیلئے مناسب رشتے دیکھ کر شادی کردیں۔

## سیدنا کریم ﷺ سے مسائل ایسے حل ہوتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس سے دعا ہے کہ آپ ہمیشہ خیر وعافیت سے رہیں' اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس آپ کو لمبی عمر اور صحت وتندرستی والی اور اپنی نعمتوں سے مالامال زندگی عطا فرمائے۔

میں اپنے بہن بھائیوں میں سب سے بڑا ہوں اور اس وقت میڈیکل کا طالب علم ہوں' میرے بعد میری دو بہنیں ہیں میں نے اپنے والدین سے درخواست کی کہ میں اپنی بہنوں کی شادیاں کرنا چاہتا ہوں لہٰذا ان کیلئے مناسب رشتے دیکھ کر شادی کردیں۔ جب یہ کام شروع کیا تو خاندان والوں نے ذرا سا بھی ساتھ نہ دیا۔ جن کے ہاں رشتے ہوسکتے تھے ان سے بات کی تو ان کا جواب تھا کہ ہمارے بچے ابھی پڑھ رہے ہیں یا ابھی ہم نے بچوں کی شادیوں کے بارے میں سوچا بھی نہیں۔ ایسے حالات میں میرے والدین اور میں خود بہت زیادہ پریشان تھا تو اس صورت حال میں مجھے سہارا آپ کے ایک درس سے ملا' اس درس میں آپ نے ایک چھوٹے سے درود شریف ''سیدنا کریم ﷺ'' کی فضیلت پر بات کی تھی' پہلے تو میں نے خود یہ درود شریف پڑھنا شروع کیا' اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم چند دن بعد ہی ایک بہن کا رشتہ بہت ہی اچھی جگہ ہوگیا' الحمدللہ بہت ایمان والے لوگ ملے' لڑکا عالم' حافظ اور شعبہ تعلیم میں ہی پروفیسر نکلا۔ یہ سب درود شریف پڑھنے کی برکت سے معجزانہ طور پر ایسے ہوا کہ ہم سب حیران ہی ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ نے چھوٹے سے درود شریف کی کثرت سے ہماری بہت بڑی پریشانی کم کردی تھی' اب مسئلہ یہ پیدا ہوگیا تھا کہ میری بڑی بہن کی جگہ میری چھوٹی بہن کا رشتہ طے ہوچکا تھا جبکہ بڑی بہن کیلئے ابھی ہم دیکھ رہے تھے' اس موقع پر برادری والوں سے طرح طرح کی باتیں سننے کو ملنا شروع ہوگئیں کہ ''نامعلوم بڑی کا کیوں نہیں کررہے؟ یا بڑی کا ہوتا نہیں تو چھوٹی کردیا یا پتہ نہیں چھوٹی کا رشتہ کرنے میں اتنی جلدی کیوں؟ ایسی باتوں سے ہمارا بھی دل دکھتا تھا مگر کچھ کر نہ سکا' اسی نازک موقع پر میری والدہ لوگوں کی باتیں سن سن کر بیمار ہوگئیں حتیٰ کہ ایک وقت آیا کہ وہ چل پھر بھی نہ سکتی تھیں۔ ایک ماہ بستر پر رہیں' ڈاکٹر نے آرام کرنے کا مشورہ دیا' میں نے والدہ محترمہ کو کہا کہ ماں جی آپ لیٹے لیٹے ہروقت درود شریف ''سیدنا کریم ﷺ'' پڑھتی رہا کریں اور ساتھ یہ بھی کہا کہ پوری امت مسلمہ اور اپنے بچوں کے مسائل حل کروانے کیلئے یہ درود شریف بہت تیر بہدف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کرم کیا ایک ماہ بستر پر لیٹے رہنے کے بعد جب ماں جی نے اس درود کا ورد شروع کیا تو ان کے دل کو سکون ملا' طبیعت دن بدن بہتر ہونا شروع ہوئی اور اب ماشاء اللہ بالکل ٹھیک ہیں اور ہاں ایک اور بات اس درود شریف کی برکت سے الحمدللہ میری دوسری بہن کا رشتہ بھی بہت ہی اچھی جگہ ہوچکا ہے۔ (ح۔م۔ت)

## گولیوں کی بوچھاڑ میں درود شریف کی ڈھال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری قارئین کیلئے ایک حقیقی واقعہ لکھ رہا ہوں۔ 17 جون 2010 کا واقعہ ہے کہ میں ایک ماربل کی فیکٹری میں کام کرتا تھا۔ اچھا خاصا کام چل رہا تھا' جب ایک ذات بچاتی ہے تو اس طرح سے بچاتی ہے' روزانہ کا معمول تھا کہ جب بھی کھانے کا وقت ہوتا تھا فیکٹری کا مالک اپنے گھر سے کھانا لاتا اور تمام ورکر مل بیٹھ کر کھاتے تھے۔ اس دن بھی حسب معمول ہمارے فیکٹری مالک اپنے گھر سے دوپہر کا کھانا لینے گئے اور لیکر آگئے' جب تمام بیٹھ کر کھانے لگے تو مالک نے مجھے بھی کہا کہ آپ آج کیوں نہیں کھارہے؟ میں نے کہا نامعلوم کیوں میرا دل کررہا ہے کہ آج کھانا گھر جاکر کھاتا ہوں' جب سب نے کھانا کھالیا تو مالک نے مجھے کہا کہ آپ جاؤ کھانا کھا کر آجاؤ' میں اٹھا اور گھر پہنچا ہی تھا کہ کال آئی کہ فیکٹری پر حملہ ہوگیا اور فیکٹری مالک اور مالک کا بھائی شدید زخمی ہوگیا ہے' میں نے کھانا چھوڑا اور جلدی سے ہسپتال پہنچا جس وقت میں پہنچا اس وقت ان کو ایمبولینس میں ڈال کر سول ہسپتال لے جایا جارہا تھا۔ ہمارے فیکٹری مالک کو نو گولیاں لگیں اور اس کے بھائی کو چار گولیاں لگیں۔ مگر اللہ تعالیٰ نے مجھے بچالیا۔ اگر میں فیکٹری میں ہوتا تو ان کے ساتھ ہی دفتر میں بیٹھا تیسرا شخص میں ہی ہوتا اور مجھے بھی ضرور گولیاں لگتیں۔ میں نے اپنے روزمرہ معمولات پر جب نظر ڈالی تو پتہ چلا صرف ایک عمل ہے جس نے میری زندگی بچائی۔ میری عادت ہے میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں درود شریف پڑھتا اور جب تک گھر والے میرے لفظوں کا جواب نہیں دیتے تب تک میں گھر سے نہیں نکلتا' وہ لفظ کیا ہیں ''اللہ حافظ'' جواب میں گھر والی بھی کہتی ہیں ''اللہ حافظ'' اور ساتھ درود شریف۔ بس ایک یقین سا بن چکا ہے' اب تو میں نے گھر سے نکلنے کی دعا بھی یاد کرلی ہے اور سارا راستہ درود شریف پڑھتا ہوں۔ جو گھر سے نکلنے سے پہلے کچھ نہیں پڑھتے وہ ایک چھوٹا سا درود شریف اور صرف ''اللہ حافظ'' ہی کہہ دیا کریں دیکھیں اللہ کیسے کرم کرتا ہے۔ (خالد حسین' محراب پور)

## گلٹی' رسولی اور پھوڑے پھنسی کا مجرب عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ کے گزشتہ دو سال سے قاری ہیں' ماشاء اللہ ایسا شاندار میگزین اس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔ ہماری باجی کے پاس گلٹی' رسولی اور پھوڑے پھنسی کیلئے ایک مجرب عمل ہے۔ انہوں نے ہمیں یہ سینے کا راز صرف اسی لیے بتایا کہ ہم اس کو عبقری شمارے میں شائع کروائیں۔ انہوں نے سب عبقری قارئین کو اس کے پڑھنے کی اجازت دی ہے۔ عمل یہ ہے: جسم میں گلٹی' رسولی یا پھوڑے پھنسیاں نکل آئیں تو سورۂ الرعد گیارہ بار اول وآخر درود شریف پڑھ کر دم کرنے سے گلٹی' پھنسی' رسولی' پھوڑے ختم ہوجاتے ہیں۔ یہ عمل کم از کم گیارہ دن کرنا ہے۔ پانی پر بھی دم کرکے پئیں۔ روزانہ صرف ایک مرتبہ' گیارہ دن تک' ان شاء اللہ مکمل شفاء ہوگی۔ (عدنان صدیق' نیوملتان)

صرف دو لفظ پڑھیں اور کھانا ایسا بنے کے ہر کوئی انگلیاں تک چاٹ جائے' وہ لفظ جاننے کیلئے جنوری 2018ء کا خواتین خاص نمبر ضرور پڑھیں! [redacted]

## ہمارے مہینے

| اسلامی | انگریزی | دیسی | ہندی |
|---|---|---|---|
| محرم الحرام | جنوری | عاشورہ | چیت |
| صفرالمظفر | فروری | تیراتیزاں | بیساکھ |
| ربیع الاول | مارچ | بارہ وفاتاں | جیٹھ |
| ربیع الثانی | اپریل | عرس والا | ہاڑ |
| جمادی الاول | مئی | خالی | ساون |
| جمادی الثانی | جون | بیاخالی | بھادوں |
| رجب المرجب | جولائی | معراج | اسوج |
| شعبان المعظم | اگست | شعبان | کاتک |
| رمضان المبارک | ستمبر | رمضان | مگھر |
| شوال | اکتوبر | عیدوالہ | پوہ |
| ذی قعدہ | نومبر | خالی | ماگھ |
| ذوالحجہ | دسمبر | بقرعید | پھاگن |

## ڈیپریشن پیکیج

بے خوابی ڈیپریشن اور ٹینشن کا آخری علاج

موٹاپے اور بڑھتے ہوئے پیٹ میں نہایت آزمودہ

نیند کی گولیوں کا آخری آزمودہ حل

ہائی بلڈ پریشر کی ادویات سے چھٹکارا

گھر بھر کے تمام افراد کیلئے ''ڈیپریشن پیکیج'' ایک مکمل فٹنس پروگرام

معاشرے کے چست چاق و چوبند اور طاقتور افراد بننے کیلئے ابھی استعمال کریں

بے سکون افراد کیلئے ماں کی گود کی طرح پرسکون

چڑچڑی نازک اور غیر مستقل مزاج غصے سے بھری خواتین کیلئے شاندار پیکیج

قیمت: 490 روپے علاوہ ڈاک خرچ

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا

## معدہ کا السر (کورس)

معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج

معدہ کے تمام امراض اور علاج صرف معدہ کا السر کورس

معدہ میں درد ہو معدہ کا کینسر ہو تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں

معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنایئے

بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں

(قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

## طب نبوی حسن و جمال کریم

مایوس مرد و خواتین کیلئے قدرت کا انمول تحفہ

انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے

چہرے کا حسن دوبالا کرے داغ دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ۔

چہرے کے تمام امراض کو دور کر کے آپ کے چہرے کو تر و تازہ دلکش اور روشن بناتی ہے۔ اور آپ کا چہرہ گلاب کی پنکھڑیوں کی طرح کھل اٹھتا ہے۔

طرح طرح کی مرہمیں کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ

(قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

آسمان کی رونق ستاروں سے ہے اور چہرے کی رونق خوبصورت دانتوں سے

## سچا منجن

دانتوں کا پیلا پن ہمیشہ کیلئے ختم

قیمت: 70 روپے علاوہ ڈاک خرچ

مسوڑھوں سے خون آنا بند دانت صاف اور مضبوط دانتوں میں صحت کی نئی لہر دوڑا دیتا ہے۔

دانتوں کو مضبوط اور دانتوں کو قدرتی چمک بخشے۔

مسوڑھے پھول جائیں یا ٹھنڈا گرم لگے صرف چند مرتبہ کے استعمال سے یقینی سچی شفاء حمل کے بعد دانتوں کی کمزوری کا سچا موثر حل

ڈاڑھ کا درد جتنا ہو تھوڑا سا ''سچا منجن'' لگائیں درد فوراً ختم

## طب نبوی ہیئر آئل

بالوں کی ہر بیماری کا آزمودہ علاج

قیمت: -/300 روپے علاوہ ڈاک خرچ

چھوٹے بال، خشکی، سکری سے پریشان اب دل چھوٹا نہ کریں۔ یہ تیل صرف مایوس اور ناامید لوگوں کیلئے سر کی خشکی کیلئے قبل از وقت بال سفید ہونے کیلئے بال دوشاخے اور ٹوٹ رہے ہوں سر میں مسلسل درد اور ٹینشن کی وجہ سے پریشانی بال اتنے جھڑیں کہ سر گنجا ہو گیا ہو۔ سر چکرانے وغیرہ کیلئے بہت مفید ہے۔ نگاہ تیز ہوتی ہے۔ طبیعت پرسکون ہو اور راحت ہوتی ہے۔ اگر اس کا مسلسل استعمال کیا جائے تو فالج، برین ہمریج اور ٹینشن سے مکمل نجات ہوتی ہے۔ حافظہ لاجواب بھول جانے کا مرض ختم بچوں کو اگر سر پر مسلسل لگایا جائے تو بچوں کی نگاہ طاقتور اور بال ملائم اور بہترین ہوتے ہیں۔ بھولنے کی عادت ختم ہوتی ہے۔

صنعت کار، تاجر، دفتری کام کرنے والے، دماغی یا جسمانی محنت کرنے والے، گھریلو خواتین اور طالب علم سب کیلئے یہ اعلیٰ درجے کی طاقت اور پل بھر میں فریش کرنے والی انوکھی دوا۔

## ستر شفائیں

ستر سے زائد علاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء

فوڈ الرجی، قے، حاملہ کی شدید ترین قے صرف ایک خوراک سے ختم

جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق

دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب ہے کہ بڑے بڑے سرجن حیران رہ گئے

ڈھیروں لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا آخری بارہا کا آزمودہ علاج

ذہنی پریشانی اور خاص طاقت سے محروم مرد یا جوان یہ دوائی اعتماد اور بھروسے سے استعمال کریں

طرح طرح کے امراض میں مبتلا بس ایک خوراک منہ میں ڈالیں اور صحت کی کرن دیکھیں معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)




عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

# دردی ہربل بام

**خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت' کئی ہفتے چلے**

**ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے' چلنے پھرنے کے قابل بنائے اور بالکل تندرست کردے**

